کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ
ABC CERTIFIED
Daily MASHRIQ QUETTA
اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)
روزنامہ مشرق کوئٹہ
چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد
جلد 54 | ہفتہ 23 جمادی الاول 1447ھ 15 نومبر 2025ء صفحات 08 | شمارہ 131
رجسٹرڈ BC-m-15 | Email. mashriqqta2006@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 35 روپے

18 سال سے کم عمری کی شادی پر مرد کو 3 سال قید با مشقت ہوگی

اپوزیشن کے شدید احتجاج میں صوبائی اسمبلی نے قانون منظور کرلیا

پارلیمانی سیکرٹری حاجی ولی محمد نورزئی نے بچوں کی کم عمری میں شادی کی ممانعت مسودہ قانون پیش کیا، بل پیش کرنے اور منظوری کے دوران ایوان میں خوب گرما گرمی اپوزیشن کا ہنگامہ اور شور شرابا

کم عمری کی شادی کرانے، ترویج اور حوصلہ افزائی کرنے والے کو بھی سزا ملے گی، نکاح خواں، نکاح رجسٹرار اور یونین کونسل کا سیکرٹری دونوں فریقین کے کمپیوٹرائز شناختی کارڈ رکھنے کے پابند ہوں گے، متن

بل قرآن وسنت کے منافی ہے، غیر سرکاری تنظیم کو خوش کرنے کے لئے لایا جارہا ہے، یونس زہری، اپوزیشن کی جانب سے اسپیکر کے ڈائس کا گھیراؤ بل کی کاپیاں پھاڑ کر ہوا میں اچھال دیں

قانون سازی کرنا حکومت کا آئینی حق ہے صوبائی حکومت نے وہی حق استعمال کیا، اکثریت نے اپنی رائے کا اظہار کرتے ہوئے بل کے حق میں ووٹ دیا جو جمہوری عمل کی مضبوطی کی علامت ہے، وزیراعلیٰ

کوئٹہ (سٹی رپورٹر + این این آئی) بلوچستان میں کم عمری کی شادی کی ممانعت سے متعلق بل اپوزیشن اراکین کے بھرپور احتجاج کے دوران صوبائی اسمبلی میں منظور کرلیا گیا، بل پیش کرنے اور منظوری کے دوران ایوان میں خوب گرما گرمی دیکھی گئی، اپوزیشن ارکان کی جانب سے خوب ہنگامہ اور شور شرابا کیا گیا، اس دوران اسپیکر کے ڈائس کا گھیراؤ کیا گیا اور بل کی کاپیاں بھی پھاڑ دی گئیں۔ اسپیکر اسمبلی عبدالخالق اچکزئی کی زیر صدارت بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں کم عمری کی شادی کی ممانعت کے حوالے سے مسودہ قانون پیش کیا گیا جس پر اظہار خیال...... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے صوبائی اسمبلی اجلاس کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ قانون سازی کرنا حکومت کا آئینی حق ہے اور صوبائی حکومت نے آج وہی حق استعمال کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیش کردہ بل پر اسمبلی کی اکثریت نے اپنی رائے کا اظہار کرتے ہوئے بل کے حق میں ووٹ دیا، جو جمہوری عمل کی مضبوطی کی علامت ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ احتجاج اپوزیشن کا جمہوری حق ہے اور حکومت نہ صرف اس حق کا احترام کرتی ہے بلکہ بات چیت اور مکالمے کے دروازے ہمیشہ کھلے رکھتی ہے انہوں نے کہا کہ...... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

وفاقی شرعی عدالت کا آئینی عدالت کو اپنی بلڈنگ دینے سے انکار

صدر مملکت آصف علی زرداری وفاقی آئینی عدالت کے پہلے چیف جسٹس جسٹس امین الدین خان سے حلف لے رہے ہیں

لیویز کے انضمام سے امن وامان میں بہتری آئیگی، میر سرفراز بگٹی

پولیس میں لیویز کی منتقلی کا عمل مرحلہ وار اور مربوط حکمت عملی کے تحت مکمل کیا جائے گا، اداروں کی فعالیت میں اضافہ ہوگا

بلوچستان میں پائیدار قیام امن کیلئے حکومتی اقدامات کو موثر اور جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جارہا ہے، اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت لیویز فورس کے پولیس میں انضمام سے متعلق انتظامی و تکنیکی امور پر ایک اہم جائزہ اجلاس جمعہ کو یہاں چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں ہوا جس میں چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ حمزہ شفقات آئی جی پولیس محمد طاہر خان ڈی جی لیویز عبدالغفار مگسی سمیت لیویز فورس کے رسالدار میجر اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی...... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

اپوزیشن اتحاد کے رہنما محمود خان اچکزئی و دیگر شرکاء کا اجلاس کے بعد گروپ فوٹو

وفاقی آئینی عدالت کے چیف جسٹس امین الدین خان اور 3 ججز نے حلف اٹھالیا

چیف جسٹس سے صدر آصف زرداری نے حلف لیا تقریب میں وزیراعظم شہباز شریف، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر بھی شریک

حلف اٹھانے والوں میں جسٹس حسن اظہر رضوی، جسٹس علی باقر نجفی اور جسٹس عامر فاروق شامل، چھ ججز کی تعیناتی کا نوٹیفکیشن

جسٹس کریم خان، جسٹس روزی خان، جسٹس علی باقر اور جسٹس ارشد حسین بھی وفاقی آئینی عدالت کا حصہ ہوں گے

اسلام آباد (شاکر رحمان) وفاقی آئینی عدالت کے ججوں کی تقرری کے پہلے مرحلے میں تین ججز نے حلف اٹھالیا۔ حلف لینے والے ججز میں جسٹس حسن اظہر رضوی، جسٹس باقر نجفی اور جسٹس عامر فاروق شامل ہیں۔ وفاقی وزارت قانون و انصاف نے وفاقی آئینی...... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اسمبلی اجلاس میں اظہار خیال کررہے ہیں

افغانستان میں لوگوں نے پاکستان کے خلاف دہشتگردی کو جائز قرار دینے کے فتوے دیئے وانا اور اسلام آباد حملوں کی ذمہ دار طالبان حکومت ہے

دہشتگردی کے خاتمے تک افغانستان سے تجارت بند رہے گی، پاکستان

ٹی ٹی پی اور بی ایل اے سے مذاکرات نہیں ہوسکتے

افغان طالبان کی حکومت آنے کے بعد سے پاکستان میں دہشت گردی میں اضافہ ہوا ہے، دہشت گردوں کی پشت پناہی کرنے والوں کے لیے کوئی نرم گوشہ نہیں ہونا چاہیے

طالبان نے پاکستان میں پشتون نیشنلزم کو ہوا دینے کی کوشش کی، افغان طالبان نے دہشت گردی کو پاکستان کا مسئلہ قرار دیا، افغانستان سے زیادہ پشتون پاکستان میں آباد ہیں

پاکستان نے کبھی بات چیت سے گریز نہیں کیا توقع تھی کہ افغان طالبان دہشت گردی پر قابو پالیں گے مگر طالبان کے دعوے اور وعدے صرف زبانی کلامی حد تک محدود رہے

صدر ٹرمپ کے ایٹمی تجربات کے بیان پر بھارتی پروپیگنڈا غلط اور بے بنیاد ہے، پاکستان نے 28 مئی 1999 کو آخری مرتبہ ایٹمی تجربہ کیا تھا، ترجمان دفتر خارجہ کی ہفتہ وار بریفنگ

اسلام آباد (زاہد احمد خان) دفتر خارجہ کے ترجمان طاہر حسین اندرابی نے واضح کیا ہے کہ پاکستان نے کبھی کابل میں کسی بھی حکومت سے بات چیت سے گریز نہیں کیا، لیکن کسی دہشت گرد گروہ سے مذاکرات نہیں کرے گا، افغان طالبان کی حکومت آنے کے بعد...... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

27 ویں آئینی ترمیم ریاست کے بنیادی ستونوں پر وار ہے، اپوزیشن اتحاد

عدلیہ کو انتظامیہ کے ماتحت کرکے آئین کا بنیادی ڈھانچہ تباہ کیا گیا، شخصی بنیاد پر آئین میں ترامیم کی گئیں، جسے مسترد کرتے ہیں

تحریک سینئر جسٹس منصور علی شاہ اور جسٹس اطہر من اللہ کے استعفوں کو آئین پر ڈکیتی کے سامنے مزاحمت سے تعبیر کرتی ہے

پیر ارکان قومی اسمبلی وسینیٹ، قومی اسمبلی سے سپریم کورٹ تک واک کریں گے، جمعہ کو ملک بھر میں یوم سیاہ منایا جائیگا، اعلامیہ

اسلام آباد (آن لائن) تحریک تحفظ آئین پاکستان کا غیر آئینی 27 ویں ترمیم کے بعد ہنگامی سربراہی اجلاس زیر قیادت محمود خان اچکزئی سربراہ تحریک تحفظ آئین پاکستان اسلام آباد میں ہوا۔ جس میں اسد قیصر سیکرٹری جنرل، علامہ راجہ ناصر عباس سربراہ مجلس وحدت...... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

چیف آف جنرل سٹاف عامر رضا کی سعودی ہم منصب سے ملاقات

فریقین کا پاک سعودی عرب دیرینہ برادرانہ تعلقات کو مزید مضبوط کرنے کے عزم

راولپنڈی (زاہد احمد خان) چیف آف جنرل سٹاف لیفٹیننٹ جنرل عامر رضا کی سعودی چیف آف جنرل سٹاف جنرل فیاض بن حامد الرویلی سے ملاقات ہوئی...... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان نے سمندر میں تیل وگیس کی تلاش شروع کردی

23 نئے آف شور بلاکس 3 سال کیلئے عبوری طور پر الاٹ

مجموعی طور پر تقریباً 8 کروڑ ڈالر کی سرمایہ کاری کا تخمینہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) حکومت نے ماڑی انرجیز کی زیر قیادت سرکاری شعبے کی 3 آئل و گیس کمپنیوں کو سمندر میں تیل و گیس کی کھوج کیلئے 23 نئے آف شور بلاکس 3 سال کیلئے عبوری طور پر الاٹ کردیئے ہیں، جن پر مجموعی طور پر تقریباً 8 کروڑ ڈالر کی سرمایہ کاری کا تخمینہ ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ماڑی انرجیز، جو فوجی فاؤنڈیشن...... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

عدالت عظمیٰ کا فل کورٹ اجلاس 19 میں سے 17 ججز کی شرکت، 27 ویں ترمیم پر کوئی بحث نہ ہوئی

ترامیم کمیٹی نے قانونی پیچیدگیوں کو دور کرنے کیلئے تجاویز مرتب کیں، محمد منیر پراچہ کو ایڈووکیٹ سپریم کورٹ کا درجہ دے دیا گیا

جسٹس منیب اختر اور جسٹس عائشہ ملک نے شرکت نہیں کی، دو ججز کے استعفوں اور 3 تین کی آئینی عدالت منتقلی، تعداد 19 رہ گئی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چیف جسٹس پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی کی زیر صدارت سپریم کورٹ کا فل کورٹ اجلاس ہوا جس میں سپریم کورٹ رولز 2025 میں ترمیم کی حتمی طور پر منظوری دے دی گئی۔ اجلاس کا اعلامیہ جاری کردیا گیا جس کے مطابق ترامیم کمیٹی کی سفارشات کی روشنی میں کی گئیں۔ یہ کمیٹی...... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

اردن کے شاہ عبداللہ دوئم آج پاکستان کا سرکاری دورہ کریں گے

دورے کے دوران صدر مملکت اور وزیراعظم سے اہم ملاقاتیں کریں گے

شاہ عبداللہ کا دورہ پاکستان اور اردن کے دیرینہ تعلقات کو مزید مستحکم کرے گا

اسلام آباد (شاکر رحمان) وزیراعظم محمد شہباز شریف کی دعوت پر اردن کے شاہ عبداللہ دوئم ابن الحسین 15 اور 16 نومبر کو پاکستان کا سرکاری دورہ کریں گے...... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

صدر مملکت نے جسٹس منصور علی شاہ اور جسٹس اطہر من اللہ کے استعفے منظور کرلیے

ججز نے استعفیٰ دینے سے قبل گزشتہ شب ساتھی ججز سے ان کے چیمبرز میں جاکر الوداعی ملاقاتیں بھی کیں

ساتھی ججز آخری وقت تک استعفیٰ نہ دینے کیلئے قائل کرنے کی کوشش کرتے رہے، دونوں ججز اپنے فیصلے پر قائم رہے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) صدر مملکت آصف علی زرداری نے سپریم کورٹ کے جسٹس منصور علی شاہ اور جسٹس اطہر من اللہ کے استعفے منظور کر لیے۔ گزشتہ روز 27 ویں ترمیم کے معاملے پر جسٹس منصور علی شاہ اور جسٹس اطہر من اللہ نے سپریم کورٹ...... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر



27 ویں ترمیم: اسلام آباد ہائیکورٹ کے 2 ججز کا ممکنہ رخصتی کا عندیہ

ممکنہ تبادلوں سے متعلق بڑھتی ہوئی چہ مگوئیاں، عدلیہ کے کچھ حلقوں میں تشویش

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسلام آباد ہائی کورٹ کے کم از کم 2 ججوں نے عندیہ دیا ہے کہ وہ اگلے ماہ دارالحکومت میں کیسز نہیں سن سکیں گے، یہ بات 27 ویں آئینی...... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

روسی طالب علم اسلام آباد سے پشاور جاتے ہوئے لاپتا

پشاور ہائی کورٹ نے وفاقی اور صوبائی حکومت کو نوٹسز جاری کردیے

پشاور (بیورو رپورٹ) پشاور ہائی کورٹ نے روس سے آئے طالب علم کے لاپتا ہونے پر وفاقی اور صوبائی حکومت سے جواب طلب کرلیا۔ رپورٹ کے مطابق...... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

تحریک تحفظ آئین پاکستان کے اجلاس کی اندرونی کہانی سامنے آگئی

خیبر پختونخوا امن جرگہ کے اعلامیے کی مکمل حمایت، مستعفی ہونے والے ججز کو خراج تحسین

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) اپوزیشن اتحاد تحریک تحفظ آئین پاکستان کے اجلاس کی اندرونی کہانی سامنے آگئی۔ ذرائع کے مطابق تحریک تحفظ آئین پاکستان کے ارکان...... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

سابق اٹارنی جنرل سردار محمد خان کے قاتل کو 2 بار سزائے موت کا حکم

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سابق اٹارنی جنرل سردار محمد خان کے قاتل کو 2 بار سزائے موت کا حکم دے دیا گیا، روح اللہ نے 2010 میں سابق اٹارنی جنرل سردار محمد خان کو قتل کیا تھا۔ انسداد دہشت گردی عدالت کے جج طاہر عباس سپرا نے سابق اٹارنی جنرل...... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

مسافروں کی کلیئرنس کیلئے ایئرپورٹس پر سیلف بورڈنگ مشینیں نصب

ایف آئی اے کی تیار کردہ جدید موبائل ایپ ای-ایپ ٹیسٹنگ کے آخری مراحل

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان ایئرپورٹ اتھارٹی نے علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ لاہور سمیت اسلام آباد اور کراچی کے تمام بڑے انٹرنیشنل ایئرپورٹس...... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر جعفر خان مندوخیل سے قائم مقام افغان قونصل جنرل مولوی محمد حبیب ناصر ملاقات کررہے ہیں

جوڈیشل کمپلیکس جی 11 خودکش حملہ، مکان مالک گرفتار

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) جوڈیشل کمپلیکس جی الیون خودکش حملے کی تحقیقات میں مزید انکشافات سامنے آگئے۔ خودکش بمبار سال 2024 اور 2025 کے دوران متعدد بار افغانستان سے پاکستان آیا۔ ذرائع کے مطابق خودکش حملہ آور کو کمرہ کرائے پر دینے والا سہولت کار بھی گرفتار کرلیا گیا۔ خودکش...... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

جام معاہدہ بلوچستان کو تمام بحرانوں سے مکمل طور پر نکال دیا، گورنر مندوخیل

یونیورسٹی میں بجلی کو سولر انرجی پر منتقل کرکے تقریباً دو کروڑ پچاس لاکھ روپے کی بچت کرنے میں کامیاب ہوگئے ہیں

سات غیر ضروری ڈیپارٹمنٹس کی بندش کیساتھ اصلاحات کی جانب ایک جرات مندانہ قدم اٹھایا گیا، جعفر مندوخیل

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ الحمد للہ ایک سال کی کڑی نگرانی میں بلوچستان کے ہائیر ایجوکیشن سیکٹر میں ایک اہم سنگ میل عبور کیا گیا ہے۔ صوبے کی تقریباً تمام پبلک سیکٹر یونیورسٹیوں...... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

ڈی سی کوئٹہ مہراللہ بادینی 17 نومبر سے شروع ہونے والی انسداد خسرہ وروبیلا کی خصوصی مہم کا افتتاح کررہے ہیں

ملکی وسائل سے تیل کی پیداوار شروع، بڑا ذخیرہ سسٹم میں شامل

او جی ڈی سی ایل نے اہم معلومات سے شیئر ہولڈرز کو آگاہ کردیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ملکی وسائل سے تیل کی پیداوار شروع ہوگیا۔ حیدرآباد میں پہلی کنویں سے خام تیل کا بڑا ذخیرہ سسٹم میں شامل ہوگیا۔ او جی ڈی سی ایل...... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

کوہاٹ، پولیس کی کارروائی میں 3 دہشت گرد ہلاک

فائرنگ کے تبادلے میں کوئی پولیس اہلکار زخمی یا جاں بحق نہیں ہوا

کرک میں سی ٹی ڈی سے مقابلے کے دوران مطلوب دہشت گرد ہلاک

کوہاٹ (بیورو رپورٹ) کوہاٹ میں پولیس نے بازید خیل کے قریب ایک کارروائی کے دوران تین دہشت گردوں کو ہلاک کردیا۔ ڈی پی او کوہاٹ شہباز الٰہی کے مطابق، تھانہ صدر کے ایس ایچ او ریاض اپنے دستے کے ساتھ معمول کے گشت پر تھے کہ دہشت گردوں...... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

تحریک تحفظ آئین پاکستان کی کال پر بلوچستان بھر میں احتجاجی ریلیاں

''ایسے دستور کو صبح بے نور کو میں نہیں مانتا میں نہیں جانتا'' کے فلک شگاف نعرے

کوئٹہ (آن لائن) تحریک تحفظ آئین پاکستان کے مرکزی قائدین کی ہدایت پر صوبے کے مختلف اضلاع وعلاقوں میں بعد نماز جمعہ مساجد کے باہر اعلانات...... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

سینیٹ، آرمی، ایئر فورس، نیوی ترمیمی ایکٹ اور پریکٹس اینڈ پروسیجر ترمیمی بل منظور

جے یو آئی ف کے کامران مرتضیٰ اور پی ٹی آئی کے ہمایوں مہمند کی بل کی مخالفت، کمیٹی کے بھجوانے کا مطالبہ

ایوان نے 27 ویں آئینی ترمیم منظور کی اور اسی سب ایکٹس میں ترمیم کی ضرورت تھی، اسحاق ڈار کا خطاب

اسلام آباد (زاہد احمد خان) سینیٹ نے پاکستان آرمی ایکٹ ترمیمی بل 2025 کثرت رائے سے منظور کرلیا پاکستان ایئرفورس ایکٹ ترمیمی بل اور پاکستان نیوی آرڈیننس ترمیمی بل کی بھی منظوری دے دی گئی۔ چیئرمین یوسف رضا گیلانی کی زیر صدارت جمعہ کو سینیٹ کا اجلاس ہوا، نائب وزیراعظم اور سینیٹر...... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

گندم چوری: نیب کو ریفرنس داخل کرنیکی اجازت مل گئی

4 ارب روپے سے زائد گندم چوری کے اسکینڈل میں 80 سے زائد ملزمان شامل

کوئٹہ (یو این اے) محکمہ خوراک بلوچستان کے تاریخی 7 لاکھ میٹرک ٹن گندم چوری اسکینڈل میں نیب بلوچستان نے طویل تحقیقات کے بعد اکتوبر نومبر 2025 میں چیئرمین نیب سے ریفرنس داخل کرنے کی اجازت حاصل کرلی ہے۔ یہ مقدار تقریباً...... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

افواج پاکستان نے امن کے قیام کیلئے نمایاں کردار ادا کیا، تاجکستان

جی ایچ کیو میں تاجک وزیر دفاع کرنل جنرل صابرزادہ امام علی عبداللہ رحیم کی فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ملاقات

دونوں افواج کے درمیان تعاون مزید بڑھانے کا عزم، پاک فوج کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو بھرپور انداز میں سراہا

راولپنڈی (زاہد احمد خان) پاکستان اور تاجکستان نے دونوں افواج کے درمیان تعاون مزید بڑھانے کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق تاجکستان کے وزیر دفاع کرنل جنرل صابرزادہ امام علی عبداللہ رحیم نے جنرل ہیڈکوارٹرز (جی ایچ کیو) راولپنڈی کا...... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

زندگی کے مشکل ترین وقت میں فرح خان نے بڑا ساتھ دیا، ثانیہ مرزا

فرح خان نے ثانیہ مرزا کی تعریف کی کہ وہ اپنے بیٹے کی اکیلے پرورش کررہی ہیں

دہلی (ن ڈ) سابق بھارتی ٹینس اسٹار اور پاکستانی کرکٹر شعیب ملک کی سابقہ اہلیہ ثانیہ مرزا نے بتایا کہ ان کے انتہائی مشکل...... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

سپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالخالق اچکزئی کی زیر صدارت اجلاس میں وزراء اور اراکین اظہار خیال کررہے ہیں

بالی ووڈ اداکارہ کامنی کوشل 98 برس کی عمر میں چل بسیں

لاہور میں پیدا ہوئیں 1946 میں فلم نیچا نگر سے کیریئر کا آغاز کیا

ممبئی (م ڈ) بالی ووڈ کی سینئر ترین اداکارہ کامنی کوشل جمعرات کی شب ممبئی میں 98 برس کی عمر میں چل بسیں۔ اداکارہ کے...... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

پیپلز پارٹی نے وزیراعظم آزاد کشمیر کیخلاف تحریک عدم اعتماد پیش کردی

فیصل راٹھور وزیراعظم کے امیدوار نامزد

ہم حکومت بنانے کی پوزیشن میں ہیں، ہمارے پاس تعداد پوری ہے تو کسی کی حمایت کی ضرورت نہیں، راجہ پرویز اشرف

وزیراعظم آزاد کشمیر چوہدری انوار الحق کا مستعفی نہ ہونے اور تحریک عدم اعتماد کا بھرپور طریقے سے مقابلہ کرنے کا فیصلہ

اسلام آباد (شاکر رحمان) پاکستان پیپلز پارٹی نے آزاد کشمیر میں حکومت کے خلاف تحریک عدم اعتماد پیش کرتے ہوئے فیصل راٹھور کو وزیراعظم کے عہدے کے لئے امیدوار نامزد کردیا۔ اس بات کا اعلان پیپلز پارٹی...... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

موسمیاتی تبدیلیوں سے بلوچستان شدید متاثر ہوا، سردار کھیتران

خشک سالی، سیلاب نے زراعت پر شدید اثرات نے صوبے کو چیلنجز سے دوچار کیا

پاکستان خصوصاً بلوچستان کو گرین فنڈز اور موبلٹی ٹیکنالوجی فراہم کی جائے، سیمینار سے خطاب

برازیلیا (خ ن) برازیل میں کلائمیٹ چینج سے متعلق عالمی سطح کا اہم سیمینار منعقد ہوا، جس میں دنیا بھر کے ماہرین، حکومتی نمائندوں اور ماحولیاتی اداروں نے...... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد جوڈیشل کمپلیکس خودکش حملے کے ہینڈلر سمیت 4 دہشتگرد گرفتار

ٹی ٹی پی انٹیلی جنس چیف نے ٹیلی گرام کے ذریعے رابطہ کرکے اسلام آباد میں خودکش حملہ کرنے کا کہا

خودکش بمبار عثمان عرف قاری کا تعلق شنواری قبیلے سے تھا اور وہ ننگرہار افغانستان کا رہائشی تھا

افغانستان میں موجود اعلیٰ قیادت ہر قدم پر رہنمائی کررہی تھی، دوران تفتیش ساجد اللہ عرف شینا کے انکشافات

اسلام آباد (زاہد احمد خان) اسلام آباد جوڈیشل کمپلیکس خودکش حملے میں ملوث ٹی ٹی پی کے ہینڈلر سمیت 4 ارکان کو گرفتار کرلیا گیا۔ انٹیلی جنس بیورو ڈویژن اور سی ٹی ڈی نے مشترکہ کارروائی کرکے جوڈیشل کمپلیکس جی-11 اسلام آباد...... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

جسٹس مسرت ہلالی کی آئینی عدالت کی جج بننے سے معذرت

جسٹس مسرت ہلالی کا بینچ گزشتہ دنوں خرابی صحت کے سبب ڈی لسٹ ہوگیا تھا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ کی جج جسٹس مسرت ہلالی نے وفاقی آئینی عدالت کے لیے بننے سے معذرت کرلی۔ ذرائع کے مطابق جسٹس مسرت ہلالی نے صحت کے مسائل کے سبب معذرت کی ہے۔ وفاقی آئینی عدالت کے لیے جسٹس مسرت ہلالی...... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

صدر مملکت کی توثیق، ستائیسویں آئینی ترمیم کا گزٹ نوٹیفکیشن جاری

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ستائیسویں آئینی ترمیم کا گزٹ نوٹیفکیشن بھی جاری کردیا گیا۔ صدر کی جانب سے آئینی ترمیم کی توثیق کے بعد سینیٹ سیکرٹریٹ نے نوٹیفکیشن جاری کیا۔ نوٹیفکیشن میں ترمیم کا عنوان...... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان نے سری لنکا کو ہرا کر سیریز 0-2 سے جیت لی

پہلے کھیلتے ہوئے مہمان ٹیم نے 289 رنز بنائے پاکستان نے دو وکٹوں کے نقصان پر ہدف حاصل کرلیا

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) پاکستان نے دوسرے ون ڈے میں سری لنکا کو 8 وکٹوں سے شکست دے دی۔ سری لنکا کی جانب سے جنیتھ لیانگے 54 رنز بنا کر نمایاں رہے، کمینڈو مینڈس نے 44، سدیرا سماراوکراما نے 42، کامل مشرا نے 24، پاتھم نسانکا نے 24 رنز سکور...... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

عمران نے صدارتی معافی کی پیشکش مسترد کردی تھی، عارف علوی

اختیارات استعمال کرتے ہوئے جھوٹے مقدمات میں معافی دینے کی کوشش کی تھی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سابق صدر اور پی ٹی آئی رہنما ڈاکٹر عارف علوی نے انکشاف کیا ہے کہ انہوں نے صدارتی اختیارات استعمال کرتے ہوئے عمران خان کو جھوٹے مقدمات میں معافی دینے کی کوشش کی تھی، لیکن عمران خان نے یہ پیشکش یہ کہہ کر ٹھکرادی کہ انہوں نے کوئی جرم نہیں کیا۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر ایک حالیہ پوسٹ ڈاکٹر...... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

وفاقی کابینہ نے گوادر عمان فیری سروس کی منظوری دے دی

فیری روٹ تجارت اور سرمایہ کاری کا نیا دروازہ کھولے گا، جنید انوار چوہدری

کوئٹہ (یو این اے) وفاقی کابینہ نے گوادر اور عمان کے درمیان فیری سروس کے اجرا کی باضابطہ منظوری دے دی ہے، جس کے بعد دونوں ممالک کے مابین سمندری...... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

ہفتہ وار مہنگائی کی شرح 4.15 فیصد، چینی 180 روپے کلو تک پہنچ گئی

فی کلو قیمت میں 19 روپے تک اضافہ، 15 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اضافہ، 12 اشیاء سستی اور 24 کی قیمتیں مستحکم رہیں

چکن 20.33 فیصد مہنگا ہوا، ٹماٹر 12.03 اور کیلے کی قیمتوں میں 2.32 فیصد کا اضافہ ہوا، ادارہ شماریات کی رپورٹ جاری

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ملک بھر میں ہفتہ وار مہنگائی کی شرح 4.15 فیصد ہوگئی جبکہ قلیل مدتی مہنگائی میں ہفتہ وار بنیادوں پر 0.53 فیصد کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ وفاقی ادارہ شماریات نے مہنگائی سے متعلق ہفتہ وار رپورٹ جاری کردی۔ رپورٹ کے مطابق ایک...... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

پیٹرول 2 روپے سستا، ڈیزل 9.5 روپے مہنگا ہونے کا امکان

کم جون سے پیٹرول اور ڈیزل کی بیس قیمتوں میں تقریباً 12.5 اور 23 روپے فی لیٹر اضافہ ہوا ہے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) بین الاقوامی منڈی میں معمولی اتار چڑھاؤ کے باعث پیٹرول کے علاوہ تمام پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں آئندہ 15 روز (30 نومبر...... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

کم عمری کی شادی کا بل عالمی معیار سے ہم آہنگ ہے، غزالہ گولہ

عمر 18 سال مقرر کرنا ہزاروں بچیوں کے مستقبل کی بہتری کی ضمانت ثابت ہوگا

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی خواتین ونگ بلوچستان کی صوبائی صدر و ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی غزالہ گولہ نے چائلڈ میرج ریسٹرینٹ ایکٹ...... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: ریٹرننگ آفیسر محمد انور کاکڑ کے پاس بلدیاتی انتخابات میں حصہ لینے والے امیدوار ناتاج محمد نورزئی، ارشد محمود، جاوید احمد خان، محمد زبیر ارباب شوکت کاغذات نامزدگی جمع کرا رہے ہیں

گیس کمپنی کا جاری کردہ لوڈشیڈنگ کا نیا شیڈول قبول نہیں، صارفین

بھاری بلوں کی وصولی کے بعد بھی گیس کی طویل لوڈشیڈنگ اور کم پریشر انتظامیہ کی نااہلی ہے، محبوب لالا

گیس پریشر کا مسئلہ اب کلی شیخان نہیں بلکہ پورے شہر کا مسئلہ بن چکا ہے، حافظ عطاء اللہ، عبدالمالک بڑیچ کی بات چیت

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) کوئٹہ میں گیس کی خود ساختہ لوڈشیڈنگ کا شیڈول گیس حکام کی جانب سے دیا گیا ہے یہ ہرگز کوئٹہ کے عوام قبول نہیں کریں گے، گیس مناسب قیمت پر 24 گھنٹے فراہمی سوئی سدرن حکام کی ذمہ داری ہے اسی طرح کوئٹہ میں گیس پریشر کا مسئلہ اب کلی شیخان نہیں بلکہ پورے شہر کا مسئلہ بن ...

عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جا رہی ہے، سیکرٹری صحت

ایمرجنسی، آئی سی یو، میڈیسن، وارڈز اور آپریشن تھیٹرز کی موجودہ صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

تمام سرکاری ہسپتالوں میں صفائی ستھرائی کے نظام کو مزید بہتر بنایا جائے، داؤد خان خلجی کی ہدایت

کوئٹہ (خبرنامہ) سیکرٹری صحت بلوچستان داؤد خان خلجی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حکومت بلوچستان صوبے کے عوام کو معیاری اور بروقت طبی سہولیات فراہم کرنے کے لیے پوری طرح سرگرم عمل ہے ...

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے ن لیگ کے سینئر رہنما سردار گل خلجی اور میر نور اللہ لہڑی ملاقات کر رہے ہیں

پیپلز پارٹی کوئٹہ کے بلدیاتی انتخابات بھرپور حصہ لے گی، روزی خان کاکڑ

عوام دوست جدوجہد کے باعث پارٹی ملک کی سب سے بڑی سیاسی جماعت ہے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و سینیٹر ریٹائرڈ روزی خان کاکڑ نے کہا ہے کہ کوئٹہ میں ہونے والے بلدیاتی انتخابات میں پیپلز پارٹی بھرپور حصہ لے گی ...

کوئٹہ، جامعہ بلوچستان کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ظہور بازئی اور جامعہ مکران کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ممتاز بلوچ تکنیکی اور انتظامی تعاون کے فروغ کیلئے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کر رہے ہیں

بی ایف اے کی تربت، صحبت پور اور خاران میں کارروائیاں

متعدد مراکز کا معائنہ، جرمانے اور اصلاحی نوٹسز جاری کیے گئے

کوئٹہ (اے پی پی) بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی جانب سے تربت، صحبت پور اور خاران میں اشیائے خورد و نوش کے معیار اور فوڈ سیفٹی قوانین پر عملدرآمد یقینی بنانے کیلئے کارروائیاں کی گئیں ...

جامعہ بلوچستان، جامعات مکران اور پنجگور کے درمیان تکنیکی اور انتظامی تعاون کا معاہدہ

کوئٹہ (خ ن) جامعہ بلوچستان اور جامعہ مکران، پنجگور کے درمیان تکنیکی اور انتظامی تعاون کے فروغ کے لیے ایک اہم مفاہمتی یادداشت MoU پر دستخط کیے گئے ...

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے صوبائی مشیر مینا مجید اسمبلی اجلاس کے دوران بات چیت کر رہی ہیں

چیئرمین آل مزدا ٹرک گڈز ٹرانسپورٹ نواب خان مینگل نے کوئٹہ پریس کلب کا دورہ کیا

ٹرانسپورٹرز کے مسائل اور موجودہ صورتحال پر صحافیوں سے تفصیلی گفتگو اور تعاون کی درخواست

کوئٹہ (پ ر) آل مزدا ٹرک گڈز ٹرانسپورٹ کے چیئرمین میر نواب خان مینگل نے صوبائی نائب صدر عبدالحق، صوبائی جنرل سیکرٹری محمد یونس پٹھان اور دیگر عہدیداران پر مشتمل وفد کے ہمراہ کوئٹہ پریس کلب کا دورہ کیا ...

حاجی خان خلجی پینل کی کامیابی پر مبارکباد پیش کرتے ہیں، شیخ زید یونٹ

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) پاکستان پیرامیڈیکل اسٹاف ایسوسی ایشن (رجسٹرڈ) ضلع کوئٹہ کے الیکشن میں حاجی خان خلجی پینل کی بلا مقابلہ کامیابی پر شیخ زید یونٹ کی جانب سے نو منتخب عہدیداران کو دلی مبارکباد پیش کی جاتی ہے ...

پشتونخوامیپ کوئٹہ کی ضلع کمیٹی کا اجلاس آج سہ پہر تین بجے منعقد ہوگا

وفاقی محتسب ریجنل آفس کے انچارج ... سے ملاقات کر رہے ہیں

صنفی تشدد کے واقعات پر قابو پانے کیلئے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں، سائرہ عطا

بلوچستان اور یو این ایف پی اے اور ایس پی او کے مابین باہمی تعاون کی یادداشت پر دستخطی تقریب سے مقررین کا اظہار خیال

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) سیکرٹری وومن ڈویلپمنٹ سائرہ عطا نے کہا ہے کہ حکومت بلوچستان میں جینڈر بیسڈ وائلنس کے خلاف متعلقہ اداروں کے ساتھ مل کر صنفی تشدد کے واقعات کو کم کرنے اور اس میں ملوث افراد کے خلاف سخت قانونی کارروائی کر رہی ہے ...

عوامی نمائندوں کے ساتھ ہتک آمیز رویہ قابل مذمت ہے، عالم خان کاکڑ

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے سابق ایڈیشنل جنرل سیکرٹری عالم خان کاکڑ نے کہا ہے کہ ...

مرکزی مسلم لیگ بلدیاتی الیکشن جیت کر عوام کی خدمت کرے گی، انجینئر حارث ڈار

سیاست میں نئے ضرور ہیں لیکن خدمت کے میدان میں عوام سے ہمارا تعلق پرانا ہے، بابر مغل

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ میں مرکزی مسلم لیگ کا اجلاس منعقد ہوا جس میں انجینئر حارث ڈار، حافظ ادریس، ابراہیم مینگل، بابر مغل، حافظ خلیل اللہ، ملک اسلم بازئی، ملک فہیم بڑیچ، رحمت لالہ سمیت دیگر عہدیداران نے شرکت کی ...

ڈی سی خضدار نے عثمان ولد نور محمد قوم عمرانی کا لوکل سرٹیفکیٹ اپیل کی درخواست پر منسوخ کر دیا

ڈپٹی کمشنر کیچ نے کبیر نثار ولد نثار احمد کا لوکل سرٹیفکیٹ اپیل کی درخواست پر منسوخ کر دیا

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کیچ کے ایک حکمنامے کے مطابق کبیر نثار (Ghubair Nisar) ولد نثار احمد ... کا لوکل سرٹیفکیٹ اپیل کی درخواست پر منسوخ کر دیا گیا ہے۔

سنگین بیماریوں سے تحفظ کے لیے ویکسینیشن کو یقینی بنایا جائے، ڈی سی کیچ

خسرہ اور روبیلا مہم سے متعلق ایک اہم اجلاس میں متعلقہ افسران اور سماجی نمائندوں کی شرکت

آر ٹی اے کی کارروائیاں 3 خستہ حال بسیں تحویل میں لے لیں

آرڈیننس کی خلاف ورزی پر 21 گاڑیوں کو چالان بھی جاری کیے گئے

کوئٹہ (پ ر) کمشنر/چیئرمین ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی کوئٹہ ڈویژن شاہ زیب خان کاکڑ کی خصوصی ہدایت پر سیکرٹری ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی کوئٹہ ڈویژن علی درانی کا ایس پی ٹریفک صدر سرکل سید عاصم شاہ کے ہمراہ کوئلہ پھاٹک پر مسلسل کارروائی ... 3 مذید خستہ حال پرانے ماڈل بسوں کو سیکشن 115 کے تحت تحویل میں لے لیا گیا ...

کوئٹہ، مرکزی انجمن تاجران پاکستان کے صدر اجمل بلوچ شمولیتی تقریب میں عمران ترین اور دیگر سے حلف لے رہے ہیں

سیکرٹری خزانہ عمران زرکون کو میر بہادر خان مری بلوچی واسکٹ کا تحفہ پیش کرنے کے بعد مصافحہ کر رہے ہیں

ترقیاتی کاموں کیلئے آج کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن سے بجلی بند رہے گی

جناح ٹاؤن، بروری روڈ جبکہ مری آباد گرڈ کے گلستان روڈ فیڈرز شامل

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق کوئٹہ پروجیکٹ منصوبے کے تحت شہر کے مختلف علاقوں میں روڈ کی توسیع اور دیگر ترقیاتی کام کے سلسلے میں ... 15 نومبر کو صبح 10:30 بجے سے دوپہر 2:30 بجے تک بجلی بند رہے گی ...

مدارس امن اخلاق علم اور انسانیت کی خدمت کے مراکز ہیں، حافظ حبیب الرحمن

عدالتی فیصلے کی روح کے مطابق تمام طلباء کو یکساں تعلیمی حقوق دیے جائیں، کوئٹہ صدر

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت طلباء اسلام ضلع کوئٹہ کے صدر حافظ حبیب الرحمن، جنرل سیکرٹری حافظ عابد اللہ حنفی ... نے کہا ہے کہ دینی مدارس دراصل امن اخلاق علم اور انسانیت کی خدمت کے مراکز ہیں ...

پشتونخوامیپ کوئٹہ کی ضلع کمیٹی کا اجلاس آج سہ پہر تین بجے ہوگا

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ کے ضلعی کمیٹی کا اجلاس آج 15 نومبر بروز ہفتہ سہ پہر 3 بجے پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ میں منعقد ہوگا ...

صدر باپ پارٹی سردار محمد صالح بھوتانی کی سردار شیرباز خان ساتکزئی اور سردار زادہ میر گوہر خان ساتکزئی سے الگ الگ ملاقات

گیس کمپنی کی عوام دشمنی کی شدید مذمت کرتے ہیں، پشتونخوامیپ

کمپنی مافیا بن کر غریب عوام کی جمع پونجی لوٹنے کے باوجود گیس فراہم نہیں کر رہی

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی سیکرٹریٹ کے جاری کردہ پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ سوئی سدرن گیس کمپنی ایک مافیا بن چکی ہے ...

محتسب اعلیٰ بلوچستان علی احمد لہڑی سے چیئرمین ایس ایس او چلڈرن ویلج روشن خورشید بروچہ ملاقات کر رہی ہیں

نیشنل پارٹی بلدیاتی الیکشن میں بھرپور حصہ لے گی، فاروق شاہوانی

شادی سے متعلق بل کی منظوری شریعت کے خلاف ہے، عثمان بادینی

اسمبلی میں پیش کیے جانے والے خلاف شریعت بل کی منظوری باعث تشویش ہے

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام کے رہنما رکن قومی اسمبلی انجینئر عثمان بادینی نے بلوچستان اسمبلی میں پیش کیے جانے والے خلاف شریعت بل کی منظوری پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ...

اجتماع عام لاہور بوسیدہ نظام کی تبدیلی کا پیش خیمہ ثابت ہوگا، عبدالمجید بادینی

بلوچستان کے سلگتے مسائل سے پاکستان کے عوام کو آگاہ کیا جائیگا، نائب امیر جے آئی

تاریخی اجتماع میں نصیرآباد جعفرآباد سے سینکڑوں افراد کی شرکت کیلئے تیاریاں جاری ہیں، رکن اسمبلی

کوئٹہ (آن لائن) نائب امیر جماعت اسلامی بلوچستان پارلیمانی سیکرٹری انجینئر عبدالمجید بادینی، نائب امیر جماعت اسلامی بلوچستان بشیر احمد ماندائی نے کہا کہ جماعت اسلامی کا عظیم الشان اجتماع عام 21 تا 23 نومبر، لاہور تبدیلی کا پیش خیمہ ہوگا ...

وفاقی محتسب کے حکم پر کیسکو نے درخواست گزار کا 69404 روپے کا اضافی بل معاف کر دیا

کوئٹہ (آن لائن) وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار محمد افضل کو 69404 روپے کا ریلیف فراہم کروا دیا گیا ...

انتقال پر ملال

خضدار، آغا محبوب شاہ انتقال کرگئے

مرحوم نور احمد سالاٹی کی اہلیہ انتقال کر گئی

غلام محمد آخوندزادہ انتقال کرگئے

پشتونخوامیپ کے بزرگ رکن نیک محمد نیازی انتقال کرگئے

حاجی احمد شاہ اچکزئی کو سپرد خاک کردیا گیا

لائیو سٹاک میگزین محکمے کے جدید اقدامات کو نمایاں کر رہا ہے، ڈاکٹر محمد فاروق

میگزین چیف ایڈیٹر ڈاکٹر عبدالجبار سرپراہ کی مؤثر اور دور اندیش قیادت میں شائع ہو رہا ہے

کوئٹہ (خ ن) لائیو سٹاک میگزین کے ادارتی بورڈ نے دوماہی ایڈیشن (جنوری - جون 2025) باضابطہ طور پر سرپرست اعلیٰ ڈائریکٹر جنرل برائے ایکسٹینشن ... ڈاکٹر محمد فاروق ترین کے سپرد کیا ...

نصیرآباد پولیس میں تقرر و تبادلے

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) نصیرآباد پولیس میں تقرر اور تبادلے تین تھانوں کے ایس ایچ اوز اور ایک ہیڈ محرر تبدیل کر دیے گئے ...

کوئٹہ، حافظ ادریس مرکزی مسلم لیگ کی ضلعی کابینہ اور صوبائی حلقہ جات کے عہدیداران کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب
ایگزیکٹو ایڈیٹر سید ممتاز احمد

ضلع کوئٹہ میں انسدادِ خسرہ و روبیلا مہم کا باضابطہ افتتاح کر دیا گیا

ڈپٹی کمشنر کی زیر صدارت اجلاس میں انسدادی مہم کے انتظامی و فیلڈ امور کا جائزہ لیا گیا، ڈی ایچ او سمیت دیگر حکام کی شرکت

خسرہ و روبیلا سے بچاؤ بچوں کی صحت کے لیے ضروری ہے، والدین بچوں کو بروقت ویکسینیشن ضرور کروائیں، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی نے کوئٹہ میں انسداد خسرہ و روبیلا مہم کا باضابطہ افتتاح کر دیا۔ اس حوالے سے ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی کی زیر صدارت اجلاس میں انسدادی مہم کے انتظامی و فیلڈ امور کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ڈی ایچ او کوئٹہ، ڈپٹی ڈی ایچ او، ڈی ایس ایم اور علمائے کرام نے شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے کہا کہ خسرہ و روبیلا سے بچاؤ بچوں کی صحت کے لیے ضروری ہے۔ انہوں نے والدین پر زور دیا کہ بچوں کو بروقت ویکسینیشن ضرور کروائیں۔ اس موقع پر محکمہ صحت کی جانب سے بریفنگ میں بتایا گیا کہ انسداد خسرہ و روبیلا کی قومی مہم 17 نومبر سے شروع ہوگی جو کہ 29 نومبر تک جاری رہے گی اس مہم کے دوران 6 ماہ سے 5 سال تک کے 8 لاکھ بچوں کو ویکسین دی جائے گی۔ ضلع بھر میں فکسڈ سائٹس، آؤٹ ریچ ٹیمز اور موبائل یونٹس تعینات کیے گئے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر نے ٹیموں کو گھر گھر جا کر زیادہ سے زیادہ بچوں تک پہنچنے کی ہدایت کی۔ اس کے علاوہ علمائے کرام نے والدین سے اپیل کی کہ ویکسینیشن میں بھرپور تعاون کریں۔ جبکہ روزانہ کی بنیاد پر مانیٹرنگ اور رپورٹنگ کا موثر نظام قائم کیا گیا ہے۔ تمام محکموں کو ہدف کے 100 فیصد حصول کے لیے مکمل معاونت کی ہدایت جاری کی گئی۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ صحت عامہ کے تحفظ کے لیے اقدامات بلاتعطل جاری رہیں گے۔ خسرہ اور روبیلا کی قومی مہم کے دوران ضلع کے تمام بچوں تک حفاظتی ٹیکے اور دیگر متعدی امراض سے بچاؤ کے خصوصی ٹیکوں کا انتظام کیا جائے تاکہ کوئی بھی ایک بچہ خسرے کی بیماری کا شکار نہ ہو۔

... شرکت کی۔ اجلاس میں بارڈر کی طویل بندش، ٹوبت اور چیک پوسٹوں میں کٹوتی اور دیگر متعلقہ مسائل پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ اجلاس کے دوران ضلعی انتظامیہ کے اعلیٰ حکام، ڈپٹی کمشنر چمن کو مطالبات پر مبنی یادداشت پیش کی گئی، جس میں زور دیا گیا کہ ٹوبت لسٹ کو فوری طور پر پبلک کیا

وفاقی محتسب کا ادارہ لوگوں کی دادرسی کیلئے ہر ممکن اقدامات کر رہا ہے

کوئٹہ (اے پی پی) وفاقی محتسب کے ریجنل ایڈ امیر محمد رند نے کہا ہے کہ عوام کو فوری اور سستے انصاف کی فراہمی وفاقی محتسب کا اولین فریضہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ محتسب کا ادارہ لوگوں کی دادرسی کے لیے ...

باران رحمت کا نہ ہونا ہماری بد اعمالیوں کا نتیجہ ہے، ذوالفقار طارق

قوم کو چاہیے کہ وہ توبہ و استغفار اور درود شریف کا کثرت سے ورد کریں، رہنما اہلسنت و جماعت

کوئٹہ (اے این این) اہلسنت و جماعت کے رہنما فیضان اولیاء کے بانی ذوالفقار علی طارق قادری نے ہفتہ واری ختم شریف میں خطاب ... توبہ و استغفار اور درود شریف کی کثرت کریں تاکہ اللہ تعالیٰ اپنی رحمت کے دروازے کھول دے۔ انہوں نے کہا کہ جب قوم اجتماعی طور پر ...

چیلنجز سے نمٹنے کیلئے پارلیمنٹ میں جامع قانون سازی کا عمل جاری ہے، ڈپٹی چیئرمین سینیٹ

عوامی فلاح، ادارہ جاتی اصلاحات، قومی وسائل کے شفاف استعمال اور ملکی وقار کی بلندی کیلئے تمام متعلقہ ادارے متحد ہو کر کام کر رہے ہیں

ملک کو انتظامی و معاشی استحکام کی جانب گامزن کرنے کیلئے وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف کی انتظامی صلاحیتیں اور کوششیں لائق تحسین ہیں

اسلام آباد (زاہد احمد خان) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر سے مختلف اہم وفود نے پارلیمنٹ ہاؤس میں ملاقات کی، جن میں اراکین سینیٹ، میڈیکل یونیورسٹی کے وائس چانسلر، ایگزیکٹو ڈائریکٹر پمز، پمز بورڈ کے ممبران، سینٹر پارلیمنٹیرینز، سابق سینیٹرز، قبائلی عمائدین، طلباء، وکلاء اور سول سوسائٹی کے نمائندگان شامل تھے۔ ملاقات میں ملکی سیاسی، سماجی اور معاشی صورتحال، پارلیمانی کردار اور قومی ترقی کے اہداف پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے اس موقع پر کہا کہ ملک کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کے لیے پارلیمنٹ میں موثر اور جامع قانون سازی کا عمل جاری ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ عوامی فلاح، ادارہ جاتی اصلاحات، قومی وسائل کے شفاف استعمال اور پاکستان کے عالمی وقار میں اضافے کے لیے تمام متعلقہ ادارے متحد ہو کر کام کر رہے ہیں۔ سیدال خان ناصر نے وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف کی انتظامی صلاحیتوں اور ملک کو معاشی استحکام کی جانب گامزن کرنے کے لیے ان کی کوششوں کو خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم کی متحرک قیادت میں معاشی اشاریوں میں بہتری، ترقیاتی منصوبوں میں تیزی اور ملکی و غیر ملکی سرمایہ کاروں کے اعتماد میں اضافہ دیکھنے میں آ رہا ہے۔ توانائی، گورننس اور کفایت شعاری کے شعبوں میں حکومتی اصلاحات عوامی ریلیف کی شکل میں ظاہر ہو رہی ہیں۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے 27 ویں آئینی ترمیم کی منظوری کو سیاسی استحکام اور پارلیمانی بالادستی کی جانب اہم پیش رفت قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ ترمیم جمہوری اداروں کو مضبوط بنانے اور ریاستی ڈھانچے میں شفافیت بڑھانے میں مددگار ثابت ہوگی۔ انہوں نے پاکستان کی قدرتی دولت، زرعی صلاحیت، چاروں موسموں کی نعمت اور نوجوان آبادی کو ملک کی ترقی کا بہترین اثاثہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ قومی ترقی کے لیے تمام طبقات کو متحد ہو کر اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ بلوچستان کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے سیدال خان نے کہا کہ وفاقی حکومت صوبے کی ترقی کو خصوصی اہمیت دے رہی ہے۔ گوادر، کوئٹہ، تربت، خضدار اور دیگر علاقوں میں بنیادی ڈھانچے کی بہتری، صحت و تعلیم کے شعبوں کی اپ گریڈیشن اور روزگار کے نئے مواقع صوبے میں خوشحالی کے نئے دروازے کھول رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام محب وطن ہیں اور ملکی یکجہتی میں اہم ستون کی حیثیت رکھتے ہیں۔ ملاقات کے اختتام پر شرکاء نے ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کی گفتگو کو رہنما اور اہم قرار دیتے ہوئے ملک کی بہتری اور عوامی خدمت کے لیے مشترکہ کوششیں جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا۔

بہار الیکشن، بی جے پی کی اتحادی نیشنل ڈیموکریٹک الائنس کو واضح برتری

243 نشستوں پر مشتمل اسمبلی میں 199 سیٹیں حاصل کر لیں، حکومت سازی کیلئے 122 درکار

دہلی (م ڈ) بھارتی ریاست بہار میں اسمبلی انتخابات کے غیر حتمی نتائج کے تحت حکومتی جماعت بھارتیہ جنتا پارٹی کی اتحادی این ڈی اے کو واضح برتری حاصل ہوگئی۔ بھارتی این ڈی ٹی وی کی رپورٹ کے مطابق نیشنل ڈیموکریٹک الائنس (این ڈی اے) کو 243 نشستوں پر مشتمل بہار اسمبلی ... واضح برتری حاصل کرنے کے بعد یونین منسٹر گری راج سنگھ نے کہا ہے کہ اب اگلا ہدف مغربی بنگال ہے۔ انہوں نے کہا بہار کے عوام نے فیصلہ سنا دیا ہے کہ بدنظمی کی حکومت نہیں بنائی جائے گی۔ بہار کے نوجوان ذہین ہیں۔ یہ ترقی کی جیت ہے۔ ... یونین منسٹر چراغ پاسوان کی لوک جن شکتی پارٹی کو 22 نشستوں پر آگے ہے۔ جبکہ اپوزیشن جماعت مہاگٹھ بندھن فی الحال 50 نشستوں پر آگے دکھائی دے رہی ہے جبکہ کانگریس صرف 7 نشستیں اپنے نام کر سکی ہے۔ اس سے قبل وزیر داخلہ امیت شاہ نے کہا تھا کہ این ڈی اے کو 160 نشستوں پر کامیابی حاصل ہوگی اور دو تہائی اکثریت کے ساتھ حکومت بنائے گی۔ بہار اسمبلی انتخابات میں ... رپورٹ کے مطابق بہار انڈیا کی سب سے غریب ریاست ہے جہاں فی کس سالانہ آمدن صرف 52,379 انڈین روپے ہے، جو افریقی ممالک سے کچھ حد تک ہی بہتر ہے۔ ستمبر میں نریندر مودی نے بہار کے لیے 8 ارب ڈالر کے ترقیاتی منصوبوں کا اعلان کیا تھا جن میں ریلوے اور سڑکوں کی بہتری، زرعی سکیمیں اور ایک نیا ہوائی اڈہ ٹرمینل شامل ہیں۔

ملک میں جاری سیاسی کشمکش تشویشناک ہے، سید امان شاہ

کوئٹہ (یو این اے) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی کنوینر سید امان شاہ نے ملک میں جاری سیاسی کشمکش، تلخ بیانات اور بڑھتے ہوئے انتشار پر سخت تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ موجودہ حالات نے عام آدمی کی زندگی کو شدید متاثر کیا ہے۔ سیاسی قیادت اپنی ذاتی اور جماعتی ترجیحات سے بالاتر ہو کر ملک و قوم کے مفاد کو پہلی ترجیح بنائے، کیونکہ مسلسل محاذ آرائی نے نہ صرف ملکی ... عوام اپنے بنیادی مسائل کے حل کیلئے قیادت کی طرف دیکھ رہے ہیں۔ ایسے نازک مرحلے پر ایک دوسرے پر الزام تراشی اور سیاسی کردار کشی کسی مسئلے کا حل نہیں، بلکہ پیچیدگیاں بڑھانے کے مترادف ہے۔ سید امان شاہ نے تمام سیاسی جماعتوں، پارلیمانی نمائندوں اور مقتدر حلقوں سے اپیل کی کہ وہ برداشت، مکالمے اور مفاہمت کے راستے کو اختیار کریں۔

سیکرٹری انفارمیشن ٹیکنالوجی ایاز خان مندوخیل کنوینر اصلاح کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اصلاحات کمیٹی برائے بلدیاتی نظام کا پہلا باضابطہ اجلاس منعقد ہوا

اجلاس میں کمیٹی کو بلدیاتی نظام میں اصلاحات، ادارہ جاتی بہتری، شفافیت اور کارکردگی میں اضافہ سے متعلق ایک جامع پریزنٹیشن دی گئی

کمیٹی نے صوبے میں بلدیاتی اداروں کی فعالیت، یونین کونسلوں اور میونسپل کمیٹیوں کو درپیش مسائل کے حل سے متعلق متعدد تجاویز پر غور کیا

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی خصوصی ہدایات پر تشکیل دی گئی "اصلاحات کمیٹی برائے بلدیاتی نظام" کا پہلا اجلاس آج اصلاحاتی کمیٹی کے کنوینر سیکرٹری انفارمیشن ٹیکنالوجی ایاز خان مندوخیل کی زیر صدارت سیکرٹری انفارمیشن ٹیکنالوجی کے دفتر میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں سیکرٹری بلدیات و دیہی ترقی عبدالرؤف بلوچ، سابق نگران وزیر بلدیات ریٹائرڈ شیخ محمد الحسن، سابق سیکرٹری غلام علی بلوچ، ریٹائرڈ سیکرٹری عبدالصبور کاکڑ، سابق سیکرٹری بلدیات دوستین خان جمالدینی، میئر میونسپل کارپوریشن تربت بلخ شیر قاضی، ڈویلپمنٹ سیکٹر کے نمائندہ راجہ سعد خان، سیکرٹری بلوچستان لوکل گورنمنٹ بورڈ شجاعت علی اور ایڈمنسٹریٹو آفیسر حبیب اللہ خان بلوچ نے شرکت کی۔ اجلاس میں کمیٹی کو بلدیاتی نظام میں اصلاحات، ادارہ جاتی بہتری، شفافیت اور کارکردگی میں اضافہ سے متعلق ایک جامع پریزنٹیشن دی گئی، جس میں موجودہ نظام کے چیلنجز اور مستقبل کے اہداف کا تفصیلی جائزہ پیش کیا گیا۔ کمیٹی نے اس موقع پر صوبے میں بلدیاتی اداروں کی فعالیت بڑھانے، یونین کونسلوں اور میونسپل کمیٹیوں کو درپیش مسائل کے حل، مالی وسائل کی منصفانہ تقسیم، اور عوامی خدمات کی فراہمی کو بہتر بنانے سے متعلق متعدد تجاویز پر غور کیا۔ اجلاس کے دوران یہ فیصلہ کیا گیا کہ اصلاحات کمیٹی ایک مربوط اور جامع لائحہ عمل تیار کرے گی، جس کے تحت صوبے کے تمام اضلاع میں بلدیاتی اداروں کو فعال بنانے، عوامی نمائندوں کی استعداد کار بڑھانے اور ترقیاتی منصوبوں کی شفاف نگرانی کو یقینی بنایا جائے گا۔ کمیٹی نے اس عزم کا اظہار کیا کہ حکومت بلوچستان کی ترجیحات کے مطابق ایسا بلدیاتی نظام متعارف کرایا جائے گا جو عوامی فلاح، شفافیت اور مقامی ترقی کا ضامن ہو، تاکہ صوبے کے شہری اور دیہی علاقوں میں ترقی کے ثمرات براہ راست عوام تک پہنچ سکیں۔

گورنر جعفر خان مندوخیل سے ڈاکٹر روبینہ مشتاق ملاقات کر رہی ہیں

زیارت: مسلسل غیر حاضری پر تین ٹیچرز نوکری سے برخاست

35 کو شوکاز نوٹس، 24 کی جواب طلبی، فیصلہ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ اجلاس میں کیا گیا

اسکولوں سے ہمیشہ غیر حاضر کو فائنل نوٹس دیکر نوکری سے برخاست کیا جائے گا، ڈپٹی کمشنر

زیارت (خ ن) ڈپٹی کمشنر زیارت محمد ریاض خان داوڑ کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر لطیف اللہ ترین، اکاؤنٹس آفیسر عبدالغنی پانیزئی، ڈی ڈی او فیمیل سنجاوی فرزانہ کلثوم، اے ڈی او سنجاوی محمد زمان، ڈسٹرکٹ کوارڈینیٹر بدرالدین، آر ٹی ایس ایم بدرالدین، پروفیسر عبداللہ، فیض اللہ نے شرکت کی اجلاس میں تمام ڈی ڈی اوز نے رپورٹ پیش کیں اور کلسٹر بجٹ پر ڈپٹی کمشنر کو بریفنگ دی گئی اجلاس میں مسلسل غیر حاضری پر تین ٹیچرز کو نوکری سے برخاست کیا گیا، 35 ٹیچرز کو شوکاز نوٹس اور 24 کی جواب طلبی کی گئی۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر محمد ریاض خان نے کہا کہ اسکولوں سے ہمیشہ غیر حاضر کو فائنل نوٹس دیکر نوکری سے برخاست کیا جائے گا انہوں نے کہا کہ محکمہ تعلیم کے افسران ڈیلی بنیادوں پر اسکولوں کی وزٹ کریں غیر حاضر اساتذہ کی نشاندہی کریں غیر حاضر اساتذہ کی تنخواہوں سے کٹوتی کی جائے گی اور ان کی جواب طلبی کی جائے گی، انہوں نے کہا کہ تعلیم ایک اہم شعبہ ہے اس پر کسی قسم کا کمپرومائز نہیں کیا جائے گا اور میرٹ پر فیصلے کیے جائیں گے انہوں نے کہا کہ پورے ڈسٹرکٹ میں تعلیم کے فروغ کے لیے اقدامات کیے جائیں گے اور اس سلسلے کوئی غفلت برداشت نہیں کریں گے

سوئی: روبیلا و خسرہ سے بچاؤ کی مہم سے متعلق آگاہی سیشن اور واک

صدارت اے سی سوئی نے کی، محکمہ صحت و تعلیم حکام، اساتذہ، طلبہ اور عوام کی شرکت

ڈیرہ بگٹی (این این آئی) ڈپٹی کمشنر ڈیرہ بگٹی زوہیب الحق کی ہدایات پر تحصیل سوئی میں روبیلا اور خسرہ سے بچاؤ کی قومی مہم کے سلسلے میں اسسٹنٹ کمشنر آفس سوئی میں آگاہی پروگرام اور ... جاری رہے گی جس میں 6 ماہ سے 5 سال تک کے تمام بچوں کو ویکسین دی جائے گی۔ میٹنگ کے بعد اسسٹنٹ کمشنر سوئی نے اساتذہ، ہیلتھ ورکرز اور طلبہ کے ہمراہ آگاہی واک کی قیادت کی، ...

کوئٹہ پولیس اور انتظامیہ کا منصفانہ کردار یقینی بنایا جائے، رحیم کاکڑ

دیگر سیاسی جماعتوں کیطرح پاکستان تحریک انصاف کے ساتھ بھی انسانی رویہ اپنایا جائے

سائنس کالج میں ISF کے طلبہ کو پروگرام منعقد کرنے سے روکنا اور گرفتاریاں قابل مذمت ہے

کوئٹہ (یو این اے) تحریک انصاف کے رہنما سابق میئر ناظم رحیم کاکڑ، سردار حسن شاہ، جمیل بوستان، ایڈووکیٹ میر وائس، ایڈووکیٹ احمد شاہ، ایڈووکیٹ عمر فاروق، ایڈووکیٹ عبداللہ، ایڈووکیٹ توقیر بھٹی، نعمت اللہ، ضیاء الحق، امین آغا، ارشد اچکزئی، سردار بہلول، سردار احمد اور شاہ مصور نے چیف جسٹس ہائی کورٹ سے درخواست کی ہے کہ کوئٹہ ڈسٹرکٹ میں بلدیاتی انتخابات کے دوران پولیس اور انتظامیہ کا غیر منصفانہ رویہ روکا جائے۔ رہنماؤں کا کہنا ہے کہ جیسے صوبے کے دیگر سیاسی پارٹیوں کے ساتھ پولیس برتاؤ کر رہی ہے، اسی طرح کوئٹہ میں تحریک انصاف کے ساتھ بھی برتاؤ ہونا چاہیے۔ گزشتہ دن سائنس کالج میں آئی ایس ایف کے طلبہ کو کالج ہال میں پروگرام منعقد کرنے سے روکا گیا اور طلبہ کو پولیس نے گرفتار کر لیا۔ اس سے قبل ایک قوم پرست پارٹی کے پروگرام پر پولیس نے کوئی کارروائی نہیں کی۔ ناظم رحیم کاکڑ نے کہا کہ یہ عمل انصاف کے اصولوں کے خلاف ہے اور عدالت فوری نوٹس لے کر پولیس اور انتظامیہ کو پابند کرے کہ وہ بلدیاتی انتخابات کے دوران کسی بھی سیاسی جماعت یا طلبہ کے ساتھ زیادتی نہ کرے۔

سیاست میں آنے کا مقصد علاقے کے عوام کی نمائندگی ہے، جعفر کریم بھنگر

کچھ مخصوص افراد نے بھنگر برادری کے ووٹ کو ذاتی کاروبار کے طور پر استعمال کیا

چھتر (یو این اے) پاکستان مسلم لیگ ن کے رہنما میر جعفر کریم خان بھنگر نے کہا ہے کہ ان کا سیاست میں آنے کا مقصد ہمیشہ اپنے علاقے کے مظلوم عوام کی نمائندگی رہا ہے اور یہ مشن mission آئندہ بھی جاری رہے گا۔ اپنے بیان میں انہوں نے الزام عائد کیا کہ کچھ مخصوص افراد نے بھنگر برادری کے ووٹ کو ذاتی کاروبار کے طور پر استعمال کیا، جن کی تعداد انگلیوں پر گنی جا سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھنگر برادری کے وقار اور بقا کے لیے چیف سردار عمر دراز خان بھنگر نے ہمیشہ اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لایا، مگر کچھ مفاد پرست عناصر نے سردار کے خلاف اندرونی سازشیں کیں جو کبھی کامیاب نہیں ہوں گی۔ انہوں نے یقین ظاہر کیا کہ سردار عمر دراز خان ہر آزمائش میں سرخرو ہوں گے۔ جعفر کریم بھنگر نے سیکرٹری عبدالفتاح بھنگر پر سنگین الزامات عائد کرتے ہوئے کہا کہ ان کی آبا و اجداد کی ملکیت محدود تھی، مگر محکمہ اریگیشن بلوچستان کا قلمدان سنبھالنے کے بعد وہ اربوں روپے کے اثاثوں کے مالک کیسے بن گئے؟ اس معاملے کی شفاف تحقیقات ناگزیر ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ صحبت پور ملز میں غفور نامی شخص کے اکاؤنٹ میں کروڑوں روپے کی مشکوک منتقلی کی فوری انکوائری بلوچستان نیب اور اینٹی کرپشن کو کرنی چاہیے تاکہ حقائق سامنے آسکیں۔ رہنما مسلم لیگ ن نے الزام لگایا کہ سیکرٹری عبدالفتاح کا بیٹا خرم بھنگر سرکاری دفتر میں غیر قانونی اثر و رسوخ استعمال کر رہا ہے اور سرکاری گاڑی کا دن رات ذاتی استعمال بھی قانون کی خلاف ورزی ہے۔ انہوں نے محکمہ جنگلات میں مبینہ بندر بانٹ پر بھی شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے چیف سیکرٹری بلوچستان سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے واضح کیا کہ اگر غیر قانونی اقدامات نہ روکے گئے تو وہ عدالت سے رجوع کریں گے۔ آخر میں انہوں نے کہا کہ جام کمال خان کی قیادت میں پاکستان مسلم لیگ ن عوام کے حقوق کے تحفظ کے لیے اپنی سیاسی جدوجہد جاری رکھے گی اور بھنگر سمیت مختلف برادریوں کے تعاون سے سیاسی سفر مزید مضبوط ہوگا۔

انڈونیشیا: 20 ہزار تربیت یافتہ فوجی غزہ امن مشن کے لیے تیار

فوجی اہلکار صحت اور تعمیراتی کاموں میں حصہ لیں گے، تعیناتی کا فیصلہ ابھی زیر غور

جکارتا (آن لائن) انڈونیشیا نے غزہ میں امن قائم رکھنے کے لیے 20,000 فوجی اہلکار تربیت یافتہ کیے ہیں جو صحت اور تعمیراتی کاموں میں حصہ لیں گے، یہ اعلان ملکی وزیر دفاع سجافری جم سوئیدن نے کیا۔ دنیا کے سب سے زیادہ آبادی والے مسلم ملک انڈونیشیا نے امریکہ کے ساتھ غزہ میں کثیر ملکی استحکام فورس کے قیام کے منصوبوں پر تبادلہ خیال کیا ہے، جس میں آذربائیجان، مصر اور قطر بھی شامل ہیں۔ وزیر دفاع نے بتایا کہ ہم نے زیادہ سے زیادہ 20,000 فوجی تیار کیے ہیں، مگر ان کا کردار بنیادی طور پر صحت اور تعمیراتی شعبوں میں ہوگا۔ ہم غزہ امن مشن کے حوالے سے مزید فیصلوں کے منتظر ہیں۔

ہماری کوشش عوام کی فلاح و بہبود اور ضلع کی معاشی خوشحالی ہے، عبدالرحمن

... کے ثمرات ملنے لگے ہیں۔ چھتر تا ڈیرہ مراد جمالی شاہراہ اور ڈیرہ مراد جمالی تا میر حسن روڈ جیسے اہم منصوبے عبدالرحمن خان کاکڑ کی نگرانی میں مکمل ہوئے، جنہوں نے نہ صرف آمد و رفت کے مسائل حل کیے بلکہ مقامی تجارت، زراعت اور صنعتی سرگرمیوں میں بھی بہتری پیدا کی۔ ان سڑکوں کی تکمیل سے کسان اپنی زرعی اجناس منڈیوں تک آسانی سے پہنچا رہے ہیں جبکہ تاجروں کو سامان کی ترسیل کے بہتر مواقع میسر ہوئے ہیں۔ عبدالرحمن خان کاکڑ نے صحافیوں سے گفتگو میں کہا کہ ترقیاتی ... انجینئر کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان کی قیادت میں ضلع نصیر آباد میں ترقیاتی کاموں کا ایک نیا باب رقم ہو رہا ہے۔ عوامی حلقوں نے امید ظاہر کی کہ ان کی نگرانی میں مزید منصوبے مکمل ہوں گے، جس سے نصیر آباد صوبے کے ترقی یافتہ اضلاع کی صف میں شامل ہوگا۔ یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ عبدالرحمن خان کاکڑ کی پیشہ ورانہ قابلیت، انتظامی صلاحیت اور عوام دوست رویہ ضلع نصیر آباد کی ترقی کی ضمانت بن چکا ہے۔

سعودی عرب: حجاج کو گرمی سے محفوظ رکھنے والا احرام ایجاد

جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے تیار ٹھنڈا احرام جسم کو زیادہ گرم ہونے سے بچائے گا

جدہ (آئی این پی) سعودی عرب نے شدید گرمی کے موسم میں آنے والے حج سیزن کے دوران حجاج کرام کو ہیٹ اسٹروک اور تپش سے محفوظ رکھنے کے لئے جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے ٹھنڈا احرام ایجاد کر لیا ہے، جو دھوپ کی حرارت کم کر کے جسم کو زیادہ گرم ہونے سے بچانے میں مدد دیتا ہے۔ دنیا بھر سے لاکھوں مسلمان ہر سال حج کی سعادت کیلئے سعودی عرب پہنچتے ہیں، لیکن گزشتہ چند برسوں سے حج موسم گرما میں ہونے کے باعث شدید حرارت اور ہیٹ اسٹروک کا بڑا چیلنج بن چکا ہے۔ دو سال قبل شدید گرمی کے باعث سینکڑوں حجاج جاں بحق بھی ہوئے تھے۔ صورتحال کے پیش نظر اس بار سعودی عرب نے عازمین حج کو گرمی سے بہتر حفاظت دینے کیلئے ٹھنڈا احرام تیار کیا ہے۔ سعودی نیوز ایجنسی اتا کے مطابق اس احرام کی تیاری میں ایسا خصوصی فائبر استعمال کیا گیا ہے جو دھوپ کی تپش کو منعکس کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے، جس کے نتیجے میں جسم پر گرمی کا اثر کم محسوس ہوتا ہے۔ یہ نیا احرام سعودیہ ایئر لائن کی جانب سے عازمین کو فراہم کیا جائے گا۔ اس بارے میں ایئر لائن کے ڈائریکٹر تعلقات عامہ انجینئر عبداللہ الشہرانی نے بتایا کہ ٹھنڈا احرام حجاج و عمرہ زائرین کو گرمی سے محفوظ رکھنے میں موثر کردار ادا کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ ایئر لائن کی جانب سے حجاج کے سفر کو مزید آسان بنانے کے لیے کئی اقدامات کیے گئے ہیں، جن میں سامان کے بغیر حج کی سہولت خاص طور پر قابل ذکر ہے۔ اس کے تحت عازمین کا سامان ان کی رہائش گاہوں سے وصول کر کے براہ راست کارگو سیکشن بھیج دیا جاتا ہے، جس سے ان کی آمد و رفت میں سہولت پیدا ہوتی ہے۔ عبداللہ الشہرانی نے مزید بتایا کہ عازمین کی سہولت کے لئے فلائنگ ٹیکسی سروس متعارف کرانے کی کوشش بھی جاری ہے، جس کے ذریعے انہیں ایئرپورٹ سے مکہ یا مدینہ تک تیزی اور آسانی سے پہنچایا جا سکے گا۔

دیابیطس کے بارے میں آگاہی، بروقت تشخیص و علاج ضروری ہے، بابا بلیدی

عالمی یوم ذیابیطس کا بنیادی مقصد عوام میں اس مرض کی علامات، خطرات اور اس کی روک تھام کے طریقہ کار سے متعلق شعور اجاگر کرنا ہے

صحت مند طرز زندگی اپنانا، متوازن غذا کا استعمال اور روزانہ ہلکی پھلکی جسمانی سرگرمی ذیابیطس کے خطرات کو واضح حد تک کم کرتی ہیں

کوئٹہ (آن لائن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کے مشیر برائے محکمہ ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا ہے کہ ذیابیطس ایک ...

وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے رکن صوبائی اسمبلی میر اسعد بلوچ بات چیت کر رہے ہیں

اعلیٰ عہدیدار کو قتل کرنے کی یوکرینی کوشش ناکام بنا دی، روس

ماسکو (آئی این پی) روس کی سیکیورٹی سروس نے دعویٰ کیا ہے کہ یوکرین نے ایک اعلیٰ روسی حکومتی عہدیدار کو قتل کرنے کی کوشش کی تھی، تاہم اس منصوبے کو ناکام بنا دیا گیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق روسی سیکیورٹی سروس ایف ایس بی نے کہا ہے کہ یوکرینی ایجنسیز مبینہ طور پر اس وقت حملے کی منصوبہ بندی کر رہے تھے جب مذکورہ روسی اہلکار ماسکو کے قریب اپنے رشتے داروں کی قبروں پر حاضری دے رہا تھا۔ ایف ایس بی نے مزید دعویٰ کیا کہ یوکرین روس کے اندر اسی نوعیت کے مزید حملوں کی تیاری کر رہا ہے۔ تاہم یوکرین کی سیکیورٹی سروس نے ان الزامات کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ روس مسلسل جھوٹی خبریں گھڑ رہا ہے۔ یہ دعویٰ ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب کیف ایک بار پھر روسی فضائی حملوں کی زد میں رہا۔ یوکرینی حکام کے مطابق تازہ حملوں میں کم از کم چار افراد ہلاک اور 27 زخمی ہوئے، جن میں دو بچے اور ایک حاملہ خاتون بھی شامل ہیں۔ شہر کے مختلف علاقوں میں 15 سے زائد عمارتیں اور ایک طبی مرکز بھی متاثر ہوا۔ دوسری جانب یوکرین کے ڈرون حملے نے روس کے بندرگاہی شہر نووروسسک میں ایک آئل ڈپو کو نقصان پہنچایا، جبکہ چار افراد زخمی ہوئے۔ روس اور یوکرین کی جنگ کے دوران ٹارگٹ کلنگز اور اغوا کی کارروائیوں میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ مانیٹرنگ گروپ اے سی ایل ای ڈی کے مطابق 2025 کے پہلے تین کوارٹرز میں روس کے اندر ہونے والی ٹارگٹ کلنگز پچھلے تین سال کے مجموعی اعداد سے زیادہ رہی ہیں۔ گزشتہ مہینوں میں کئی روسی افسران کار بم دھماکوں اور خفیہ کارروائیوں میں مارے گئے، جن کی ذمہ داری یوکرین نے قبول کی۔ دوسری جانب یوکرین میں بھی سیکیورٹی اہلکاروں کے قتل کے واقعات پیش آئے ہیں

وفاقی وزراء کا پشتون قوم کو دہشت گردی سے جوڑنے کی مذمت کرتے ہیں، احمد خان

ایسا نفرت آمیز موقف پشتون دشمنی میں اندھے پن اور دماغی توازن کی بگاڑ کا نتیجہ ہے

ملک میں پشتون قوم کیخلاف نفرت کو ہوا دینا غیر انسانی، غیر اخلاقی اور روایات کے منافی عمل ہے

کوئٹہ (پ ر) افغان قومی موومنٹ کے چیئرمین احمد خان نے وفاقی وزراء کا پشتونوں کو دہشت گردی سے جوڑنے کے ناروا موقف کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے دماغی توازن کی بگاڑ کا نتیجہ قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ تاریخ گواہ ہے کہ ایٹم بم کے خالق ڈاکٹر عبدالقدیر خان جس نے اس ملک کو ناقابل تسخیر بنایا تھا وہ بھی ایک غیرت مند پشتون تھے اس قسم کی غیر مذموم وارانہ باتیں پشتون روایات اور رسم و رواج کے بالکل منافی اقدام ہے ایسے میں پشتون افغان قوم کو ملک کے ہر کونے میں دیوار سے لگانے کے خطرناک نتائج برآمد ہوں گے ان جیسے ناروا اقدامات پشتون عوام کو سول نافرمانی پر مجبور کرنے کے سازشی حربے ہیں تاکہ پشتون قوم کو ریاست کے خلاف بڑھکا کر اسے دہشت گرد ثابت کیا جائے گزشتہ دو دہائیوں میں ایک پرائے جنگ میں وزیرستان اور ملک کے دیگر حصوں میں پشتونوں کی ماورائے آئین قتال کے وہ داستان رقم کیے جو تاریخ میں پشتون دشمن استعماریت کے گلے کی ہڈی ثابت ہوگی۔ ملک کے کسی بھی کونے میں پشتون قوم پر ظلم و بربریت انکے خلاف ہرزہ سرائی برداشت نہیں کیا جا سکتا۔ ملک میں لسانیت اور قومیت سے بالاتر ہو کر مملکت خداداد کی سالمیت اور استحکام قائم و دائم رہے انہوں نے کہا کہ اگر ملک میں پشتونوں کے خلاف نفرت آمیز رویہ ترک نہ کیا گیا تو اس سے لسانیت اور قومیت کی ناسور پھیلنے کا خدشہ ہے۔ جس سے سول وار کا بھی قوی امکان و خدشہ نظر آ رہا ہے جسکے نتیجے میں ہم خدانخواستہ افغانستان کی طرح ایک نہ ختم ہونے والی خانہ جنگی میں مبتلا ہوں گے اور دیگر دنیا کی خفیہ ایجنسیز کا مرکز بن کر انکے پراکسیز کا جنگی میدان بنتے رہیں گے انہوں نے کہا کہ ملک کو قانون و آئین کے مطابق چلانے کے لئے بلاتفریق اور قومیت و لسانیت سے بالاتر ہو کر کام کرنا ہوگا بصورت دیگر ہماری حالت افغانستان سے بھی بدتر ہوگی۔

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی 17 نومبر سے شروع ہونے والی انسداد خسرہ و روبیلا مہم کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

صوبے کی ترقی کیلئے صحت اور تعلیم کے شعبہ جات میں منظم کام کرنا ہوگا، بخت کاکڑ

صوبائی حکومت عوامی مسائل حل کرنے کیلئے شروع دن سے سنجیدگی کے ساتھ کام کر رہی ہے جن کے مثبت اثرات آنا بھی شروع ہو چکے ہیں

بلوچستان تمام برادر اقوام کا ایک گلدستہ ہے اس گلدستے کے پرامن ماحول کو برقرار رکھنے کے لئے ہم سب نے ملکر اپنا کردار ادا کرنا ہوگا

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ وقت کا تقاضا ہے کہ ہم دیگر بلوچستان کو دیگر صوبوں کے برابر لانے کے لئے منظم اور موثر طریقے سے صحت اور تعلیم میں کام کیا جائے اور معیاری کام کو مدنظر رکھتے ہوئے ایسے اقدامات کریں جس سے کرپشن کا خاتمہ ممکن ہو سکے صوبائی حکومت عوامی مسائل حل کرنے کے لیے شروع دن سے سنجیدگی کے ساتھ کام کر رہی ہے جن کے اچھے اثرات آنا بھی شروع ہو چکا ہے دہشت گردوں کی نہ تو کوئی مذہب ہے اور نہ انسانیت جب چاہتے تو معصوم لوگوں کو تارگٹ بناتے ہیں یہ بات انہوں نے جمعہ کے روز صحافیوں کی ایک وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ بلوچستان تمام اقوام کا ایک گلدستہ ہے اس گلدستے کی پرامن ماحول کو برقرار رکھنے کے لئے ہم سب نے ملکر اپنا کردار ادا کرنا ہوگا محرم الحرام ہمارے لیے ایک اہم مہینہ ہے اور انسانیت کی قدر کا سبق سکھاتے ہیں کربلا کا واقعہ ہمارے سامنے ہے جو شہداء نے قربانی دے کر تمام عالم اسلام کو یہ پیغام دیا کہ وہ ایک آواز ہو کر انسانیت کی خدمت کے لئے آگے آ جائیں آج اگر ہم اس پر عمل درآمد کی بجائے فرقوں میں تقسیم ہو جائے تو یہ ایسا لگتا ہے کہ ہم دشمن کے لیے کام کر رہی ہے لیکن ہمیں چاہیے کہ عوام کی خدمت اور مسلمانوں کی اتحاد کیلئے ملکر کام کریں۔

"دی ریئل ڈیموکریٹ عمران خان انٹرنیشنل سول ایوارڈ" کے اجراء کا اعلان

بلوچستان سے تعلق رکھنے والی پانچ شخصیات کو اس ایوارڈ سے نوازا جائے گا، اویس جدون

کوئٹہ (یو این اے) چیئرمین بلوچستان انٹرنیشنل تھنک ٹینک اویس جدون نے پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے صوبائی صدر داؤد شاہ کاکڑ سے ملاقات میں سال 2025/26 کے لیے "دی ریئل ڈیموکریٹ عمران خان انٹرنیشنل سول ایوارڈ" کے اجرا اور تقریب کے انعقاد پر تفصیلی بات چیت کی۔ ملاقات کے دوران یہ فیصلہ کیا گیا کہ بلوچستان سے تعلق رکھنے والی پانچ شخصیات کو اس ایوارڈ سے نوازا جائے گا، جس کے لیے ایوارڈ سلیکشن کمیٹی جلد ناموں کا اعلان کرے گی۔ کمیٹی کی سربراہی صوبائی صدر پی ٹی آئی بلوچستان داؤد شاہ کاکڑ کریں گے، اور پانچ مختلف شعبوں میں اعلیٰ کارکردگی دکھانے والوں کو رواں سال کوئٹہ اور پشاور میں منعقدہ تقریب میں ایوارڈ سے نوازا جائے گا۔ اویس جدون نے کہا کہ عمران خان قومی ہیرو ہیں اور عوام و جمہوریت کے لیے لڑنے والے یہ لیڈر قابل فخر ہیں، جنہوں نے آمریت اور استعمار کے خلاف جدوجہد کی اور قید و بند کی صعوبتیں برداشت کیں۔ ایوارڈز کا مقصد انہی ہیروز کو یاد رکھنا اور ان کے کارناموں سے دنیا کو آگاہ کرنا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اس سیریز میں پہلے سے باچا خان، قائداعظم محمد علی جناح، نیلسن منڈیلا، مصطفیٰ کمال اتاترک، مولانا محمد عمر، مولانا مفتی محمود، خان شہید، میر غوث بخش بزنجو، سردار عطاء اللہ مینگل، بینظیر بھٹو شہید، محترمہ فاطمہ جناح، امام خمینی، کارل مارکس اور 30 دیگر قومی و بین ...

سویڈا: دروز گروپس اور حکومتی افواج کے درمیان جھڑپیں کم

سویڈا (آن لائن) جنوبی شام کے صوبہ سویڈا میں دروز مسلح گروپس اور حکومتی افواج کے درمیان نئے تصادموں کے بعد صورتحال کچھ پرسکون ہوئی، تاہم خدشات ہیں کہ تشدد دوبارہ بڑھ سکتا ہے۔ جھڑپوں کے دوران دونوں فریقین نے ایک دوسرے پر جنگ بندی کی خلاف ورزی کا الزام عائد کیا۔ اطلاعات کے مطابق متعدد افراد زخمی ہوئے، لیکن کسی کی موت کی اطلاع نہیں ملی۔ سویڈا کی ڈی فیکٹو فورس "نیشنل گارڈ" نے الزام لگایا کہ حکومتی افواج نے شہر المجدل پر حملہ کیا، "بھاری اور درمیانے ہتھیاروں اور حملہ آور ڈرونز کا استعمال کرتے ہوئے دفاعی لائنوں کو توڑنے اور اہم مقامات کو نشانہ بنانے کی کوشش کی۔" نیشنل گارڈ کے مطابق ان کی افواج نے بہادری سے اس حملے کو پسپا کیا اور دشمن کو بھاری نقصانات پہنچائے۔ دوسری جانب دمشق حکومت نے الزام عائد کیا کہ سویڈا کے فریقین نے پہلے جنگ بندی کی خلاف ورزی کی۔ سویڈا کے گورنر مصطفیٰ البکور نے کہا کہ "کچھ فریقوں اور نیشنل گارڈ نے 'ڈی-ایسکلیشن پوائنٹس' پر حملے کیے، جو بین الاقوامی معاہدوں کی صریح خلاف ورزی ہے اور مقامی شہریوں کے اپنے گاؤں واپس آنے کی کوششوں میں رکاوٹ ڈالتی ہے۔" سویڈا میں جولائی میں دروز گروپس اور مقامی بدو قبائل کے درمیان تصادم کے بعد حالات کشیدہ ہو گئے تھے، جس کے نتیجے میں سیکڑوں شہری، زیادہ تر دروز، ہلاک ہوئے۔ اسرائیل نے دروز کی حمایت میں حکومت کے خلاف حملے کیے، جس کے بعد امریکی ثالثی سے جنگ بندی عمل میں آئی۔ تب سے دروز گروپس نے سویڈا میں ایک ڈی فیکٹو فوجی اور حکومتی نظام قائم کیا ہے اور دمشق حکومت کے ساتھ براہ راست تعامل کرنے سے گریز کیا ہے

برطانیہ کا پاکستانی و بنگلا دیشیوں میں روزگار کے فرق کو کم کرنے کا عزم

روزگار کے مساوی مواقع فراہم کرنے کیلئے مزید کام کی ضرورت ہے، بیرونیس شراک

لندن (آئی این پی) برطانوی حکومت نے پاکستانی و بنگلا دیشی افراد اور سفید فام برطانوی شہریوں کے درمیان روزگار کے فرق کو کم کرنے کیلئے کیے جانے والے اقدامات کی تفصیلات پیش کر دیں۔ یہ رسپانس لارڈ قربان حسین کے تحریری سوال کے جواب میں فراہم کیا گیا ہے۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹ کے مطابق حکومت کی جانب سے جواب دیتے ہوئے بیرونیس شراک نے کہا کہ اپریل سے جون 2025 کے دوران پاکستان و بنگلا دیش سے تعلق رکھنے والے 61 لاکھ افراد برطانیہ میں ملازمت پر ہیں، جو گزشتہ سال کے مقابلے میں 5 لاکھ 20 ہزار کا اضافہ ہے۔ تاہم، انہوں نے اعتراف کیا کہ ابھی مزید کام کرنے کی ضرورت ہے تاکہ تمام طبقات کو روزگار کے مساوی مواقع فراہم کیے جا سکیں۔ انہوں نے وضاحت دیتے ہوئے کہا کہ ڈپارٹمنٹ فار ورک اینڈ پنشنز (ڈی ڈبلیو پی) ملک بھر کے جاب سینٹرز کے ذریعے روزگار کے متلاشی افراد کو مختلف سہولتیں فراہم کرتا ہے، جن میں ورک کوچز سے بالمشافہ رہنمائی اور انٹرویو کی تیاری میں مدد شامل ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت کا گیٹ بریٹن ورکنگ وائٹ پیپر روزگار کے نظام میں ایک نسل کی سب سے بڑی اصلاحات پر مشتمل ہے، جس کیلئے 240 ملین پاؤنڈ کی سرمایہ کاری کی گئی ہے۔ اس اقدام کا مقصد اقتصادی غیر فعالیت کو کم کرنا، افراد کو پائیدار ملازمتیں دلوانا اور ایک جامع لیبر مارکیٹ کو فروغ دینا ہے

چیئرمین بلوچستان ریونیو اتھارٹی عبداللہ خان سکول آف لاء بیوٹمز کوئٹہ میں منعقدہ سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں

بیوٹمز سکول آف لاء کے طلبہ کیلئے ایک روزہ سیمینار کا انعقاد کیا گیا

سیمینار کا انعقاد بلوچستان ریونیو اتھارٹی کے تعاون سے کیا گیا، صوبے میں بی آر اے کے قانونی و انتظامی امور میں کردار پر بریفنگ دی گئی

بی آر اے بزنس رجسٹریشن، ٹیکس و ریٹرن فائل کرنے اور تعمیل کا طریقہ کار، کیس فائلنگ فریم ورک، اور ٹیکس کے دائرہ کار کا جائزہ لیتی ہے، مقررین

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان ریونیو اتھارٹی کے تعاون سے سکول آف لاء، بیوٹمز یونیورسٹی کیمپس کوئٹہ کے زیر اہتمام سکول آف لاء، بیوٹمز کے طلبہ و طالبات کے لیے ایک روزہ سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ سیمینار کے مہمان خصوصی چیئرمین بلوچستان ریونیو اتھارٹی عبداللہ خان، بی آر اے کے کمشنر آپریشنز یعقوب مری، ڈائریکٹر سکول آف لاء بیوٹمز کوئٹہ آصف راز، فائزہ فریال اور دیگر معززین نے شرکت کی۔ بی آر اے کے کمشنر آپریشنز یعقوب مری نے سیمینار میں صوبے میں قانونی و انتظامی امور میں کردار پر تفصیلی بریفنگ دی۔ انہوں نے بتایا کہ بی آر اے بزنس رجسٹریشن، ٹیکس و ریٹرن فائل کرنے اور اس کی تعمیل کا طریقہ کار، کیس فائلنگ اور اسکے طریقہ کار کا فریم ورک، بی آر اے کے آپریشنل ڈھانچے اور ٹیکس کے دائرہ کار کا جائزہ لیتی ہے۔ اس کے علاوہ، بلوچستان ریونیو اتھارٹی لاء اور دیگر شعبوں سے تعلق رکھنے والے طلبہ و طالبات کو عملی میدان میں کھلانے کیلئے میرٹ پر انٹرن شپ کے مواقع بھی فراہم کرتی ہے۔ اس موقع پر چیئرمین بلوچستان ریونیو اتھارٹی عبداللہ خان نے کہا کہ بلوچستان ریونیو اتھارٹی گیارہ سو سے زائد سیکٹرز کا رجسٹریشن کروا کر انہیں ٹیکس نیٹ میں لا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بی آر اے سائنسی بنیادوں پر مختلف سیکٹرز سے ٹیکس اکٹھا کر کے صوبائی حکومت کے حوالے کرتی ہے اور عوام کو بی آر اے کے قوانین کے تحت انفرادی سطح پر اپنے کاروبار رجسٹرڈ کروانے کی سہولت فراہم کر رہی ہے۔ چیئرمین بی آر اے عبداللہ خان اور ڈائریکٹر سکول آف لاء بیوٹمز کوئٹہ آصف راز نے کہا کہ لاء کے طلبہ کو چاہیے

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

مشرق

ایگزیکٹوایڈیٹر، پرنٹرو پبلشر سید کامران ممتاز نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن ہالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایڈیٹر سید ممتاز احمدؒ

ٹیلی فون نمبر:۔2821626-2821538-2829164 فیکس نمبر:۔2835934-2830228

ای میل mashriqqta2008@gmail.com

ہفتہ 15 نومبر 2025ء

آئینی سفر کا نیا باب: استحکام، بحالی اور ادارہ جاتی ہم آہنگی کی امیدیں

وفاقی آئینی عدالت کے پہلے چیف جسٹس نے حلف اٹھالیا ہے۔ جمعہ کے روز صدر مملکت آصف علی زرداری نے جسٹس امین الدین سے عہدے کا حلف لیا، تقریب میں وزیراعظم شہباز شریف، چیف جسٹس سپریم کورٹ جسٹس یحییٰ آفریدی اور وفاقی وزراء، فیلڈ مارشل جنرل سید عاصم منیر، چیئرمین جوائنٹ سٹاف کمیٹی جنرل ساحر شمشاد مرزا، اعلیٰ عدلیہ کے جج صاحبان اور اعلیٰ سرکاری حکام نے تقریب میں شرکت کی

یہ پروقار تقریب اس امر کی گواہی تھی کہ پاکستان کا آئینی نظام ایک نئے دور میں داخل ہو چکا ہے، جہاں نہ صرف آئینی ترامیم کا عمل فعال ہے بلکہ ان ترامیم کے ثمرات کو ادارہ جاتی ڈھانچے میں فوری طور پر عملی شکل بھی دی جا رہی ہے۔ وفاقی آئینی عدالت کا قیام ان دنوں خوب زیر بحث بھی ہے آئینی ترمیم نے اس عدالت کی تشکیل کی راہ ہموار کی، اور آج جسٹس امین الدین خان کا حلف اس بات کا اعلان ہے کہ پاکستان نے آئینی عدل کے نظام کو مضبوط کرنے کی سمت عملی قدم اٹھالیا ہے۔ گزشتہ کئی ہفتوں سے پارلیمان کے اندر اور باہر ستائیسویں آئینی ترمیم پر شدید بحث و مباحثہ جاری تھا۔ اپوزیشن کی جانب سے واک آؤٹ، احتجاج، نکتہ چینی اور تحفظات کے باوجود حکومت نے ترمیم کے ہر مرحلے کو آئینی طریقے سے مکمل کیا۔ یہ پہلو خاص اہمیت رکھتا ہے کہ حکومت نے اس ترمیم کی تیاری، مسودہ سازی میں تمام جماعتوں سے مشاورت کی یہ اور بات ہے کہ اپوزیشن نے اس میں اپنا تعمیری حصہ نہیں ڈالا۔ اب پاکستان ایک اہم آئینی تعمیر نو سے گزر رہا ہے اپوزیشن نے اگرچہ آئینی نکات پر اپنے تحفظات رکھے، مگر ایوان سے واک آؤٹ کر کے وہ نہ صرف بحث سے دور ہوئی بلکہ آئینی عمل میں اپنا کردار بھی محدود کر گئی۔ جمہوریت مکالمے سے مضبوط ہوتی ہے، عدم شرکت سے نہیں۔ آج جب ملک اہم دور سے گزر رہا ہے ان حالات میں ستائیسویں ترمیم ایک ایسے آئینی ڈھانچے کو مضبوط کرتی ہے جو مستقبل کی پالیسیوں کے تسلسل اور ادارہ جاتی توازن کے لئے ناگزیر ہے۔ آئینی عدالت کی تشکیل اس ضمن میں اہم پیش رفت ہے کیونکہ آئینی تنازعات، انتظامی اختیارات اور وفاقی وحدت سے متعلق معاملات فوری فیصلے کے متقاضی ہوتے ہیں۔ ترمیم کا نفاذ اس بات کی علامت ہے کہ فیصلہ سازی میں تاخیر غیر ضروری ہے فیصلہ سازی بروقت ہونی چاہئے یہ اور بات ہے کہ ہمارے ہاں اس اصول کو مسلسل فراموش کیا جاتا رہا ہے۔ جب سیاسی درجہ حرارت اتنا بلند ہو جائے کہ پالیسیاں چند ماہ بعد تبدیل ہونے کے خدشے کا شکار ہوں، تو نہ سرمایہ کاری آتی ہے نہ معاشی اصلاحات آگے بڑھتی ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ آج عالمی اداروں کے ساتھ تعلقات ہوں یا نجی شعبے کی سرمایہ کاری سب کچھ سیاسی پیش گوئی پر منحصر ہے۔ ستائیسویں آئینی ترمیم وہ عمل ہے جو اس سیاسی پیش گوئی کو مضبوط بنانے کی صلاحیت رکھتی ہے، بشرطیکہ سیاسی قوتیں اختلافات کو دشمنی میں نہ بدلیں اور نہ ہی پارلیمان کو کمزور کرنے کا ذریعہ بنائیں۔ اب یہ ترمیم آئین کا حصہ ہے، اور اس کے ساتھ ہی حکومت پر ایک بڑی ذمہ داری عائد ہو چکی ہے۔ قانون سازی صرف الفاظ نہیں ہوتی یہ عوام اور مستقبل سے ایک عہد ہوتی ہے۔ حکومت کو چاہئے کہ اپوزیشن سے مکالمہ بحال کرے اختلافات کو وسیع تر قومی مفاد میں کم کرے۔ کسی بھی قسم کے تاثر سے بچا جائے کہ یہ ترمیم کسی جماعت کے مفاد میں ہے۔ اداروں کے درمیان ہم آہنگی کو فروغ دیا جائے ترمیم کا مقصد اداروں کو کمزور کرنا نہیں بلکہ مضبوط کرنا ہے۔ اپوزیشن کی ذمہ داری ہے کہ ہر معاملے کو احتجاج کی نذر نہ کرے اپوزیشن پارلیمان کے اندر اپنا کردار ادا کرے آئینی نکات پر مدلل بحث کرے عوامی مسائل کا حل سیاسی جلسوں کے بجائے قانون سازی سے تلاش کرے ہمارا المیہ یہ رہا ہے کہ اپوزیشن اکثر احتجاجی سیاست کو ترجیح دیتی ہے۔ اس رویے کو تبدیل کیے بغیر سیاسی نظام کبھی مستحکم نہیں ہو سکتا۔ پاکستان اس وقت ایک فیصلے کے موڑ پر ہے۔ آئینی ترمیم کا نفاذ ایک اہم قدم ہے، مگر سیاسی استحکام کا سفر ابھی باقی ہے۔ ہمیں سمجھنا ہوگا کہ آئین مضبوط ہوگا تو ریاست مضبوط ہوگی مکالمہ بڑھے گا تو غلط فہمیاں کم ہوں گی مشترکہ قومی ایجنڈا بنے گا تو معاشی بحران کم ہوگا سیاسی درجہ حرارت کم ہوگا تو اعتماد بحال ہوگا ستائیسویں ترمیم نہ تو جادوئی حل ہے اور نہ آخری قدم مگر یہ ایک ایسا آئینی عمل ہے جو ترجیحات واضح کرتا ہے کہ ملک اب انتشار کا متحمل نہیں، بلکہ استحکام، توازن اور آئینی بالادستی کی طرف بڑھ رہا ہے۔ جسٹس امین الدین خان کی حلف برداری کے ساتھ پاکستان نے آئینی نظام کے ایک نئے مرحلے کا آغاز کر دیا ہے۔ آئینی عدالت کا قیام، آئینی ترمیم کی تکمیل، اور پارلیمنٹری بالادستی کا واضح اظہار یہ سب وہ عوامل ہیں جو بتاتے ہیں کہ پاکستان صحیح سمت میں قدم بڑھا رہا ہے۔ اب ضرورت صرف اس بات کی ہے کہ حکومت ذمہ داری، رواداری اور مشاورت کا راستہ اپنائے اپوزیشن احتجاج کے بجائے پارلیمان میں کردار ادا کرے ادارے اپنی آئینی حدود میں رہ کر تعاون کریں اور پوری سیاسی قیادت یہ سمجھے کہ پاکستان کا مستقبل مثبت اور تعمیری سیاست میں ہے تصادم کی سیاست میں ہرگز نہیں اگر یہ راستہ اختیار کر لیا جائے تو ستائیسویں آئینی ترمیم صرف ایک ترمیم نہیں رہے گی بلکہ پاکستان میں سیاسی استحکام، معاشی بحالی اور ادارہ جاتی ہم آہنگی کی بنیاد بن جائے گی۔ ملک کو درپیش سیاسی، معاشی اور آئینی چیلنجوں کے پیش نظر اب وقت آ گیا ہے کہ حکومت اور اپوزیشن دونوں سنجیدگی اور بالغ نظری کا مظاہرہ کریں۔ ضروری ہے کہ سیاسی محاذ آرائی کے بجائے مکالمے کے دروازے کھولے جائیں حکومت کی ذمہ داری ہے کہ پارلیمانی فضا میں ہم آہنگی کو فروغ دے اور اداروں کے درمیان تعاون کو مزید مضبوط کرے اور اپوزیشن کے لئے بھی ضروری ہے کہ وہ ہر مسئلے کو احتجاجی سیاست کا حصہ بنانے کے بجائے پارلیمنٹ کے اندر فعال کردار ادا کرے۔ عوامی مسائل، معاشی بحران، مہنگائی اور قومی پالیسیوں کا حل جلسوں اور نعروں میں نہیں بلکہ ایوان کے اندر سنجیدہ قانون سازی، مباحثوں اور اصلاحی تجاویز سے نکلتا ہے۔ اپوزیشن جب محض سڑکوں پر سیاست تک خود کو محدود کر دیتی ہے تو وہ دراصل اپنے ہی کردار کو کمزور کرتی ہے اور جمہوری نظام کی بنیادوں کو بھی نقصان پہنچاتی ہے۔ پاکستان کا بڑا المیہ یہ رہا ہے کہ اختلاف رائے کو سیاسی دشمنی میں بدل دیا جاتا ہے، حالانکہ مضبوط جمہوریت کا تقاضا یہی ہے کہ اختلاف ہو مگر اداروں کا احترام اور پارلیمان کی بالادستی مقدم رکھی جائے۔ جب تک اپوزیشن اور حکومت دونوں مکالمے، اشتراک اور پارلیمانی روایات کو مضبوط نہیں کریں گے، ملک میں سیاسی استحکام ممکن نہیں اور سیاسی استحکام کے بغیر کسی بھی قومی ہدف کا حصول صرف ایک خواب ہی رہے گا۔

پاکستان پر دہشت گردی پھیلانے کے نئے بھارتی الزامات

برملا

نصرت جاوید

مصنوعی ذہانت کے استعمال پہ معذرت کیسی؟

حقائق

خزاں تو بے رنگ نہیں

خیالات

برطانیہ میں چند روز۔ وطن سے دوری کی تپش

غیر سیاسی باتیں

اطہر قادر حسن

thraqhasan@gmail.com

طالبان رجیم پاکستان میں دہشت گردی کی ذمہ دار

انداز جہاں

منزہ انوار

آسٹریلیا اور انڈونیشیا کا نیا دفاعی معاہدہ

گرد و پیش

ڈاکٹر رشید احمد خان

”آپریشن وانا کیڈٹ کالج“

امتحان

صوفیہ بیدار

جنوبی وزیرستان میں قائم کردہ وانا کیڈٹ کالج پر ملک دشمن عناصر نے ایک بار پھر سانحہ اے پی ایس دہرانے کی سازش کی جس کے آپریشن کی نگرانی خود کرتے ہوئے فیلڈ مارشل عاصم منیر کی سپاہ نے پانچ خوارج کو جہنم واصل کیا اس سے قبل بھی 20 خوارج دوزخ کا رزق بنے۔ جنوبی وزیرستان

خصوصی بچوں کے لیے سہولیات سے آراستہ کمپلیکس وقت کی ضرورت ہے

جس سے ان کی تعلیم و تربیت کے ساتھ معاشرتی انضمام میں مدد ملے گی، حبیب اللہ

لورالائی (خ ن) نومبر ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر ڈویژنل عالم لوین اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر حبیب اللہ ناصر نے لورالائی میں خصوصی بچوں کے لیے کمپلیکس کے قیام کے سلسلے میں محکمہ بلڈنگز کے ایکسین احمد الدین ہاشمی سے اہم ملاقات کی۔ اجلاس کا مقصد منصوبے کے مختلف پہلوؤں پر تفصیلی تبادلہ خیال کرنا تھا۔ ملاقات میں کمپلیکس کے قیام کے لیے ٹینڈر کے عمل، PC-1 کی تیاری اور مطلوبہ فنڈز کے اجراء پر سیر حاصل گفتگو ہوئی۔ اس موقع پر اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ منصوبے کی منصوبہ بندی سے لے کر تکمیل تک، دونوں محکمے باہمی مشاورت اور تعاون سے بورڈ پر موجود رہیں گے تاکہ منصوبہ بروقت اور معیار کے مطابق مکمل ہو۔ مزید برآں، اجلاس میں متفقہ فیصلہ کیا گیا کہ ایک مشترکہ اجلاس ڈپٹی کمشنر اور ریونیو حکام کے ساتھ منعقد کیا جائے گا تاکہ کمپلیکس کے لیے ایسی جگہ کا انتخاب کیا جا سکے جو نہ صرف شہری حدود کے قریب ہو بلکہ PWD اور عوام کے لیے بھی آسانی سے قابل رسائی ہو۔ عالم لوین نے کہا کہ خصوصی بچوں کے لیے علیحدہ اور سہولت سے آراستہ کمپلیکس وقت کی اہم ضرورت ہے، جس سے ان کی تعلیم و تربیت کے ساتھ ساتھ معاشرتی انضمام میں بھی مدد ملے گی۔ اجلاس میں اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ یہ منصوبہ لورالائی میں ایک مثبت سماجی تبدیلی کا پیش خیمہ ثابت ہوگا۔

وی سی گوادر یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

عبدالمجید بادینی کے فنڈ سے 78 سال بعد گریڈ اسٹیشن کی تعمیر کا کام شروع

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) جعفرآباد 78 سالوں کے بعد ڈیرہ اللہ یار کے قریب گریڈ اسٹیشن کی تعمیر کا کام شروع کر دیا گیا تفصیلات کے مطابق قیام پاکستان سے لیکر اب تک ڈیرہ اللہ یار گریڈ اسٹیشن سے محروم تھا اہم منتخب رکن بلوچستان اسمبلی وایم پی اے جعفرآباد انجینئر عبدالمجید بادینی کے فنڈ سے ڈیرہ اللہ یار کے قریب شاہی چوکی کے علاقے میں گریڈ اسٹیشن کے تعمیراتی کام کا آغاز شروع کر دیا گیا ہے

نصیر آباد: [illegible]

عالمی یوم ذیابطیس کے موقع پر شعور اجاگر کرنے کے لئے واک کا اہتمام

ذیابطیس تیزی سے بڑھتا ہوا مرض ہے سالانہ اسکریننگ کروانا ضروری ہے

نصیر آباد (نامہ نگار) سول ہسپتال ڈیرہ مراد جمالی میں عالمی یوم ذیابطیس کے موقع پر ماہر امراض قلب ڈاکٹر محمد اسماعیل جتک کی زیر صدارت آگاہی تقریب اور شعور اجاگر کرنے کے لیے واک کا انعقاد کیا گیا جس میں ڈاکٹروں طبی عملے اور شہریوں نے بھرپور شرکت کی ڈاکٹر محمد اسماعیل جتک نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ذیابطیس تیزی سے بڑھتا ہوا مرض ہے خصوصاً 40 سے 45 سال کی عمر کے افراد کے لیے سالانہ اسکریننگ کروانا انتہائی ضروری ہے تاکہ بروقت تشخیص ممکن ہو سکے انہوں نے کہا کہ صحت مند طرز زندگی متوازن غذا باقاعدہ واک وزن پر کنٹرول اور ادویات کا پابندی سے استعمال ذیابطیس کے مریضوں کے لیے بنیادی احتیاطی تدابیر ہیں

عوامی اشتہارات
MASHRIQ CLASSIFIED

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبے سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں "ادارہ" کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔
☆۔ ادارہ مشکوک اور مشکوک الفاظ والے مسودے کے غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔
☆۔ 2 فون نمبروں میں سے ایک غلط یا فون نمبر اور ایڈریس میں سے ایک اتفاقی غلط شائع ہونے کی صورت میں "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا مقررہ تاریخ سے پہلے شائع ہو جائے تو دوبارہ شائع نہیں ہوگا۔
☆۔ غلط اشتہار شائع ہونے کی صورت میں (3) دن میں ہمیں اپنی تحریری شکایت درج کرائیں ورنہ "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا۔
☆۔ اگر کسی وجہ سے کوئی اشتہار شائع ہونے سے رہ گیا ہو تو "ادارہ" اسکو دوسرے دن شائع کرنے کا مجاز ہوگا۔

عوامی مسائل پر جلد قابو پالینگے
خضدار میں پانی کے مسئلے پر کافی حد تک قابو پالیا ہے اپوزیشن لیڈر

ہماری کوشش ہوگی کہ جلد ماربل فیکٹریز کے واٹر سپلائی اسکیموں کو بحال کریں تاکہ عوام کے پانی کا مسئلہ مستقل حل ہو سکے، عوام کے لئے آسانیاں پیدا کریں

ہماری کوشش ہوگی کہ جلد ماربل فیکٹریز کے واٹر سپلائی اسکیموں کو بحال کریں تاکہ عوام کے پانی کا مسئلہ مستقل طور پر حل ہو جائے، میر یونس عزیز زہری

خضدار (آن لائن) اپوزیشن لیڈر بلوچستان اسمبلی میر یونس عزیز زہری کا پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے وفد کو ماربل فیکٹریز کے دو بڑے واٹر سپلائی اسکیموں کو جلد بحال کرنے کی ہدایت۔ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے آفیسرز کے جانب سے جلد از جلد ماربل فیکٹریز کی واٹر سپلائی اسکیموں کو بحال کرنے کا عزم، اپوزیشن لیڈر بلوچستان اسمبلی میر یونس عزیز زہری سے پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے آفیسرز کی ملاقات ہوئی جس میں خضدار کے عوام کو پانی کے حوالے سے درپیش مسائل پر گفت و شنید ہوئی اور جلد از جلد خضدار کے عوام کی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے خضدار میں جاری واٹر سپلائی اسکیموں کو مکمل کرنے کا عزم کیا گیا اور مزید میر یونس عزیز زہری کا کہنا تھا کہ خضدار کے عوام کی مشکلات کو حل کرنا میری اولین ترجیحات میں شامل ہیں عوام کو درپیش مسائل پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا خضدار میں پانی کے مسائل پر کافی قابو پالیا گیا ہے مگر اب بھی دیگر اسکیموں کو بحال کرنا وقت کی ضرورت ہے اور ان میں۔ اس موقع پر ایکسین عبدالرؤف قمرانی کا کہنا تھا کہ میرے اور میری ٹیم کی ذمہ داری ہے کہ ہم عوام کے لئے آسانیاں پیدا کرے اور بہت جلد عوام کے ان اجتماعی مسائل پر قابو پالینگے، ہماری کوشش ہوگی کہ جلد ماربل فیکٹریز کے واٹر سپلائی اسکیموں کو بحال کریں تاکہ عوام کے پانی کا مسئلہ مستقل طور پر حل ہو جائے۔ اس موقع پر انجمن تاجران صدر بازار حافظ حمید اللہ مینگل مولانا عبدالغفار بزنجو یونس رمضان موسیانی و دیگر موجود تھے

بلوچستان میں قدرتی جنگلات کی بے دریغ کٹائی جاری

ژوب (این این آئی) بلوچستان میں قدرتی جنگلات کی بے دریغ کٹائی زور و شور سے جاری ہے۔ صوبے کے مختلف علاقوں، خصوصاً شیرانی، ژوب میں چلغوزے، زیتون جیسے قیمتی درختوں کی کٹائی روزانہ کی بنیاد پر ہو رہی ہے قدرتی جنگلات جو نہ صرف علاقے کے موسم کو معتدل رکھتے تھے بلکہ جنگلی حیات کا قدرتی مسکن بھی تھے، اب تیزی سے ختم ہوتے جا رہے ہیں۔

ترقیاتی کاموں کو بروقت اور معیار کے ساتھ مکمل کیا جائے، ریاض داوڑ

عوام مطمئن رہیں، ترقیاتی کاموں کی تکمیل سے عوام مستفید ہوں گے، ڈی سی

زیارت (خ ن) ڈپٹی کمشنر محمد ریاض خان داوڑ نے آج بلوچستان انٹیگریٹڈ ڈویلپمنٹ انیشیٹیو کے تحت جاری سکیمات ڈی ایچ کیو ہسپتال کی مرمت اور انجیرہ کالج زیارت کی باؤنڈری وال کا وزٹ کیا۔ ڈپٹی پروجیکٹ ڈائریکٹر صغیر احمد نے بریفنگ دی انجیرہ کے باؤنڈری وال کے معائنہ کے موقع پر پرنسپل پروفیسر شبیر احمد بزنجو بھی موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر محمد ریاض خان داوڑ نے افسران کو سخت انسٹرکشن دیتے ہوئے کہا کہ ترقیاتی کاموں کو بلوچستان ڈویلپمنٹ انیشیٹیو کے مطابق بروقت اور معیار کے ساتھ مکمل کیا جائے۔ اس سلسلے میں کسی قسم کی غفلت ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ عوام مطمئن رہیں، ترقیاتی کاموں کی تکمیل سے عوام مستفید ہوں گے۔

لورالائی، ڈاکٹر عبدالعلیم اتمانخیل کا بی ایچ یو سرغند کا اچانک دورہ

لورالائی (خ ن) ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر لورالائی ڈاکٹر عبدالعلیم اتمانخیل نے بنیادی مرکز صحت (بی ایچ یو) سرغند کا اچانک دورہ کیا۔ دورے کا مقصد مرکز صحت میں عوام کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات اور عملے کی حاضری کا جائزہ لینا تھا۔ بی ایچ یو کے دورے کے دوران مرکز مکمل طور پر فعال پایا گیا جبکہ مریضوں کے علاج و معالجے کے لیے میڈیکل اسٹاف بشمول میڈیکل ٹیکنیشن غازی خان کھیتران اور ڈسپنسر ارشاد اپنی ذمہ داریاں انجام دے رہے تھے۔ عملے نے ڈی ایچ او کو طبی سہولیات، ادویات کی دستیابی اور مریضوں کی تعداد کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ ڈاکٹر علیم اتمانخیل نے بی ایچ یو کے مختلف شعبوں کا معائنہ کیا اور صفائی، ادویات اور مریضوں کے ریکارڈ کی جانچ کی۔ انہوں نے عملے کی موجودگی اور خدمات پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ عوام کو بنیادی طبی سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایسے مراکز صحت کا فعال رہنا دیہی عوام کے لیے نہایت خوش آئند ہے اور محکمہ صحت کی کارکردگی کا عملی ثبوت ہے۔

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر قلات کا ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفس کا دورہ

قلات (آن لائن) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر قلات شاہنواز بلوچ نے ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفس کا دورہ کیا اور مختلف شعبہ جات سے متعلق ضلعی محکمہ صحت کے حکام نے انہیں بریفنگ دی اس موقع پر ڈسٹرکٹ سرویلنس آفیسر ڈبلیو ایچ او ڈاکٹر نوروز بلوچ ڈپٹی ڈی ایچ او ڈاکٹر محمد اقبال نورزئی یوسف کے کمیونیکیشن آفیسر ہمایوں لہڑی بھی موجود تھے۔ ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر انجم بلوچ نے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کو ضلع بھر میں آر ایچ سیز، ڈیز کی تعداد ٹوٹل اسٹاف کی تعداد ہیلتھ سینٹرز کو فراہم کردہ ادویات پرنس کریم خان ہسپتال میں دستیاب سہولیات درپیش مسائل ڈاکٹرز اور دیگر پیرا میڈیکل اسٹاف کی حاضریوں سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی۔

جامعہ گوادر کی ایڈوانسڈ اسٹڈیز اینڈ ریسرچ بورڈ کا پہلا اجلاس تعلیمی و تحقیقی ڈھانچے کا جائزہ

عالمی معیار کی تحقیق، موثر نگرانی اور علمی فعالیت کو فروغ طلبہ اور محققین کو مضبوط، شفاف اور معاون تعلیمی ماحول فراہم کریں گے

جامعہ گوادر تحقیق، جدت اور اعلیٰ معیار تعلیم کے فروغ کے لیے پوری سنجیدگی عزم کے ساتھ آگے بڑھ رہی ہے، عبدالرزاق صابر

گوادر (خ ن) گوادر یونیورسٹی میں ایڈوانسڈ اسٹڈیز اینڈ ریسرچ بورڈ کا پہلا اجلاس وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر کی زیر صدارت پاک چائنہ ٹیکنیکل اینڈ ووکیشنل انسٹیٹیوٹ منعقد ہوا۔ اجلاس میں پرو وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر سید منظور احمد، رجسٹرار ڈاکٹر دولت خان، کنٹرولر امتحانات ڈاکٹر رحیم بخش مہر، ڈین فیکلٹی آف سوشل سائنسز پروفیسر ڈاکٹر جان محمد، ڈین فیکلٹی آف سائنس اینڈ انجینئرنگ ڈاکٹر محب اللہ، ڈائریکٹر اورک ڈاکٹر محمد ارشاد اور ڈائریکٹر کوالٹی انہانسمنٹ سیل ڈاکٹر رابعہ اسلم نے شرکت کی۔ اجلاس کے آغاز میں ایڈوانسڈ اسٹڈیز اینڈ ریسرچ بورڈ کے مینڈیٹ، اہداف اور بنیادی کردار پر تفصیلی بریفنگ دی گئی، جس کے بعد جامعہ کے تعلیمی و تحقیقی ڈھانچے کو مضبوط بنانے سے متعلق اہم نکات کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے دوران بورڈ نے ٹرمز آف ریفرنس، ایڈوانسڈ اسٹڈیز اینڈ ریسرچ بورڈ کے قواعد و ضوابط، نئے پوسٹ گریجویٹ پروگرامز، اور پوسٹ گریجویٹ تحقیق کے لیے سپروائزرز اور کو۔سپروائزرز کی منظوری دی۔ مزید برآں، ریسرچ ایتھکس پالیسی اور ہائر ایجوکیشن کمیشن پاکستان کی اینٹی پلیجرازم پالیسی کو اپنانے، انسٹی ٹیوشنل ایتھیکل ریویو کمیٹی کے قیام، ریسرچ جرنل اور پبلی کیشن پالیسی کی تشکیل، اور ایڈوانسڈ اسٹڈیز اینڈ ریسرچ بورڈ کی سب کمیٹیوں کے قیام کی بھی باقاعدہ منظوری دی گئی۔ اجلاس میں تحقیقی فنڈنگ اور گرانٹس سے متعلق امور بھی زیر غور رہے، ریسرچ میں کوالٹی ایشورنس میکانزم پر تفصیلی تبادلہ خیال ہوا، اور تھیسس فارمیٹ گائیڈ لائنز کو بھی بورڈ نے منظور کر لیا۔ اجلاس میں مینجمنٹ سائنسز، کیمسٹری اور ایجوکیشن کے شعبوں میں ایم ایس ایم فل کے پروگراموں کا جائزہ بھی لیا گیا۔ اس موقع پر وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر نے کہا یونیورسٹی آف گوادر تحقیق، جدت اور اعلیٰ تعلیمی معیار کے فروغ کے لیے مسلسل کوشاں ہے۔ ایڈوانسڈ اسٹڈیز اینڈ ریسرچ بورڈ کا قیام اور آج کا پہلا اجلاس ہماری اس عزم کی مضبوط عکاسی کرتا ہے کہ ہم عالمی معیار کی تحقیق، موثر نگرانی، اور علمی فعالیت کو فروغ دیتے ہوئے اپنے طلبہ اور محققین کو ایک مضبوط، شفاف اور معاون تعلیمی ماحول فراہم کریں گے۔ "ایڈوانسڈ اسٹڈیز اینڈ ریسرچ بورڈ کے اس پہلے اجلاس نے یونیورسٹی آف گوادر کے اس وژن کو مزید تقویت بخشی کہ وہ قومی و علاقائی سطح پر ایک موثر تحقیقی و تعلیمی ادارے کے طور پر اپنا کردار مزید مضبوط انداز میں ادا کریں۔

پشتونخوا میپ کے وفد کی جمال کی قیادت میں ایکسین سے ملاقات

ژوب وانا روڈ اور ژوب قمردین کاریز روڈ کی خستہ حالی پر تشویش کا، تعمیر کا مطالبہ

ژوب (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ژوب کے نمائندہ وفد، جس میں ضلعی صدر جمال، ضلعی جنرل سیکرٹری عبدالخالق ناصر، ضلعی معاونین باران کلیوال، میرزا خان مندوخیل اور علی محمد کاکڑ شامل تھے۔ وفد نے سی اینڈ ڈبلیو (B&R) کے ایکسین سے ملاقات کی۔ وفد نے ملاقات کے دوران ژوب۔وانا روڈ اور ژوب۔قمردین کاریز روڈ کی خستہ حالی پر تشویش کا اظہار کیا اور سڑکوں کی بروقت تعمیر پر زور دیا۔ وفد نے کہا کہ ان سڑکوں کی عدم تعمیر سے عوام کو شدید مشکلات، سفری دشواریوں اور مالی نقصان کا سامنا ہے، جس کی فوری اصلاح ضروری ہے۔ مزید برآں، وفد نے ژوب شہر میں امن و امان کی بگڑتی صورتحال کے حوالے سے ایس پی ژوب سے بھی ملاقات کی۔ اس موقع پر وفد نے مطالبہ کیا کہ شہر میں بڑھتی ہوئی چوریوں اور دیگر جرائم پر قابو پانے کے لیے سخت اقدامات کیے جائیں تاکہ عوام میں تحفظ اور اعتماد کا ماحول بحال ہو۔ بیان میں کہا گیا کہ پشتونخوا ملی عوامی پارٹی عوام کے بنیادی مسائل کے حل اور علاقے کی تعمیر و ترقی کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔

والدین اپنے بچوں کو خسرہ کے ٹیکے اور پولیو کے قطرے ضرور پلوائیں ڈی سی

خسرہ کے ٹیکوں کا ٹارگٹ 34 ہزار اور پولیو کا 44 ہزار ہے، 23 فکس سائٹس، 2 موبائل، 44 آؤٹ ریچ ٹیمیں مقرر کی گئی ہیں

6 ماہ سے 5 سال تک کے بچوں کو خسرہ کے ٹیکے جبکہ پیدائش سے 5 سال تک کے بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے جائیں گے

سبی (خ ن) ڈپٹی کمشنر سبی میجر (ر) الیاس کبزئی کی صدارت میں خسرہ مہم کی تیاریوں کے سلسلے میں آخری جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر سبی منصور علی شاہ، ڈی ایچ او ڈاکٹر اکبر سولنگی، ڈپٹی ڈی ایچ او ڈاکٹر قادر ہارون، ڈویژنل آفیسر WHO ڈاکٹر جہانگیر و دیگر افسران شریک ہوئے۔ یہ خسرہ مہم کے حوالے سے آخری جائزہ اجلاس تھا جس میں تمام انتظامات اور تیاریوں پر ڈپٹی کمشنر سبی میجر (ر) الیاس کبزئی کو تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ خسرہ مہم 17 نومبر سے 29 نومبر تک جاری رہے گی اور اس دوران بچوں کو پولیو کے قطرے بھی پلائے جائیں گے۔ مہم کو مؤثر انداز میں چلانے کے لیے 23 فکس سائٹس، 2 موبائل ٹیمیں اور 44 آؤٹ ریچ ٹیمیں مقرر کی گئی ہیں۔ 6 ماہ سے 5 سال تک کے بچوں کو خسرہ کے ٹیکے جبکہ پیدائش سے 5 سال تک کے بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے جائیں گے۔ خسرہ کے ٹیکوں کا ٹارگٹ 34 ہزار اور پولیو کا ہدف 44 ہزار بچوں پر مشتمل ہے۔ اس سلسلے میں آج گورنمنٹ بوائز ماڈل اسکول میں آگاہی تقریب بھی منعقد ہوئی جس میں ڈی ایچ او ڈاکٹر اکبر سولنگی، ڈپٹی ڈی ایچ او ڈاکٹر قادر ہارون، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن افسر عبدالستار لانگو، ڈویژنل آفیسر WHO ڈاکٹر جہانگیر، سی سی او یوسف شبانہ، ڈی ایس او WHO ڈاکٹر نصیر کرد، ایم اینڈ ای ای پی آئی شعیب جتک سمیت اساتذہ اور طلباء کی بڑی تعداد شریک تھی۔ تقریب کے دوران خسرہ سے متعلق آگاہی فراہم کی گئی جبکہ متعلقہ افسران کی قیادت میں آگاہی واک کا بھی انعقاد کیا گیا۔ مزید برآں، آج جمعہ کے خطبات میں بھی علمائے کرام نے خسرہ مہم کی اہمیت اور بچوں کی لازمی ویکسینیشن کے متعلق خصوصی آگاہی فراہم کی گئی۔ ڈپٹی کمشنر سبی میجر (ر) الیاس کبزئی نے والدین اور عوام سے پرزور اپیل کی کہ وہ اپنے بچوں کو لازمی طور پر خسرہ کے ٹیکے لگوائیں اور پولیو کے قطرے ضرور پلوائیں تاکہ بچوں کو خطرناک بیماریوں سے محفوظ بنایا جا سکے۔

زیارت: اے سی ساجد الرحمٰن کی نگرانی میں خسرہ و روبیلا مہم کا افتتاح کیا جا رہا ہے

تلاش گمشدہ

میری ایم اے اسلامک اسٹڈیز کی ڈگری بنام ثناء جبین ولد ارشد محمود، جاری کردہ SBK سیشن 2012-2014 کہیں گم ہو گئی ہے، جسے ملے موبائل نمبر 03337849105 پر مطلع کرے۔ امتیاز احمد.......

تلاش گمشدہ

میرے تین عدد کال ڈپازٹس بینک الفلاح سبی برانچ بنام فاروق احمد جن کے ڈی آر سی پر موجود ہے دوران گزر بازار ایریا میں کہیں گم ہو گئے ہیں جس کو ملے درج ذیل فون نمبر پر اطلاع کریں اطلاع کے لیے مشتہر ہے المشتہر۔ فاروق احمد سکنہ سبی فون نمبر 03337893755 نمائندہ ڈھاڈر.......

گمشدگی شناختی کارڈ

میرا شناختی کارڈ نمبر 5420397109609 بنام میر رفیع اللہ ولد سید عبدالشکور کہیں گم ہو گیا ہے ملنے پر قریبی لیویز تھانہ پہنچا دیں۔ نمائندہ میزئی اڈہ

اطلاع عام

پلاٹ نمبر R-1-C-76 رقبہ 258 گز رخشان اسکیم اس وقت زاہدہ شفیع، خالد شفیع، عابد شفیع ولد میاں محمد شفیع، رضیہ سلطان، سعدیہ صدیق، ملیحہ صدیق ولد میاں صدیق شفیع، شازیہ شفیع زوجہ توصیف سلیم، عالیہ شاہد زوجہ شاہد پرویز کے نام ہے ٹرانسفر علی مراد ولد اکبر خان کے نام کرانا مقصود ہے اعتراض کی صورت میں 15 یوم کے اندر QDA سے تحریری رابطہ کریں
R No....62361

اطلاع عام

بنگلہ نمبر 29-D رقبہ 376.88 گز سمنگلی اسکیم اس وقت ضیاء اللہ ولد حاجی مصطفیٰ کے نام ہے ٹرانسفر قیصر خان ولد عبدالغفور کے نام کرانا مقصود ہے اعتراض کی صورت میں 15 یوم کے اندر QDA سے تحریری رابطہ کریں
R No....62361

ڈی سی نصیر آباد کی زیر صدارت ضلعی افسران کا تعارفی اجلاس

کئی محکموں کے ڈسٹرکٹ ہیڈز کی عدم شرکت پر ڈی سی کا برہمی کا اظہار

نصیر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد کیپٹن ریٹائرڈ ذوالفقار علی کرار کی زیر صدارت ضلعی افسران کا تعارفی اجلاس منعقد ہوا جس میں مختلف محکموں کے ڈسٹرکٹ ہیڈز اور متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ کئی محکموں کے ڈسٹرکٹ ہیڈز کی اجلاس میں عدم شرکت پر ڈپٹی کمشنر نے برہمی کا اظہار کیا اور ان کے خلاف بالا حکام کو تحریری طور پر آگاہی فراہم کرنے کی ہدایت کی اجلاس میں تمام افسران نے اپنے اپنے محکموں کے مفاد عامہ میں جاری ترقیاتی سرگرمیوں، کارکردگی اور درپیش مسائل کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر نصیر آباد کیپٹن ریٹائرڈ ذوالفقار علی کرار نے کہا کہ اس اجلاس کا مقصد ضلعی افسران سے تعارف اور تمام محکموں میں جاری ترقیاتی امور کے حوالے سے مکمل آگاہی حاصل کرنا ہے۔ کوئی بھی ڈسٹرکٹ ہیڈز ہمیں مطلع کیے بغیر جائے تعیناتی سے غیر حاضر نہ رہیں ہم محکمے میں عادی غیر حاضر عملے کے خلاف کارروائی کرنا متعلقہ آفیسران کی ذمہ داری ہے انہوں نے کہا کہ حکومت کی جانب سے ہمیں جو ذمہ داریاں سونپی گئی ہیں، انہیں احسن طریقے سے سرانجام دینا ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ تعلیم، صحت، آب نوشی اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے تمام محکمے اپنی ذمہ داریاں بھرپور انداز میں ادا کریں۔ ڈپٹی کمشنر نے واضح ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ تمام افسران اپنے دفاتر میں باقاعدگی سے موجود رہیں اور عوامی مسائل کے حل کیلئے فوری اقدامات کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری امور کی سخت مانیٹرنگ کی جائے گی اور اس سلسلے میں سرپرائز وزٹ بھی کیے جائیں گے۔

شعبہ صحت کو جدید خطوط پر استوار کیا جا رہا ہے حضرت ولی کاکڑ

بی پی ایچ آئی کا سارے بلوچستان اور خاص طور پر شیرانی میں صحت کے حوالے سے بہت اہم کردار رہا ہے

ٹیلی ہیلتھ سینٹر کی سہولت شیرانی کے عوام کے لیے صحت کی ایک اہم پیش رفت ہے، ڈپٹی کمشنر شیرانی کی گفتگو

شیرانی (آن لائن) پی پی ایچ آئی شیرانی کے تحت بی ایچ یو شرن ستار میں ٹیلی ہیلتھ سینٹر کا افتتاح ڈپٹی کمشنر شیرانی حضرت ولی کاکڑ نے کیا۔ ڈپٹی کمشنر شیرانی حضرت ولی کاکڑ کے ہمراہ اسسٹنٹ کمشنر شیرانی، چیئرمین میونسپل کمیٹی محمود اللہ، ڈی ایس ایم پی پی ایچ آئی ژوب شیرانی سید امان شاہ اور دیگر بھی تھے۔ ڈی ایس ایم پی پی ایچ آئی ژوب شیرانی سید امان شاہ نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ یہ سہولت ضلع شیرانی میں اپنی نوعیت کی پہلی سہولت ہے جو شیرانی کے عوام کے لیے صحت کی خدمات کو جدید خطوط پر استوار کرنے کی ایک اہم پیش رفت ہے۔ افتتاحی تقریب کے دوران، ڈپٹی کمشنر شیرانی کو پی پی ایچ آئی ژوب شیرانی کے ڈی ایس ایم سید امان شاہ نے ٹیلی ہیلتھ نظام کے کام کرنے کے طریقہ کار پر تفصیلی بریفنگ دی، جس میں دور دراز مشاورت، الیکٹرانک ریکارڈ رکھنے، اور ماہر ڈاکٹروں سے فوری تشخیص و علاج کے لیے رابطہ شامل ہے۔ ڈپٹی کمشنر شیرانی حضرت ولی کاکڑ نے اس اقدام کو دور دراز علاقوں میں ماہر ڈاکٹروں کی کمی کو پورا کرنے کے لیے ایک عملی حل قرار دیا۔ اور متعلقہ محکمے کو ہدایت کی کہ نظام کو مکمل طور پر فعال اور عوام کے لیے رسائی رکھا جائے۔ آخر میں ڈپٹی کمشنر شیرانی حضرت ولی کاکڑ نے پی پی ایچ آئی ژوب شیرانی کے ڈی ایس ایم سید امان شاہ کے خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ پی پی ایچ آئی کا سارے بلوچستان اور خاص طور پر شیرانی میں صحت کے حوالے سے بہت اہم کردار رہا ہے۔ اور دور دراز علاقوں میں عوام کو انکے دہلیز پر صحت کی سہولیات مہیا کر رہی ہے۔ جو کہ قابل تعریف ہے۔

ڈی ایچ کیو ہسپتال زیارت میں خسرہ اور روبیلا سے بچاؤ قومی مہم کا افتتاح

مہم 17 سے 29 نومبر تک جاری رہے گی، 29,808 بچوں کو ہدف بنایا گیا ہے

زیارت (خ ن) ڈپٹی کمشنر زیارت محمد ریاض خان داوڑ کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر زیارت ساجد الرحمان کوڑہ اور ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر زیارت محمد رفیق نے مشترکہ طور پر ڈی ایچ کیو ہسپتال زیارت میں خسرہ اور روبیلا سے بچاؤ قومی مہم کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر انہوں نے بروقت بچوں کی ویکسینیشن کے ذریعے صحت مند نوجوان نسل کی اہمیت پر زور دیا۔ یہ مہم 17 سے 29 نومبر تک جاری رہے گی، جس میں ضلع بھر کے 29,808 بچوں کو ہدف بنایا گیا ہے۔ مہم کے لیے 59 ٹیمیں اور 20 سپروائزر تعینات کیے گئے ہیں۔ اس مہم کا مقصد 100٪ ویکسینیشن کوریج حاصل کرنا اور ضلع کو خسرہ اور روبیلا سے مکمل طور پر محفوظ بنانا ہے۔ اس سلسلے میں آگاہی مہم میں ضلعی افسران، ڈاکٹرز، NGOs اور مقامی افراد نے شرکت کی، جنہوں نے والدین پر زور دیا کہ وہ اپنے بچوں کو قابل تدارک بیماریوں سے بچانے کے لیے صحت کی ٹیموں کے ساتھ بھرپور تعاون کریں۔

پاکستان کوسٹ گارڈ ملک کی سمندری سرحدوں کی محافظ ہے

بلکہ عوامی فلاح و بہبود کے شعبے میں بھی نمایاں کردار ادا کر رہی ہے

اوتھل (این این آئی) عوامی حلقوں نے پاکستان کوسٹ گارڈز کے فلاحی و سماجی کاموں کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کوسٹ گارڈ نہ صرف ملک کی سمندری سرحدوں کی محافظ ہے بلکہ عوامی فلاح و بہبود کے شعبے میں بھی نمایاں کردار ادا کر رہی ہے۔ حالیہ دنوں میں ناکہ کھاری کے مقام پر کوسٹ گارڈ کی جانب سے ایک فلاحی ہسپتال کا قیام عمل میں لایا گیا ہے جہاں مسافروں اور مقامی آبادی کو بلا معاوضہ طبی سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں۔ اس اقدام سے علاقے کے شہریوں کو بروقت اور معیاری علاج میسر آ رہا ہے، جو صحت کے شعبے میں ایک خوش آئند پیش رفت ہے۔ علاوہ ازیں تعلیمی میدان میں بھی کوسٹ گارڈ کا کردار قابل ذکر ہے۔ ادارے نے مختلف مقامات پر اسکول بھی قائم کیے ہیں اور خستہ حال سکولز کی مرمت بھی کی جا رہی ہے تاکہ پسماندہ علاقوں اور دور دراز علاقوں کے بچوں کو معیاری تعلیم فراہم کی جا سکے۔ حال ہی میں لسبیلہ یونیورسٹی میں منعقد ہونے والے ایک بہترین "لس یوتھ فیسٹیول" میں بھی پاکستان کوسٹ گارڈ نے بھرپور تعاون کیا اور شرکت کی۔ جس سے فیسٹیول کی رونقوں اور رنگینیوں میں اضافہ ہوا اور طلبہ کا حوصلہ بلند ہوا۔ یہ تمام اقدامات اس بات کا ثبوت ہیں کہ پاکستان کوسٹ گارڈ صرف سیکیورٹی ادارہ ہی نہیں بلکہ تعلیم، صحت اور سماجی ترقی کے میدانوں میں بھی سرگرم عمل ہے۔ عوامی و سماجی حلقوں نے ان اقدامات کو سراہتے ہوئے ادارے کو خراج تحسین پیش کیا اور اُمید ظاہر کی کہ کوسٹ گارڈ مستقبل میں بھی عوامی فلاح کے لیے اسی جذبے کے ساتھ اپنی خدمات جاری و ساری رکھے گا۔

مرحوم میر رضا علی خان جمالی کی وفات پر تعزیت

اوستہ محمد (آن لائن) مرحوم میر رضا علی خان جمالی کی وفات پر تعزیت کا سلسلہ جاری تفصیلات کے مطابق قبائلی رہنما مرحوم میر رضا علی خان جمالی کی وفات پر مختلف شخصیات کا گوٹھ علی آباد جمالی میں تعزیت کا سلسلہ جاری ہے گزشتہ روز پیپلز پارٹی کے رہنما ایم پی اے نوابزادہ نادر خان مگسی گوٹھ علی آباد جمالی میں میر حاجی رضا علی خان جمالی کی وفات پر ان کے بیٹے میر مظفر خان جمالی سردار محمد ہارون خان جمالی میر پیر بخش خان جمالی میر حیدر خان جمالی صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ فیصل خان جمالی سے اظہار تعزیت و فاتحہ خوانی کی اس موقع پر حاجی علی شیر مگسی تحصیلدار علی گوہر مگسی محمد صالح مگسی بھی ان کے ہمراہ ہیں انہوں نے میر رضا علی خان کی وفات پر غم کا اظہار کیا اور کہا کہ مرحوم علاقے کے خیر خواہ تھے ان کی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا

بعدالت فیملی جج (III) کوئٹہ

مسل نمبر 71/25 — درخواست گارڈین

بی بی عائشہ دختر عبدالخالق محلہ چالو باوڑی بلوچ کالونی کوئٹہ — بنام سیف اللہ ولد فیض اللہ چلتن اسکیم کچی آباد ایئرپورٹ روڈ کوئٹہ — عوام الناس

اشتہار بنام عوام الناس: ہرگاہ مقدمہ عنوان عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے جسکی آئندہ تاریخ سماعت 27/11/25 کو مقرر ہو چکی ہے۔ بذریعہ اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درخواست ہذا کی بابت کسی کو کسی قسم کا کوئی اعتراض ہو تو مقررہ تاریخ سماعت پر حاضری عدالت ہذا ہو کر مقدمہ کی پیروی کریں۔ بصورت دیگر یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائیگی۔ اشتہار ہذا آج مورخہ 13/11/25 کو بدستخط میرے و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

R 62355

درخواستیں مطلوب ہیں

میونسپل کارپوریشن خضدار میں مندرجہ ذیل خالی آسامیوں پر براہ راست بھرتی کیلئے ضلع خضدار کے لوکل / ڈومیسائل باشندوں سے درج ذیل شرائط کے تحت درخواستیں مطلوب ہیں۔

نمبر شمار	نام آسامی	گریڈ	تعداد	تعلیمی قابلیت	کیفیت
1	چوکیدار	B-01	۱	پرائمری	----------
2	خاکروب	B-01	۱۳	پرائمری	اقلیتی امیدوار کو ترجیح دی جائیگی

شرائط: (1) امیدوار کی عمر 18 سال سے کم اور 33 سال سے زائد نہ ہو البتہ سرکاری قوانین کے تحت عمر میں دس (10) سال کی مزید رعایت موجود ہے (2) سرکاری ملازمین اپنے محکمہ کے توسط سے درخواست جمع کرا سکتے ہیں (3) درخواست بنام زیر دستخطی ہمراہ قومی شناختی کارڈ، لوکل / ڈومیسائل سرٹیفکیٹ و تعلیمی اسناد کی تصدیق شدہ نقول اور 2 عدد حالیہ تصاویر مورخہ 25 نومبر 2025 تک میونسپل کارپوریشن خضدار میں جمع کرائی جا سکتی ہیں (4) ایسی درخواستیں جن کے ہمراہ غیر مصدقہ دستاویزات منسلک ہوں ناقابل قبول ہوں گی (5) نامکمل اور مقررہ تاریخ کے بعد موصول ہونے والی درخواستیں ناقابل قبول تصور ہوں گی۔ (6) متذکرہ بالا آسامیوں پر بھرتی کیلئے اہل امیدواروں سے زبانی امتحان / انٹرویو مورخہ 10 دسمبر 2025، بمقام بلدیہ ریسٹ ہاؤس میں لیا جائیگا جس کیلئے امیدوار کا اپنا اصل شناختی کارڈ و دیگر اسناد ہمراہ لانا لازمی ہوگا (7) انٹرویو کیلئے آنے والے امیدواران کو کسی قسم کا سفری خرچ ادا نہیں کیا جائیگا۔

چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن خضدار

AB No 465/14-11-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

EXTENSION OF DATE

It is to notify that works advertised through PRQ No.2401 /13-11-2025 Uploaded on BPPRA website through TSE No.252611909563, may kindly be read as "**CONSTRUCTION OF OFFICE & RESIDENCE FOR TEHSILDAR PANJGUR, GWARGO AND PAROME** other terms & conditions will remain same as advertised.

Executive Engineer (Building)
CW P.P&H Department District Panjgur

PRQ No.2422/14-11-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

The DIRECTOR GENERAL FARMS & FEED RESOURCES QUETTA invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-252611911321 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB.**

Tender Fee 1000 PKR

S.No	Class of Object	Bid Security
1	Live Animals (Total Item(s) Count: 3)	2%

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 2 Assignments of Similar Nature and Complexity 5,000,000 in Previous 2 Years Turn over of at least 5,000,000 PKR in 2 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List Sales Tax Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan JV is not permissible Submission of the required Bid Security In case Bid Security is not found as required during financial evaluation the bidding firm shall be declared as in-eligible and non-responsive Submission of the required Bidding document Fee **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 01 December, 2025till 10:00 AM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 11:00 AM on EPPS System Address: Brewery Road Near CASVAB quetta

Phone no: 0819213147Fax no: 0819213147
Email: dgfflddd@gmail.com

PRQ No.2419/14-11-2025

DIRECTOR GENERAL FARMS & FEED RESOURCES QUETTA

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت جناب سینئر سول جج IV صاحب کوئٹہ بااختیارات جناب ڈسٹرکٹ جج ثناء اللہ کاکڑ صاحب کوئٹہ

درخواست جانشینی نمبر 15/25 — آئندہ تاریخ پیشی 29/11/25

1۔ غلام نبی کھوسہ ولد محمد عظیم کھوسہ 2۔ حاجراں مائی زوجہ غلام نبی کھوسہ 3۔ سائرہ مصطفیٰ بیوہ شمشاد عظیم کھوسہ 4۔ فرشاد عظیم 5۔ زریر عظیم کھوسہ پسران اودختر شمشاد عظیم کھوسہ سکنہ گلی برات کوئٹہ — بنام عوام الناس

درخواست زیر دفعہ 372 جانشینی ایکٹ 1925 برائے حصول جانشینی سرٹیفکیٹ

اشتہار بنام عوام الناس: ہرگاہ درخواست مندرجہ بالا عنوان میں سائل اسائلان نے ایک درخواست برائے حصول جانشینی سرٹیفکیٹ بابت متوفی عدالت ہذا میں گزاری ہے جسکی آئندہ تاریخ سماعت مورخہ 29/11/2025 مقرر ہو چکی ہے۔ لہذا بذریعہ اشتہار ہذا ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر درخواست کی بابت کسی کو کسی قسم کا عذر یا اعتراض ہو تو وہ تاریخ مقررہ پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہو کر درخواست کی پیروی کریں۔ بصورت دیگر یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائیگی۔ آج تاریخ 14/11/25 کو بدستخط میرے و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

R 62360

بعدالت جناب اختر شاہ شیرانی سول جج کوہلو بااختیارات جناب ڈسٹرکٹ جج کوہلو

جانشینی نمبر 14/25 — آئندہ پیشی 27/11/2025

1۔ علی مراد ولد داڑداد 2۔ محمد مراد ولد داڑداد 3۔ محمد ایاز ولد داڑداد 4۔ محمد ریاض ولد داڑداد اقوام شاہیجہ مری سکنائے گرسنی کوہلو — بنام عوام الناس

دعویٰ درخواست برائے جانشینی 372 ایکٹ

ہرگاہ درخواست جانشینی عنوان بالا میں تاریخ پیشی مورخہ 27/11/25 عدالت ہذا سے مقرر ہو چکی ہے، جس میں سائلان بالا نے درخواست حصول جانشینی مبلغ 311.442/80 گزاری ہے۔ لہذا بذریعہ اشتہار ہر عام خاص کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر درخواست کی بابت کسی کو کسی قسم کا کوئی اعتراض ہو تو مقررہ تاریخ پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر ہو کر درخواست کی پیروی کریں بصورت دیگر یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی آج مورخہ 12/11/2025 کو میرے دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

اسٹاف

TENDER NOTICE

The Chief Officer Municipal Committee Hurramzai invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-252611910851 Bid Security 3%**

S.No	Class of Object	T/Fee
1	PURCHASE OF TRACTOR 385 LOADER 4X4 4WD WITH TRACTOR CANOPY, FRONT BUCKET WITH HYDRAULIC TROLLEY	2,000 PKR

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** The Eligibility Criteria are sited in BPPRA Website **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Deposit at Call** of 3% specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by **03 December, 2025** till **10:30 AM** through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at **11:30 AM on EPPS System Address:** Office of the Chief Officer Municipal Committee Hurramzai
Phone no: 3318084649 Email: mchurramzai@gmail.com

AB No.466/14-11-2025

Chief Officer
hief Officer Municipal Committee Hurramzi

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

E-commerce انسٹرکٹر درکار ہے

ژوب ملیشیا کو ایف سی پبلک اسکول (FCPS) میں خواتین طالبات کے لیے E-commerce کلاسز چلانے کے لیے ایک قابل اور تجربہ کار انسٹرکٹر کی ضرورت ہے۔ امیدوار کو آن لائن Products یا Services فروخت کرنے اور جدید ڈیجیٹل مارکیٹنگ تکنیکس کا تجربہ ہونا چاہیے۔

دلچسپی رکھنے والے امیدوار اپنی CV جلد از جلد جمع کروائیں۔

مقام ایف سی پبلک اسکول ژوب، موبائل نمبر 03478521235

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشت گردی خضدار

اشتہار بحکم احضار شخص ملزمان زیر دفعہ (۸۷ ض ف) (۱۰) ۱۹ انسداد دہشت گردی ایکٹ ۱۹۹۷ء

مقدمہ نمبر 87/025 — سرکار بنام: پیر یمین الرحمان وغیرہ — (1) مسمی پیر یمین الرحمان ولد فیض اللہ قوم کبزئی سکنہ کبزئی ژوب (2) نقیب اللہ عرف نوید عرف خالد عرف محمد خراسانی سکنہ زہری ناؤن بزار گنجی کوئٹہ جرم زیر دفعہ 21-I (2) 7 (1) (1) 7 (h) (1) (a) (1) 7 (2) 7 6 کے مرتکب ہوئے ہیں یا ان پر ارتکاب جرم کا شبہ ہے از روئے کیفیت تعمیل وارنٹ گرفتاری جو بہ طبق نالش متعلق جاری ہوا ہے کہ مسمیان مذکورہ دستیاب نہیں ہو سکتے اور ہرگاہ حسب اطمینان ہمارے ثابت ہوا ہے کہ ملزمان مذکورہ بالا فرار ہو گئے ہیں یا انہوں نے وارنٹ گرفتاری کی تعمیل سے گریز کرنے کیلئے اپنے تئیں روپوش کئے ہیں لہذا اس اشتہار کی رو سے حکم دیا جاتا ہے کہ مسمیان کو لازم ہے کہ بتاریخ 19-11-2025 کو عدالت انسداد دہشت گردی بمقام خضدار جواب دہی نالش کیلئے حاضر ہو جائے۔

اسپیشل جج انسداد دہشتگردی کورٹ خضدار

PRQ No 2426/14-11-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت سول جج رکھنی

درخواست گارڈین نمبر 01/2025 — آئندہ تاریخ پیشی 24/11/2025

1۔ عبدالرزاق ولد خان محمد قوم قاسمانی سکنہ بستی ملک جاداشاہانی رکھنی — بنام عوام الناس

درخواست گارڈین زیر دفعہ 10 گارڈین ایکٹ

اشتہار بنام عوام الناس: ہرگاہ درخواست گارڈین عنوان بالا سائل نے عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے جسکی آئندہ تاریخ سماعت مورخہ 24/11/2025 کو مقرر ہو چکی ہے۔ درخواست ہذا میں سائل نے نابالغان بہن بھائیوں 1۔ نعیمہ بی بی 2۔ شبینہ بی بی 3۔ حبیبہ بی بی 4۔ محمد یوسف 5۔ محمد آصف 6۔ عاصمہ بی بی 7۔ گلشن بی بی 8۔ شمیلہ بی بی 9۔ سرفراز احمد 10 جویریہ بی بی کے گارڈین بننے کی استدعا کی ہے۔ لہذا بذریعہ اشتہار ہذا عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے۔ کہ درخواست کی بابت اگر کسی کو کوئی اعتراض / عذر درپیش ہو تو مقررہ تاریخ پیشی پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہو کر درخواست کی پیروی کریں۔ بصورت دیگر یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔ آج مورخہ 04/11/2025 کو میرے دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

نمائندہ بارکھان

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشتگردی اسپیشن جج چاغی بمقام دالبندین

اشتہار بحکم احضار شخص ملزمان زیر دفعہ (87 ض ف) (10) 19 انسداد دہشتگردی ایکٹ 1997ء

FIR نمبر 09/2025 — سرکار بنام: صاحب خان وغیرہ — لیویز تھانہ نوکنڈی

بجرم زیر دفعہ 440,353,147,148,149 PPC 7 ATA (1) لیاقت ولد شکاری عبدالواحد (2) ذاکر ولد عبدالرحمن (3) ناصر ولد محمد عاصم اقوام شیرزئی (4) شاہ جان ولد واحد (5) ابھرگ ولد ملنگ قادر قوم سمالزئی (6) میرزاد ولد ملنگ قادر قوم سمالزئی ساکنان نوکنڈی جرم زیر دفعہ 440,353,147,148,149 PPC 7 ATA کے مرتکب ہوئے ہیں یا ان پر ارتکاب کا شبہ ہے۔ از روئے کیفیت تعمیل وارنٹ گرفتاری جو بہ طبق اس نالش جاری ہوا ہے کہ مسمیان مذکوران دستیاب نہیں ہو سکتے اور ہرگاہ حسب اطمینان ہمارے ثابت ہوا ہے کہ ملزمان مذکورہ بالا فرار ہو گئے ہیں یا انہوں نے وارنٹ گرفتاری کی تعمیل سے گریز کرنے کیلئے اپنے تئیں روپوش کئے ہیں۔ لہذا اس اشتہار کی رو سے حکم دیا جاتا ہے کہ مسمیان (1) لیاقت ولد شکار عبدالواحد (2) ذاکر ولد عبدالرحمن (3) ناصر ولد محمد عاصم اقوام شیرزئی (4) شاہ جان ولد واحد (5) ابھرگ ولد ملنگ قادر قوم سمالزئی (6) میرزاد ولد ملنگ قادر قوم سمالزئی ساکنان نوکنڈی پر لازم ہے کہ بتاریخ 04-12-2025 کو انسداد دہشتگردی عدالت چاغی بمقام دالبندین میں جواب دہی نالش کیلئے حاضر ہوں۔

اسپیشل جج انسداد دہشت گردی کورٹ اسپیشن جج چاغی بمقام دالبندین

PRQ No 2425/14-11-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

ایشیا کپ: پہلے میچ میں پاکستان نے عمان کو 40 رنز سے ہرادیا

رائزنگ اسٹارز

پاکستان شاہینز نے مقررہ 20 اوورز میں 4 وکٹوں کے نقصان پر 220 رنز بنائے، ہوف کے تعاقب میں عمان کی ٹیم 180 رنز پر ڈھیر ہوگئی

پاکستان شاہینز اپنا اگلا میچ کل (اتوار) کو روایتی حریف بھارت کے خلاف کھیلے گی

راولپنڈی: پاکستان اور سری لنکا کے درمیان دوسرے ون ڈے میچ میں پاکستان بیٹر فرحان مشتی بنانے کے بعد بلا اٹھا کر شائقین سے داد وصول کررہے ہیں

بونا ہے بھرکا ٹمبابا مو سے متعلق انتہائی نامناسب تبصرہ پابندی کا شکار

وائرل ویڈیو کلپ میں نمبابا وہ ماریابل پی ڈبلیو مسترد ہونے کے بعد بھارتی کھلاڑی ریویو لینے یا نہ لینے سے متعلق ریمارکس پر گالی دیتی دکھائی دیتے ہیں

ایسے ریمارکس آئی سی سی کے کوڈ آف کنڈکٹ برائے کھلاڑیوں اور پلیئر سپورٹ پرسنل کے تحت آرٹیکل 2.1.4 کے زمرے میں آتے ہیں

آئی سی سی کے کوڈ آف کنڈکٹ کے آرٹیکل 2.1.4 کے تحت کسی بھی کھلاڑی کو میچ ریفری کی جانب سے عائد کردہ جرمانے کے علاوہ 4 سے 8 ڈی میرٹ پوائنٹس تک بھی جاسکتا ہے، تو وہ معطلی پوائنٹس میں تبدیل ہو جاتے ہیں جس کے نتیجے میں ایک میچ کی معطلی بھی ہوسکتی ہے۔ ان کی خلاف ورزی کرنے پر ایک ڈی میرٹ پوائنٹ دیا جاتا ہے۔ اگر کوئی کھلاڑی 24 ماہ کے اندر چار یا اس سے زیادہ ڈی میرٹ پوائنٹس تک پہنچ جاتا ہے، تو وہ معطلی پوائنٹس میں تبدیل ہو جائے گا۔ یاد رہے کہ جمعہ کے روز بھارت کو فائنل میں پاکستان کے خلاف ایشیا کپ 2025 کے میچ میں ایک میچ میں ڈی میرٹ پوائنٹ دینے کی خلاف ورزی کرنے پر ایک ڈی میرٹ پوائنٹ ملنے کے بعد بھارتی کپتان سوریا کمار یادو کو میچ ریفری اینڈی پائی کراس کی جانب سے عائد کردہ جرمانے کا 30 فیصد بھی عائد کیا گیا تھا۔

ورلڈ اسنوکر چیمپئن شپ، اعزاز کا دفاع کرنیوالے محمد آصف ایونٹ سے باہر

تین ملکی ٹی ٹوئنٹی سیریز کا آغاز 18 نومبر سے ہوگا

شہید وشال ڈوگی کرکٹ کلب نے مشرق کرکٹ کلب کو 107 رنز سے شکست دیدی

دسٹرکٹ کرکٹ ایسوسی ایشن قمبر آباد کے زیر اہتمام ٹاک آؤٹ ون ڈے ٹورنامنٹ

آن لائن ٹکٹ فروخت شروع ہوگئی

تین ملکی ٹی ٹوئنٹی ٹورنامنٹ کے فکسس کی آن لائن فروخت شروع

ٹی ایس ایل فرنچائزز کی ویلیویشن مکمل، 10 سالہ نئے معاہدوں کی پیشکش

ولنگ ڈیل کی ٹیموں کی ہیڈ آفس تبدیل کرنے کی درخواست مسترد

آسٹریلیا کو ایک اور ہوم کا نہیں ایوے اسٹیڈیم دینے پر پاکستان کرکٹ بورڈ کا شدید احتجاج

بابر کو ڈراپ کرنے کا فیصلہ سب کا تھا، میرے اکیلے کا نہیں، عاقب جاوید

قائداعظم ٹرافی کرکٹ ٹورنامنٹ میں کراچی بلوز نے کامیابی حاصل کرلی

بولان میڈیکل کمپلیکس میں ڈاکٹر نسیم کی اقدامات، نظام میں نمایاں بہتری

نصیر آباد، ڈی سی ضلع بھر میں خسرہ اور ویکسینیشن مہم کا افتتاح کردیا

عوام کی صحت کی بنیادی سہولیات تک رسائی حکومت کی ترجیح ہے، ڈاکٹر فدا الرحمان علی

ہسپتال پہنچے حساس ادارے میں بجلی کی بندش پر داخلہ بند، ڈیل مچ گئی

لائبریریاں علم و ادب کا خزانہ ہوتی ہیں، ڈپٹی کمشنر جعفرآباد

نوجوان کتابوں کے سینوں میں چھپے مخفی علم سے استفادہ کرتے ہیں

محکمہ تعلیم کی خالی آسامیوں کو پُر کرنے کا عمل تیزی سے جاری ہے، خالد خان

بنیادی مقصد غریب فعال اسکولوں کو فعال بنا کر بچوں کو معیاری تعلیم کی فراہمی ہے

18 ویں آئینی ترمیم کے ذریعے صوبوں کو جو خودمختاری ملی، اسے بروئے کار لائیں، رکن اسمبلی

شہر شہر پیار ابلوچستان

ایسے ریمارکس آئی سی سی کے کوڈ آف کنڈکٹ برائے کھلاڑیوں اور پلیئر سپورٹ پرسنل کے تحت آرٹیکل 2.1.4 کے زمرے میں آتے ہیں

شاہین آفریدی کی طبیعت ناساز، سلمان علی آغا نے ٹیم کی قیادت کی

پہلے ون ڈے میں پاکستان شاہینز نے عمان کو 40 رنز سے ہرادیا

ٹی ایس ایل فرنچائزز کی ویلیویشن مکمل، 10 سالہ نئے معاہدوں کی پیشکش

ولنگ ڈیل کی ٹیموں کی ہیڈ آفس تبدیل کرنے کی درخواست مسترد

آسٹریلیا کو ایک اور ہوم کا نہیں ایوے اسٹیڈیم دینے پر پاکستان کرکٹ بورڈ کا شدید احتجاج

بابر کو ڈراپ کرنے کا فیصلہ سب کا تھا، میرے اکیلے کا نہیں، عاقب جاوید

قائداعظم ٹرافی کرکٹ ٹورنامنٹ میں کراچی بلوز نے کامیابی حاصل کرلی

بولان میڈیکل کمپلیکس میں ڈاکٹر نسیم کی اقدامات، نظام میں نمایاں بہتری

نصیر آباد، ڈی سی ضلع بھر میں خسرہ اور ویکسینیشن مہم کا افتتاح کردیا

عوام کی صحت کی بنیادی سہولیات تک رسائی حکومت کی ترجیح ہے، ڈاکٹر فدا الرحمان علی

ہسپتال پہنچے حساس ادارے میں بجلی کی بندش پر داخلہ بند، ڈیل مچ گئی

لائبریریاں علم و ادب کا خزانہ ہوتی ہیں، ڈپٹی کمشنر جعفرآباد

نوجوان کتابوں کے سینوں میں چھپے مخفی علم سے استفادہ کرتے ہیں

محکمہ تعلیم کی خالی آسامیوں کو پُر کرنے کا عمل تیزی سے جاری ہے، خالد خان

بنیادی مقصد غریب فعال اسکولوں کو فعال بنا کر بچوں کو معیاری تعلیم کی فراہمی ہے

18 ویں آئینی ترمیم کے ذریعے صوبوں کو جو خودمختاری ملی، اسے بروئے کار لائیں، رکن اسمبلی

شہر شہر پیار ابلوچستان

ایسے ریمارکس آئی سی سی کے کوڈ آف کنڈکٹ برائے کھلاڑیوں اور پلیئر سپورٹ پرسنل کے تحت آرٹیکل 2.1.4 کے زمرے میں آتے ہیں

شاہین آفریدی کی طبیعت ناساز، سلمان علی آغا نے ٹیم کی قیادت کی

پہلے ون ڈے میں پاکستان شاہینز نے عمان کو 40 رنز سے ہرادیا

ٹی ایس ایل فرنچائزز کی ویلیویشن مکمل، 10 سالہ نئے معاہدوں کی پیشکش

ولنگ ڈیل کی ٹیموں کی ہیڈ آفس تبدیل کرنے کی درخواست مسترد

آسٹریلیا کو ایک اور ہوم کا نہیں ایوے اسٹیڈیم دینے پر پاکستان کرکٹ بورڈ کا شدید احتجاج

بابر کو ڈراپ کرنے کا فیصلہ سب کا تھا، میرے اکیلے کا نہیں، عاقب جاوید

قائداعظم ٹرافی کرکٹ ٹورنامنٹ میں کراچی بلوز نے کامیابی حاصل کرلی

بولان میڈیکل کمپلیکس میں ڈاکٹر نسیم کی اقدامات، نظام میں نمایاں بہتری

نصیر آباد، ڈی سی ضلع بھر میں خسرہ اور ویکسینیشن مہم کا افتتاح کردیا

عوام کی صحت کی بنیادی سہولیات تک رسائی حکومت کی ترجیح ہے، ڈاکٹر فدا الرحمان علی

ہسپتال پہنچے حساس ادارے میں بجلی کی بندش پر داخلہ بند، ڈیل مچ گئی

لائبریریاں علم و ادب کا خزانہ ہوتی ہیں، ڈپٹی کمشنر جعفرآباد

نوجوان کتابوں کے سینوں میں چھپے مخفی علم سے استفادہ کرتے ہیں

محکمہ تعلیم کی خالی آسامیوں کو پُر کرنے کا عمل تیزی سے جاری ہے، خالد خان

بنیادی مقصد غریب فعال اسکولوں کو فعال بنا کر بچوں کو معیاری تعلیم کی فراہمی ہے

18 ویں آئینی ترمیم کے ذریعے صوبوں کو جو خودمختاری ملی، اسے بروئے کار لائیں، رکن اسمبلی

شہر شہر پیار ابلوچستان

ورلڈ اسنوکر چیمپئن شپ، اعزاز کا دفاع کرنیوالے محمد آصف ایونٹ سے باہر

تین ملکی ٹی ٹوئنٹی سیریز کا آغاز 18 نومبر سے ہوگا

شہید وشال ڈوگی کرکٹ کلب نے مشرق کرکٹ کلب کو 107 رنز سے شکست دیدی

دسٹرکٹ کرکٹ ایسوسی ایشن قمبر آباد کے زیر اہتمام ٹاک آؤٹ ون ڈے ٹورنامنٹ

آن لائن ٹکٹ فروخت شروع ہوگئی

تین ملکی ٹی ٹوئنٹی ٹورنامنٹ کے فکسس کی آن لائن فروخت شروع

بقیہ بل منظور 1

کرتے ہوئے قائد حزب اختلاف یونس زہری کا کہنا تھا کہ یہ بل قرآن وسنت کے منافی ہے، یہ بل غیر سرکاری تنظیم کو خوش کرنے کے لئے لایا جا رہا ہے، جس پر وزیراعلیٰ کا کہنا تھا کہ شریعت کورٹ پاکستان کی سب سے بڑی کورٹ ہے اس کا ججمنٹ آپ کو سنایا ہے، ایوان میں یونس زہری نے احتجاجاً ایجنڈے کی کاپی پھاڑ دی بل پیش کرنے کے دوران اپوزیشن ارکان نے ہنگامہ اور شور شرابا کیا، اپوزیشن نے بل کی کاپیاں پھاڑ کر ہوا میں اچھالیں، احتجاج، شور اور ہنگامے کے باوجود کم عمری کی شادی سے متعلق پیش کردہ بل منظور کرلی گئی، اپوزیشن رکن اسمبلی اصغر ترین کا کہنا تھا کہ ایوان میں بل پیش تو کردیا ہم اس کے خلاف عدالت میں جائیں گے، اس موقع پر اپوزیشن اور حکومتی اراکین کے درمیان سخت جملوں کا تبادلہ ہوا، اسپیکر نے بلوچستان اسمبلی کا اجلاس 17 نومبر سہ پہر 3 بجے تک کیلئے ملتوی کردی۔ بل کے مطابق 18 سال سے کم عمری شادی کا معاہدہ کرنے والے مرد کو سزا دی جائے گی، یہ سزا 3 سال تک ہو سکتی ہے جبکہ یہ سزا 2 سال سے کم نہیں ہوگی۔ بل کے متن کے مطابق سزا کے ساتھ 2 لاکھ روپے تک جرمانہ ہوگا جو ایک لاکھ روپے سے کم نہیں ہوگا، جرمانہ ادا نہ کرنے والے کو مزید 3 ماہ کی سزا بھگتنی ہوگی۔ بل کے مطابق کم عمری کی شادی کرانے والے، اس کی ترویج اور حوصلہ افزائی کرنے والے کو بھی سزا ملے گی۔ بل کے مطابق نکاح خواں، نکاح رجسٹرار اور یونین کونسل کا سیکرٹری دونوں فریقین کے کمپیوٹرائز شناختی کارڈ رکھنے کے پابند ہوں گے، کوتاہی یا غفلت پر ایک سال سزا اور جرمانہ بھی عائد ہوگا۔

بقیہ وزیراعلیٰ 2

اختلاف رائے جمہوریت کا حسن ہے تاہم قانون سازی عوام کے بہترین مفاد میں کی جاتی ہے کم عمری کی شادی کی ممانعت سے متعلق بل کے حوالے سے وزیراعلیٰ نے وضاحت کی کہ یہ بل گزشتہ چھ ماہ سے بلوچستان اسمبلی کی متعلقہ کمیٹیوں میں موجود تھا اور اس پر تمام تقاضوں کے مطابق پیش رفت کی گئی۔ انہوں نے بتایا کہ بلوچستان کابینہ اس بل کی منظوری کافی عرصہ قبل دے چکی تھی اور اسے آج اسمبلی میں قواعد کے مطابق منظور کرایا گیا وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ موجودہ حکومت نے ہمیشہ اتفاق رائے سے قانون سازی کو ترجیح دی ہے اور کوشش رہی ہے کہ ہر بل وسیع مشاورت اور شفاف طریقہ کار کے بعد منظور ہو وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کی ترقی اور عوام کی فلاح کے لیے حکومت پوری سنجیدگی اور ذمہ داری کے ساتھ کام کر رہی ہے اور یہ سلسلہ جاری رہے گا۔

بقیہ پاکستان 3

سے پاکستان میں دہشت گردی میں اضافہ ہوا ہے، امید ہے افغان طالبان اپنے ہاں موجود ٹی ٹی پی کے خلاف کارروائی کریں گے۔ ترجمان دفتر خارجہ طاہر حسین اندرابی نے اسلام آباد میں صحافیوں کو دی گئی ہفتہ وار بریفنگ میں کہا کہ افغان طالبان رجیم کے ساتھ مذاکرات 7 نومبر کو استنبول میں مکمل ہوئے، افغان طالبان کے حکومت میں آنے کے بعد پاکستان کے اندر دہشت گردی میں اضافہ ہوا مالی اور جانی نقصان کے باوجود بھی پاکستان نے کوئی ردعمل نہیں دیا اور پاکستان نے تحمل کا مظاہرہ کیا جب کہ دہشت گردوں کی پشت پناہی کرنے والوں کے لیے کوئی نرم گوشہ نہیں ہونا چاہیے، پاکستان توقع کرتا رہا کہ افغان طالبان دہشت گردی پر قابو پالیں گے مگر طالبان کے دعوے اور وعدے صرف زبانی کلامی حد تک محدود رہے۔ ترجمان نے کہا کہ ٹی ٹی پی اور بی ایل اے پاکستان کے دشمن ہیں پاکستان کسی بھی صورت ان کے ساتھ مذاکرات نہیں کرے گا، افغان طالبان پاکستان مخالف تنظیموں کو معاونت فراہم کر رہے ہیں، طالبان نے پاکستان میں پشتون نیشنلزم کو ہوا دینے کی کوشش کی، افغان طالبان نے دہشت گردی کو پاکستان کا مسئلہ قرار دیا، افغانستان کے اندر سے لوگوں نے پاکستان کے خلاف دہشت گردی کو جائز قرار دینے کے فتوے دیئے۔ انہوں نے کہا کہ افغانستان سے زیادہ پشتون اس وقت پاکستان میں آباد ہیں، پاکستان نے کابل میں کسی حکومت سے مذاکرات سے انکار نہیں کیا لیکن پاکستان کسی دہشت گرد تنظیم کے ساتھ مذاکرات نہیں کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے ایٹمی تجربات سے متعلق بھارت کا دعویٰ مسترد کردیا، صدر ٹرمپ کے ایٹمی تجربات کے بیان پر بھارتی پروپیگنڈا غلط اور بے بنیاد ہے، پاکستان نے 28 مئی 1999 کو آخری مرتبہ ایٹمی تجربہ کیا تھا، بھارت کا ایٹمی سیفٹی اور سیکیورٹی پر ریکارڈ اچھا نہیں ہے، گزشتہ برس بھابھا نیوکلیئر ری ایکٹر سے چوری شدہ کیلیفورنیم بلیک مارکیٹ میں فروخت ہو رہا تھا عالمی اداروں کو یہ معاملہ دیکھنا چاہیے۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ ہم نے تجارت پر افغان رہنماؤں کے بیانات دیکھے ہیں، تجارت کیسے اور کس سے کرنی ہے؟ یہ کسی بھی ملک کا انفرادی معاملہ ہے، افغانستان سے تجارت یا ٹرانزٹ ٹریڈ وہاں سے دہشت گردوں کی پناہ گاہوں کے مکمل خاتمے کے بعد ہی ممکن ہے، تجارت انسانی جانوں کے ضیاع سے زیادہ اہم نہیں ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ وانا اور اسلام آباد میں دہشت گرد حملوں میں افغان دہشت گردوں کے ملوث ہونے کی ذمہ داری طالبان حکومت پر عائد ہوتی ہے ہمیں اپنے شہریوں کے تحفظ کے لیے ہر ممکن اقدامات کرنے ہیں، یہ دہشت گرد حملے افغانستان کے موجودہ حالات کی شدت کو بیان کرتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ سردار یاسر الیاس کی اسرائیلی وزیر سیاحت سے ملاقات پر معلومات نہیں ہیں، اگر ایسی ملاقات ہوئی بھی ہے تو وہ باقاعدہ اجازت یا حکومتی تحرک کے بغیر ہوئی ہے، بھارتی قیادت اپنے بڑھتے اندرونی چیلنجز سے توجہ ہٹانے کے لیے دہشت گردی کا استعمال کر رہی ہے اس معاملے کو سیاست یا علاقائی سیاست و ہندوتوا سیاست سے جوڑنے کی بجائے دہشت گردی و سیکیورٹی کے پس منظر میں دیکھنا چاہیے۔ ترجمان دفتر خارجہ نے مزید کہا کہ اردن کے بادشاہ کا دورہ باہمی تعلقات کے باعث ہے، یقین ہے کہ فلسطین پر بھی بات چیت کی جائے گی، فلسطین میں بین الاقوامی استحکامی فورس میں پاکستان کی شمولیت کا کوئی فیصلہ نہیں ہوا، پاکستان سلامتی کونسل کا رکن ہے اور اس کے فیصلے کے بعد ہم فیصلہ کریں گے۔

بقیہ میر سرفراز بگٹی 4

اجلاس میں لیویز سے پولیس میں ضم ہونے والے افسران و اہلکاروں کو درپیش مسائل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور ان کے حل کے لیے مختلف انتظامی تجاویز پیش کی گئیں۔ وزیراعلیٰ نے ہدایت کی کہ لیویز فورس کے رسالدار میجر کو ون اسٹیپ اپ ترقی دینے سمیت تمام کیڈر لیویز کے افسران کی ترقی، ٹرانسفر اور سینیارٹی سے متعلق تجاویز کو جلد حتمی شکل دی جائے تاکہ انضمام کا عمل مؤثر اور باوقار انداز میں آگے بڑھ سکے اجلاس میں اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ لیویز اور پولیس کے انضمام کے عمل میں ہر سطح پر شفافیت اور میرٹ کو یقینی بنایا جائے گا وزیراعلیٰ نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ فورسز کی استعداد کار بڑھانے کے لیے جدید تربیتی ماڈیولز متعارف کرائے جائیں اور لیویز فورس کے افسران و جوانوں کو پولیس کی بنیادی تربیت فراہم کی جائے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ لیویز فورس کے پولیس میں انضمام کو قابل عمل بنا کر ٹرانزیشن کا پورا عمل باعزت اور مؤثر انداز میں مکمل کیا جائے گا انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ انضمام کے نتیجے میں قانون نافذ کرنے والے اداروں کی فعالیت اور ہم آہنگی میں نمایاں اضافہ ہوگا جو صوبے میں امن و امان کی صورتحال بہتر بنانے میں اہم کردار ادا کرے گا وزیراعلیٰ نے کہا کہ پورے بلوچستان میں یکساں فورس کا اطلاق امن وامان کے قیام کے لیے سنگ میل ثابت ہوگا جبکہ حکومت کی اولین ترجیحات میں افسران اور اہلکاروں کی ویلفیئر اور پیشہ ورانہ ترقی شامل ہے انہوں نے واضح کیا کہ لیویز سے پولیس میں منتقلی کا عمل مرحلہ وار اور مربوط حکمت عملی کے تحت مکمل کیا جائے گا

بقیہ وفاقی شرعی عدالت 5

عدالت میں جگہ دینے کی باتیں ہورہی تھیں تاہم وفاقی شرعی عدالت نے آئینی عدالت کو اپنی بلڈنگ دینے سے انکار کردیا ہے۔ وفاقی شرعی عدالت کے انکار پر چیف جسٹس وفاقی آئینی عدالت امین الدین خان فی الحال اسلام آباد ہائیکورٹ کے روم نمبر ایک میں بیٹھیں گے، جبکہ چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ سرفراز ڈوگر کورٹ روم 2 نمبر میں منتقل ہوجائیں گے۔

بقیہ حلف اٹھالیا 6

عدالت میں ججز کی تعیناتی کا باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کردیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق جسٹس حسن اظہر رضوی، جسٹس عامر فاروق، جسٹس کریم خان، جسٹس روزی خان، جسٹس علی باقر اور جسٹس ارشد حسین اب وفاقی آئینی عدالت کا حصہ ہوں گے۔ پہلے مرحلے میں تین ججز نے عہدے کا حلف اٹھالیا۔ وفاقی آئینی عدالت کے پہلے چیف جسٹس امین الدین خان نے تینوں ججز سے حلف لیا۔ حلف لینے والے ججز میں جسٹس حسن اظہر رضوی، جسٹس باقی نجفی اور جسٹس عامر فاروق شامل ہیں۔ حلف کی برداری کی تقریب میں جسٹس محسن اختر، جسٹس طارق محمود، جسٹس اعجاز اسحاق، جسٹس ثمن رفعت امتیاز اور جسٹس بابر ستار بھی شریک نہیں ہوئے۔ قبل ازیں رپورٹس کے مطابق جسٹس مسرت ہلالی نے وفاقی آئینی عدالت کا حصہ بننے سے معذرت کی، جس کی وجہ ان کی صحت کے مسائل ہیں۔ وفاقی آئینی عدالت کا صدر دفتر اسلام آباد ہائی کورٹ میں قائم ہوگا، جہاں چیف جسٹس امین الدین خان روم نمبر ایک میں بیٹھیں گے اور اسلام آباد ہائی کورٹ کے چیف جسٹس سرفراز ڈوگر روم نمبر دو میں منتقل ہوجائیں گے وفاقی آئینی عدالت کے ججز کی تعداد بھی بڑھ جانے کا فیصلہ کیا گیا ہے

بقیہ اپوزیشن اتحاد 7

مسلمین، بیرسٹر گوہر خان چیئرمین پاکستان تحریک انصاف، سلمان اکرام راجہ سیکرٹری جنرل پاکستان تحریک انصاف، اختر مینگل سربراہ بلوچستان نیشنل پارٹی، زین شاہ سندھ یونائیٹڈ پارٹی، ساجد ترین بلوچستان نیشنل پارٹی، مصطفیٰ نواز کھوکھر وائس چیئرمین تحریک تحفظ آئین پاکستان، فردوس شمیم نقوی ایڈیشنل سیکرٹری جنرل پاکستان تحریک انصاف، حسین یوسفزئی ترجمان تحریک تحفظ آئین پاکستان، خالد یوسف چوہدری وکیل بانی چیئرمین پاکستان تحریک انصاف عمران خان، علی اصغر خان سیکرٹری جنرل پی ٹی آئی خیبر پختونخوا، شوکت بسرہ ڈپٹی جنرل سیکرٹری پی ٹی آئی شریک ہوئے۔ اجلاس کے اعلامیے میں کہا گیا کہ 27 ویں آئینی ترمیم بشمول 26 ویں ترمیم آئین کی بنیادی ڈھانچے کے خلاف ہے اور ریاست کے بنیادی ستون عدلیہ پر ایک وار ہے جس نے عدلیہ کو انتظامیہ کے ماتحت کر دیا ہے اور آئین کا بنیادی ڈھانچہ تباہ کر دیا ہے اور جس بنیاد پر آئین میں ترامیم کی گئی ہیں اس کو مسترد کرتے ہیں اور مطالبہ کرتے ہیں کہ آئین کو اصل شکل میں بحال کیا جائے۔ ان متنازعہ آئینی ترامیم نے عدلیہ کو مکمل طور پر مفلوج کر دیا ہے اور سپریم کورٹ کا اختیار و وجود عملاً ختم کر دیا ہے۔ تحریک تحفظ آئین پاکستان سپریم کورٹ کے سینئر جسٹس منصور علی شاہ اور جسٹس اطہر من اللہ کے استعفوں کو اس آئین پر ڈکیتی کے سامنے ایک مزاحمت کے طور پر تعبیر کرتی ہے اور آئین پسند حلف کے پاسدار ججز کو خراج تحسین پیش کرتی ہے۔

بقیہ ملاقات 8

پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق ملاقات ریاض میں ہوئی ملاقات میں باہمی سٹریٹجک امور اور دفاعی تعاون پر گفتگو کی گئی، ملاقات میں باہمی تزویراتی دفاعی معاہدے کے تحت تعاون کو آگے بڑھانے پر توجہ مرکوز رہی۔

بقیہ رخصتی کا عندیہ 9

ترمیم کے بعد ممکنہ تبادلوں سے متعلق بڑھتی ہوئی چہ مگوئیوں کے درمیان سامنے آئی ہے۔ اخبار میں شائع رپورٹ کے مطابق جسٹس محسن اختر کیانی اور جسٹس ثمن رفعت امتیاز نے یہ اشارے الگ الگ مقدمات کی سماعت کے دوران دیے۔

بقیہ صدر مملکت 10

کے جج کی حیثیت سے اپنے عہدے سے استعفیٰ دیا تھا۔ اور اپنے استعفے صدر مملکت کو ارسال کیے تھے۔ ایوان صدر کے اعلامیے کے مطابق صدر آصف زرداری نے جسٹس منصور علی شاہ اور جسٹس اطہر من اللہ کا استعفیٰ منظور کر لیے۔ خیال رہے کہ جسٹس منصور علی شاہ اور جسٹس اطہر من اللہ نے گزشتہ رات ساتھی ججز سے ان کے چیمبرز میں جا کر الوداعی ملاقاتیں کیں، ساتھی ججز نے جسٹس منصور اور جسٹس اطہر من اللہ کو استعفیٰ نہ دینے کا مشورہ دیا اور ساتھی ججز آخری وقت تک دونوں کو مستعفی نہ ہونے پر قائل کرنے کی کوشش کرتے رہے۔ ذرائع کے مطابق ساتھی ججز کے اصرار کے باوجود دونوں ججز اپنے فیصلے پر قائم رہے اور ساتھی ججز سے ملاقاتیں کرنے کے بعد استعفیٰ دیا پھر سپریم کورٹ سے روانہ ہوگئے۔

بقیہ جوڈیشل کمپلیکس 11

بمبار کو کرائے پر ملنے والے کمرے کا مالک بھی گرفتار کر لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق جوڈیشل کمپلیکس جی الیون خودکش حملے کی تحقیقات میں مزید انکشافات سامنے آگئے، خودکش بمبار سال 2024 اور 2025 کے دوران متعدد بار افغانستان سے پاکستان آیا۔

بقیہ ملکی وسائل 12

کی 100 فیصد ملکیت کنوئیں سے یومیہ 1100 بیرل تیل نکل رہا ہے، ترجمان کے مطابق کنویں سے 2184 میٹر گہرائی پر تیل کی دریافت ہوئی تھی۔ او جی ڈی سی ایل نے اہم معلومات سے شیئر ہولڈرز کو آگاہ کر دیا۔ دوسری جانب حب پاور، پاکستان کے سمندر میں تیل و گیس تلاش کرے گی۔

بقیہ سمندر میں تیل 13

اور وفاقی حکومت واس کے دیگر اداروں کا مشترکہ منصوبہ ہے، بولی کے مرحلے میں تمام 23 بلاکس میں حصص حاصل کرکے نمایاں رہنے میں کامیاب رہی، جبکہ حکومت نے مجموعی طور پر 40 آف شور بلاکس پیش کیے تھے۔ ماڑی انرجیز نے بتایا کہ اسے 23 میں سے 18 بلاکس میں بطور آپریٹر اور 5 میں بطور شریک کمپنی حصہ ملا ہے، ان میں سے 10 بلاکس میں کمپنی کی مکمل ملکیت اور آپریٹرشپ ہوگی جبکہ 8 بلاکس میں اکثریتی حصہ اور آپریٹرشپ اس کے پاس ہوگی۔

بقیہ روسی طالب علم 14

پشاور ہائیکورٹ نے روس سے آئے طالب علم کی بازیابی کے لیے دائر درخواست پر سماعت کی جو کہ چیف جسٹس پشاور ہائیکورٹ کے روبرو ہوئی۔ درخواست گزار کے وکیل نے کہا کہ روسی طالب علم محمود گلیگوف (Mukhmod Gelogaev) ای ویزا پر پاکستان آیا جو کہ اسلام آباد سے پشاور آتے ہوئے لاپتا ہوگیا

بقیہ ججز کو خراج تحسین 15

کی اکثریت نے 27 ویں ترمیم کو مسترد کیا، اجلاس میں سپریم کورٹ سے مستعفی منصور علی شاہ اور اطہر من اللہ کو خراج تحسین پیش کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق ارکان کی اکثریت نے آئین کو اس کی اصل شکل میں بحال کرنے کیلئے تحریک چلانے پر رائے دی، اجلاس میں خیبر پختونخوا امن جرگہ کے اعلامیے کی مکمل حمایت کی گئی۔

صوبائی اسمبلی کے اجلاس میں سابق اسپیکر آغا سراج درانی، سینیٹر عرفان صدیقی کی وفات اور دیگر شہداء کیلئے فاتحہ خوانی کی جا رہی ہے

آج عدلیہ پر قدغن لگی تو سپریم کورٹ کے ججز کا ضمیر جاگ گیا، خواجہ آصف

ان ججز کا ضمیر دہائیوں سے سویا ہوا تھا، آج جب دم پر پیر آیا تو یہ ججز بیان دے رہے ہیں، شاعری کر رہے ہیں

عدلیہ کا کردار پاکستان کی تاریخ میں ہر موڑ پر اتنا بھیانک اور سیاہ رہا ہے کہ شاید ہی کسی ملک میں ایسا ہوا ہو

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ ... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان سے لیویز رسالدار میجر ملاقات کے دوران مسائل سے آگاہ کر رہے ہیں

آزاد کشمیر کے نامزد وزیراعظم فیصل ممتاز راٹھور کا تعارف

... ہیں اور پیپلز پارٹی میں کب شامل ہوئے؟ قیادت میں سے کس کا اعتماد حاصل ہے؟ فیصل ممتاز راٹھور سابق وزیراعظم آزاد کشمیر ممتاز حسین راٹھور مرحوم کے فرزند ہیں، وہ 11 اپریل 1978ء کو راولپنڈی میں پیدا ہوئے۔ کنٹرول لائن پر واقع آزاد کشمیر کے دور افتادہ ضلع حویلی سے تعلق رکھنے والے فیصل ممتاز راٹھور اپنے والد کی طرح عوام میں گھل مل جانے والے اور متوسط طبقے کی نمائندگی کرنے والے شمار کیے جاتے ہیں

صحافی مؤثر نتائج اور زمینی حقائق میں حقیقی تبدیلی کے منتظر ہیں، جمال رئیسانی

صحافیوں اور میڈیا کے تحفظ کیلئے قائم کمیشن کے معزز اراکین کو مبارکباد پیش کرتے ہیں، رکن اسمبلی

... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

ڈیوٹی رپورٹ نہ کرنے والے لیویز اہلکاروں کی تنخواہیں روکنے کا حکم جاری

بعض لیویز اہلکار ہدایات کے باوجود اپنے متعلقہ اضلاع میں رپورٹ نہیں کر رہے، مراسلہ

... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

تحفظات کے باوجود بلدیاتی انتخابات میں حصہ لیں گے، عبدالرحمان رفیق

ضلع بھر کی یونین کونسلز و وارڈز میں مضبوط امیدوار کھڑے کئے جائیں گے، عین اللہ شمس

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کی مجلس عاملہ کا اجلاس ضلعی امیر مولانا عبدالرحمان رفیق کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں بلدیاتی انتخابات سے متعلق شکایات و تحفظات، آل پارٹیز کانفرنس کے فیصلوں پر عملدرآمد اور تنظیمی امور کا جامع جائزہ لیا گیا اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ تحفظات کے باوجود جماعت بلدیاتی انتخابات میں بھرپور حصہ .... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

پشاور ہائیکورٹ کا اہم فیصلہ: سرکاری وسائل کو سیاسی ریلیوں کیلئے استعمال کرنے پر پابندی عائد

ریسکیو مشینری، فائر بریگیڈ اور سرکاری گاڑیاں سیاسی سرگرمیوں کے لیے استعمال نہیں ہو سکتیں، عدالت

عدالت نے خیبر پختونخوا حکومت کو پابند کر دیا، آئینی دفعات کے تحت عوامی وسائل کا تحفظ لازم قرار

پشاور (بیورو رپورٹ) پشاور ہائی کورٹ نے رٹ پٹیشن نمبر P-6253/2024 ... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

برازیل: صوبائی وزیر سردار عبدالرحمن کھیتران کا کلائمیٹ چینج سیمینار میں شرکاء کے ہمراہ گروپ

خضدار، نامعلوم افراد کی فائرنگ سے 1 شخص جاں بحق

خضدار (آن لائن) ارباب کمپلیکس میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز ارباب کمپلیکس میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے محمد اسلم چنال ساکن ملکوار جاں بحق۔ مقامی انتظامیہ نے نعش اپنی تحویل میں لیکر سول ہسپتال پہنچادی ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے مزید تفتیش شروع کردی گئی ہے۔

سی پیک معدنیات کی جدید پراسیسنگ کے منصوبے کا آغاز

چینی کمپنی گوانگ ڈونگ ہنڈر اور سانجزانی مائننگ کمپنی کے مابین معدنی ترقیاتی منصوبہ کا معاہدہ طے پا گیا

بہتر اور مؤثر پروسیسنگ سے پیداوار کی مقدار اور معیار میں اضافہ ہوگا، ایس آئی ایف سی معاونت فراہم کریگا

اسلام آباد (شاکر رحمان) ایس آئی ایف سی کی معاونت سے معدنی شعبے میں انقلاب اور بلوچستان کی خوشحالی کی بنیاد رکھ دی گئی۔ تفصیلات کے مطابق بلوچستان میں معدنیات کی جدید بنیادوں پر پراسیسنگ کیلئے پاک چین مشترکہ منصوبے کا آغاز کیا گیا ہے۔ سی پیک کے تحت چینی کمپنی گوانگ ڈونگ ہنڈر اور سانجزانی مائننگ کمپنی کے مابین معدنی ترقیاتی منصوبہ کا معاہدہ طے پا گیا ہے۔ معدنیات کی بہتر اور مؤثر پروسیسنگ سے پیداوار کی مقدار اور معیار دونوں میں اضافہ ہوگا جبکہ سی پیک کے ترقیاتی اہداف کے مطابق یہ منصوبہ .... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

لورالائی، مختلف مقدمات میں مطلوب ملوث ملزمان گرفتار

مقدمات میں ملوث کالو خان، علاؤالدین احمدزئی گرفتار، مزید تفتیش پولیس کر رہی ہے

لورالائی (خ ن) لورالائی پولیس کی کامیاب کارروائیاں، قتل، اغواء، بھتہ خوری، اقدام قتل اور موٹر سائیکل چوری میں ملوث ملزمان گرفتار، پولیس، ایگل سکواڈ، سی آئی اے ٹیم نے مختلف کارروائیاں کیں۔ قتل اور اغواء میں ملوث مفرور ملزم گرفتار موسیٰ خیل میں کارروائی کرتے ہوئے مقدمہ فرد کے سنگین جرائم میں مطلوب مفرور ملزم، کالو خان ولد حاجی بارڈر ساکن موسیٰ خیل کو گرفتار کرلیا۔ جس کے قبضے سے واردات میں استعمال .... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

بی ایم سی میں سندس فاؤنڈیشن کے پہلے سینٹر کی بنیاد رکھ دی، بخت کاکڑ

یہ مرکز تھیلیسیمیا اور ہیموفیلیا کے مریضوں کیلئے بلوچستان میں سنگ میل ہے، صوبائی وزیر صحت

کوئٹہ (اے پی پی) صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے بولان میڈیکل کمپلیکس ہسپتال میں بلوچستان میں سندس فاؤنڈیشن کے پہلے سینٹر کی بنیاد رکھ دی جمعہ کے روز منعقدہ تقریب میں وزیر صحت کے ساتھ ایم ایس بولان میڈیکل کمپلیکس ڈاکٹر آصف انور شاہوانی اور ڈائریکٹر سندس فاؤنڈیشن، ایئر وائس مارشل ریٹائرڈ آفتاب حسین بھی موجود تھے۔ وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے بانی و صدر سندس فاؤنڈیشن محمد یاسین .... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

سرکاری اسکیم کے تحت حج کے خواہشمندوں کیلئے اہم اعلان

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) حکومت کی جانب سے سرکاری اسکیم کے تحت حج کے خواہش مندوں کے لیے اہم اعلان کردیا گیا۔ ترجمان وزارت مذہبی امور کے اعلان کے مطابق حج واجبات کی دوسری قسط جمع کرانے کا (آج) آخری دن ہے۔ اس سلسلے میں 15 نومبر بروز ہفتہ نامزد بینک حج واجبات کی وصولی کے لیے کھلے رہیں گے۔ وزارت مذہبی امور نے اپنے اعلان میں تاکید کی ہے کہ سرکاری عازمین کرام حج واجبات کی دوسری قسط کل تک لازمی جمع کروائیں

اوتھل پولیس کی کارروائی، مسافر مرد و خواتین سے 25 کلو منشیات برآمد

کارروائی ایس ایس پی لسبیلہ عاطف امیر کی ہدایات پر عمل میں لائی گئی، مزید تفتیش جاری

اوتھل (نامہ نگار) ایس ایس پی لسبیلہ عاطف امیر کی جرائم پیشہ عناصر منشیات فروشوں اور منشیات اسمگلرز کے خلاف سخت کارروائی کی خصوصی ہدایات پر گزشتہ شب تھانہ اوتھل پولیس نے ایک بڑی کامیابی حاصل کرلی۔ SHO اوتھل یار محمد کمانڈو کو انٹیلیجنس بیورو کی جانب سے خفیہ اطلاع ملی کہ ناصر احمد نامی شخص اپنے اہلخانہ کے ہمراہ خضدار سے کراچی بڑی مقدار میں منشیات اسمگل کرنے کی کوشش کر رہا ہے اطلاع ملتے ہی SHO یار محمد کمانڈو نے .... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

وفاقی حکومت نے پروٹیکشن آف جرنلسٹس اینڈ میڈیا پروفیشنلز کمیشن تشکیل دیدیا

بلوچستان سے سینئر صحافی خلیل احمد صحافیوں کے حقوق و تحفظ کیلئے کمیشن کے رکن منتخب

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) وفاقی حکومت نے پروٹیکشن آف جرنلسٹس اینڈ میڈیا پروفیشنلز کمیشن تشکیل دیدیا، بلوچستا .... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان سے صوبائی وزیر میر صادق عمرانی، انجینئر زمرک اچکزئی، ملک نعیم بازئی و دیگر ملاقات کر رہے ہیں

کوئٹہ نماز جمعہ کے دوران سیکورٹی کے سخت انتظامات

مساجد و امام بارگاہوں پر فورسز تعینات، اہم شاہراہوں پر گاڑیوں کی تلاشی

کوئٹہ (اے این این) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں کسی بھی ناخوشگوار واقعہ سے نمٹنے کیلئے نماز جمعہ کے دوران سیکورٹی کے سخت حفاظتی انتظامات کئے گئے مساجد اور امام بارگاہوں کے اندر اور باہر فورسز کو تعینات کر کے اندر جانے والوں کی سخت تلاشی لی گئی بازار کے اہم چوکوں اور حساس مقامات پر بھی فورسز تعینات کئے گئے جبکہ کوئٹہ آنے والی گاڑیوں کی تلاشی بھی سخت کردی گئی نماز جمعہ کے دوران علماء کرام نے ملکی استحکام و سلامتی .... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

کے پی حکومت نے کیم سے قبل تنخواہوں کی ادائیگی پر پابندی لگادی

پشاور (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا حکومت نے کیم تاریخ سے قبل تنخواہوں کی ادائیگی پر پابندی لگادی۔ رپورٹ کے مطابق صوبائی محکمہ خزانہ کی جانب سے باضابطہ اعلامیہ جاری کر دیا گیا ہے، جس کے تحت کے پی کے حکومت نے کیم تاریخ سے قبل تنخواہوں کی ادائیگی پر پابندی عائد کردی ہے۔ محکمہ خزانہ کے اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ اکتوبر کی آخری تاریخوں میں ادائیگیاں کی گئیں

کوئٹہ پولیس کی منہ ڈھانپ کر موٹر سائیکل چلانے والوں کے خلاف کارروائی

پولیس نے مفرور ملزمان سمیع اللہ، احسان اللہ کو گرفتار اور موٹر سائیکلوں سے غیر نمونہ نمبر پلیٹیں اتاری

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ پولیس نے مطلوب، مفرور، اشتہاری ملزمان کی گرفتاری غیر نمونہ نمبر پلیٹوں، کالے شیشے والی گاڑیوں کے خلاف خصوصی کارروائی کے دوران 3 ملزمان کو گرفتار کر کے درجنوں موٹر سائیکلوں سے غیر نمونہ نمبر پلیٹیں اور گاڑیوں سے کالے شیشے اتارے اور منہ ڈھانپ کر موٹر سائیکل چلانے والوں کے خلاف کارروائی کی گئی ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ محمد آصف خٹک کی خصوصی ہدایت پر پولیس کی جانب سے جرائم پیشہ عناصر .... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

پشاور ہائیکورٹ کا فیصلہ خوش آئند ہے، بیرسٹر عقیل ملک

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر مملکت برائے قانون بیرسٹر عقیل ملک نے کہا ہے کہ پشاور ہائیکورٹ کا سرکاری مشینری کے استعمال بارے فیصلہ خوش آئند ہے۔ ایک بیان میں بیرسٹر عقیل ملک نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں سرکاری وسائل کا بے دریغ استعمال کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ عدالت نے کہا سرکاری وسائل کے استعمال کی اجازت نہیں دی جا سکتی، عدالت کا اچھا فیصلہ اور خوش آئند ہے، ہم بار بار سرکاری وسائل کے استعمال کی نشاندہی کر چکے تھے

گوادر کو بجلی فراہم کرنے کی تیاریاں خوش آئند ہیں، محمد عبدالقادر

ترسیلی لائنوں، انفراسٹرکچر کی تعمیر نومبر 2025ء کے پہلے ہفتے میں مکمل کر لی گئی، سینیٹر

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی کا پاک چین فرینڈ شپ ہسپتال گوادر کو 2 میگاواٹ بجلی فراہم کرنے کی تیاری مکمل کرنا انتہائی خوش آئند ہے بجلی کی لائنوں اور انفراسٹرکچر کی تعمیر نومبر 2025ء کے پہلے ہفتے میں مکمل کر لی گئی ہے، 2 میگاواٹ بجلی کی فراہمی سے پاک چین فرینڈ شپ ہسپتال کے تمام طبی آلات اور مختلف شعبے اپنی بہترین استعداد کے مطابق کام کرسکیں گے .... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

بلاجواز تنگ کرنے کا سلسلہ بند اور سہولیات فراہم کی جائیں، انجمن تاجران

مرکزی انجمن تاجران ایک مضبوط تنظیم جو بلوچستان بھر میں تاجروں کے مسائل کے حل کیلئے کوشاں ہے، اجمل بلوچ، عبدالرحیم کاکڑ

تنظیم کو چند مفاد پرست عناصر نے مفادات کی خاطر نقصان پہنچانے کی کوشش کی، شمولیتی تقریب سے رہنماؤں کا خطاب

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) تاجر رہنماؤں نے کہا ہے کہ مرکزی انجمن تاجران بلا رنگ و نسل تاجروں کی خدمت پر یقین رکھتی ہے اور انجمن نے ہمیشہ تاجروں کے حقوق کیلئے آواز بلند کی ہے اور آئندہ بھی تاجروں کے حقوق کی جدوجہد جاری رکھیں گے، بلوچستان میں تاجروں کو بلاجواز تنگ کرنے کا سلسلہ فوری طور پر بند کر کے تاجروں کو سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے، نئے شامل ہونے والے تاجروں کو مرکزی انجمن تاجران بلوچستان میں خوش آمدید کہتے ہیں انکی شمولیت سے مرکزی انجمن تاجران بلوچستان مزید فعال اور منظم ہوگی یہ بات آل .... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

بی اے پی کی جانب سے بلدیاتی انتخابات کیلئے پارلیمانی بورڈ تشکیل

مرکزی آرگنائزنگ سیکرٹری ملک خدابخش لانگو سمیت دیگر شامل ہوں گے، سردار محمد صالح بھوتانی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے صوبائی صدر و سابق وزیراعلیٰ بلوچستان سردار محمد صالح بھوتانی نے کوئٹہ کے بلدیاتی انتخابات کیلئے پارلیمانی بورڈ تشکیل دیدیا ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک نوٹیفکیشن کے مطابق پارلیمانی بورڈ میں مرکزی آرگنائزنگ سیکرٹری ملک خدابخش لانگو، ایڈیشنل جنرل سیکرٹری ارباب شائستہ گل کاسی، صوبائی نائب صدر حاجی نصر الدین کاکڑ، کوئٹہ ڈسٹرکٹ کے صدر ارباب کامران کا .... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ کے پی کا ریڈیو پاکستان پر 9 مئی حملے کی تحقیقات کیلئے انکوائری کمیشن قائم کرنیکا اعلان

کمیشن سی سی ٹی وی سمیت تمام شواہد جمع کر کے رپورٹ کابینہ کو پیش کرے گا، بانی اور بشریٰ بی بی سے جیل میں ناروا سلوک ہو رہا ہے

بانی پی ٹی آئی اور اہلیہ کو ذاتی معالج سے ملاقات کی اجازت بھی نہیں دی جا رہی، کرپشن کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی ہے، سہیل آفریدی

پشاور (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے ریڈیو پاکستان پر 9 مئی حملے کی تحقیقات کے لیے انکوائری کمیشن قائم کرنے کا اعلان کردیا۔ سہیل آفریدی کی زیر صدارت صوبائی کابینہ کا اجلاس ہوا، جس میں اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کمیشن سی سی ٹی وی سمیت تمام شواہد جمع کر کے رپورٹ کابینہ کو پیش کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ سود سے پاک خیبر پختونخوا موجودہ حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، ہم خیبر پختونخوا کو سود کے ناسور سے پاک کرنے کے لیے پالیسی بنا رہے ہیں۔ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کا کہنا ہے .... بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان کے پرنسپل سیکرٹری بابر خان و دیگر اسمبلی اجلاس کی کارروائی دیکھ رہے ہیں



صوبائی وزیر میر سلیم احمد کھوسہ سے ایم پی اے ڈاکٹر اشوک کمار و دیگر ملاقات کر رہے ہیں

اپوزیشن اتحاد نے ججز استعفوں اور مستقبل کی حکمت عملی پر بات کی، مصطفیٰ نواز کھوکھر

اپوزیشن رہنماؤں کی بیٹھک میں 27 ویں آئینی ترمیم اور اس کے اثرات پر بات ہوئی

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) اپوزیشن اتحاد تحریک تحفظ آئین پاکستان کے رہنما مصطفیٰ نواز کھوکھر نے کہا ہے کہ ججز کے استعفوں اور مستقبل کی حکمت عملی پر بات چیت ہوگی۔ راولپنڈی میں اپوزیشن اتحاد کے اجلاس میں محمود خان اچکزئی، علامہ راجا ناصر عباس، بیرسٹر گوہر، اسد قیصر، شاہد خاقان عباسی، اختر مینگل، سلمان اکرم راجا، شوکت بسرا و دیگر نے شرکت کی۔ اجلاس کے بعد میڈیا سے گفتگو میں مصطفیٰ نواز کھوکھر نے کہا کہ اپوزیشن اتحاد کی بیٹھک .... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

اجتماع عام سے قوم میں نئی امید و بیداری پیدا ہوگی، مولانا ہدایت الرحمن

بلوچستان کے ہر شہر، تحصیل اور بستی میں جماعت اسلامی کے کارکنان کی اخلاص اور استقامت کے ساتھ جدوجہد جاری ہے، صوبائی امیر

اجتماع عام محض ایک پروگرام نہیں، تحریکی اور انقلابی پیغام ہے جس کا مقصد قوم کو اسلامی نظام عدل، خودداری کا شعور دینا ہے، اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ کا خضدار کا تنظیمی دورہ یہ دورہ جماعت اسلامی بلوچستان کی تنظیمی سرگرمیوں اور آئندہ ہونے والے اجتماع عام لاہور 21، 22، 23 نومبر کی تیاریوں کے حوالے سے نہایت اہمیت تھا مولانا ہدایت الرحمان بلوچ کی جامعہ اسلامیہ تفہیم القرآن، نیو قادر آباد خضدار میں آمد ہوئی اس سے پہلے کارکنوں نے ان کا زیرو پوائنٹ پر تپاک استقبال کیا بعدازاں انہوں نے اجتماع ذمہ داران اجلاس میں شرکت کی اس اجلاس میں امیر ضلع عبید اللہ ساسولی نائب امراء علی .... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

ہنرمندوں کیلئے خوشخبری: عمان نے نئی ویزا پالیسی کا اعلان کردیا

غیر ملکی فنکاروں، محققین اور تخلیقی افراد کو 10 سال تک قیام کی اجازت دی جائیگی

مسقط (م ڈ) عمان نے ایک نئی ثقافتی ویزا کیٹیگری متعارف کروائی ہے جو غیر ملکی فنکاروں، محققین اور تخلیقی افراد کو ملک میں 10 سال تک قیام کی اجازت دے گی، جس سے عمان کے داخلہ پرمٹ اور ثقافتی پالیسی فریم ورک میں نمایاں توسیع ہوتی ہے۔ یہ ثقافتی ویزا عمان کی جانب سے بین الاقوامی ثقافتی تبادلے، تحقیقی تعاون اور فنی و علمی تجربات میں شرکت کو فروغ دینے کے مقصد سے متعارف کروایا گیا ہے۔ عمان پولیس کی جانب سے سوشل میڈیا پلیٹ .... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

اوتھل: پولیس برآمد کی گئی منشیات اور سمگلرز سے متعلق میڈیا کو بریفنگ دے رہی ہے

صحبت پور پولیس کی کارروائی، خاتون بازیاب

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) صحبت پور پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے مغوی خاتون کو بازیاب کرالیا پولیس کے مطابق گزشتہ روز صحبت پور پولیس نے خفیہ اطلاع ملنے پر کارروائی کرتے ہوئے مغوی خاتون مسماۃ شکیلہ بی بی کو بازیاب کرالیا جس کو چند روز قبل نامعلوم افراد نے اغواء کیا تھا مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔

حکومت نے ٹریڈ ڈسپیوٹ ریزولیشن کمیشن فعال بنا دیا، جام کمال

تنخواہ دار طبقہ سب سے زیادہ ٹیکس دینے والا ہے، حکومت نے ٹیکس کے دائرہ کار میں توسیع پر توجہ مرکوز کر رکھی ہے، بلال اظہر کیانی

رواں سال ٹیکس محصولات میں نمایاں اضافہ ہوا ہے، ہم سب کو ٹیکس دینا چاہئے، برآمدات بڑھانا ہمارا مقصد ہے، وزیر مملکت خزانہ

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے سینیٹ کو بتایا ہے کہ موجودہ حکومت نے تاجروں کے بیرون ملک مسائل کے حل کیلئے ٹریڈ ڈسپیوٹ ریزولیشن کمیشن کو فعال بنایا ہے۔ جمعہ کو وقفہ سوالات کے دوران سینیٹر ذیشان خانزادہ اور دنیش کمار کے سوالات کا جواب دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ٹریڈ ڈسپیوٹ ریزولیشن کمیشن میں آئین کے مطابق نمائندگی دی جاتی ہے، موجودہ حکومت نے اس ٹریڈ کمیشن کو فعال بنایا ہے، اس سے بیرون ملک تاجروں کے مسائل کے حل میں مدد ملے گی، اس کمیشن میں میرٹ اور شفاف طریقہ کار کے .... بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

راولپنڈی، سینیٹر فلک ناز کے ساتھ مالی فراڈ کرنے والے ملزمان گرفتار

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) راولپنڈی میں نیشنل سائبر کرائم انوسٹی گیشن ایجنسی نے ایک بڑی کارروائی کے دوران سینیٹر فلک ناز کے ساتھ مالی فراڈ میں ملوث 2 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ تفصیل کے مطابق ملزمان نے شوکت خانم اسپتال کے سی ای او کا جعلی روپ دھار کر فلک ناز کو فراڈ کا نشانہ بنایا

قیمتوں میں ممکنہ اضافے کی خبر: ڈیزل کی مصنوعی قلت پیدا کردی گئی

معاملے پر پیٹرولیم ڈیلرز ایسوسی ایشن نے اوگرا (OGRA) کو خط لکھ دیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) قیمتوں میں ممکنہ اضافے کی خبر کے بعد ملک میں ڈیزل (diesel) کی مصنوعی قلت پیدا کردی گئی ہے۔ معاملے پر پیٹرولیم ڈیلرز ایسوسی ایشن نے اوگرا (ogra) کو خط لکھ دیا۔ خط میں کہا گیا ہے کہ قیمتوں میں ممکنہ اضافے کی خبر کے بعد ڈیزل کی مصنوعی قلت پیدا کردی گئی ہے، تیل کمپنیوں نے ڈیزل کی فروخت کرنے کا کوٹہ مقرر کردیا ہے۔ کمپنیاں ڈیزل کے آرڈرز بار بار منسوخ کر رہی ہیں، تیل .... بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر

ڈیرہ مراد جمالی فائرنگ سے زخمی ہونے والا شخص ہسپتال میں دم توڑ گیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی کے قریب نامعلوم مسلح افراد کے حملے میں زخمی شخص دوران علاج دم توڑ گیا پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی کے قریب میر حسن روڈ پر گزشتہ شب نامعلوم مسلح افراد حملہ کر کے محمد انور ابڑو کو شدید زخمی کر کے فرار ہوگئے تھے جس کو مقامی ہسپتال منتقل کردیا گیا جہاں وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے انتقال کرگیا۔

جو کچھ رہ گیا ہے وہ 28 ویں ترمیم میں ہوگا، فیصل واوڈا

یہ میں بتاؤں گا نواز شریف کو کس طرح بے گناہ نااہل قرار دیا تھا

ان لوگوں نے جمہوری لوگوں کا جنازہ نکالا اب ہم ان کو جواب دیں گے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سینیٹر فیصل واوڈا نے کہا ہے کہ جو کچھ رہ گیا ہے وہ 28 ویں ترمیم میں ہوگا اور بہت کچھ ہوگا۔ ایک انٹرویو میں سینیٹر فیصل واوڈا نے کہا کہ یہ بھی بتاؤں گا کہ نواز شریف کو کس طرح بے گناہ نااہل قرار دیا تھا، عمران خان کو پہلے فون کر کے مشورے دیتے رہے پھر عدالتیں کھول کران کے خلاف ہوگیا، بانی کے خلاف گیم کرتا رہا اور وکٹ کے دونوں طرف کھیلتا رہا ایسے شخص کو چھوڑیں گے۔ انہوں نے کہا کہ جو شعر لکھا گیا ہے اس کا جواب دوں گا، آپ اپنی جلن برقرار رکھیں اور جمہوری لوگ اپنا جلوہ برقرار رکھیں گے۔ فیصل واوڈا نے کہا .... بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

رواں سال پاکستان میں 53 لاکھ سے زائد سائبر حملوں کا انکشاف

27 فیصد عام صارفین اور 24 فیصد کارپوریٹ ادارے متاثر ہوئے، رپورٹ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) رواں سال 2025 کے پہلے نو ماہ کے دوران پاکستان میں 53 لاکھ سے زائد آن ڈیوائس حملے ہونے کا انکشاف ہوا ہے۔ ان میں 27 فیصد عام صارفین اور 24 فیصد کارپوریٹ ادارے متاثر ہوئے، جنہیں انفیکٹڈ یو ایس بی ڈرائیوز، سی ڈیز، ڈی وی ڈیز اور خفیہ انسٹالرز کے ذریعے مال ویئر پہنچایا گیا ہے۔ کیسپر .... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

پاک امریکی تعلقات دنیا کیلئے بھی ناگزیر ہیں، رضوان سعید شیخ

عالمی سطح پر مقابلے کی بجائے تعاون کا فروغ بہتر مستقبل کا ضامن ہوگا، پاکستانی سفیر

واشنگٹن (م ڈ) امریکہ میں پاکستان کے سفیر رضوان سعید شیخ نے کہا ہے کہ پاک امریکا تعلقات نہ صرف دونوں ممالک بلکہ پوری دنیا کے لئے اہم اور نتیجہ خیز رہے ہیں، دونوں ممالک کے تعلقات کی معاشی جہت اولین ترجیح اور پیش نظر ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے امریکہ کے معروف تعلیمی ادارے بوسٹن یونیورسٹی کے فریڈرک ایس پردی اسکو .... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

صوبے میں این جی اوز کے ذریعے مغربی ایجنڈے کی تکمیل کی جا رہی ہے، مولانا عبدالواسع

حکومت شریعت مخالف قوانین بنانے کی بجائے صوبے میں امن و امان، گڈ گورننس اور بدترین مہنگائی پر توجہ دے، صوبائی امیر جمعیت

شادی سے متعلق بلوچستان اسمبلی سے بل کی منظوری قابل تشویش، اس کا پاس ہونا شرمناک جو شریعت کے خلاف ہے، سینیٹر

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے امیر اور سینیٹر مولانا عبدالواسع نے بلوچستان اسمبلی میں پیش کئے جانے والے منافی شریعت بل کی منظوری پر شدید تشویش اور غم و غصے کا اظہار کیا ہے انہوں نے کہا کہ اس بل کا پاس ہونا نہ صرف شرمناک ہے بلکہ قرآن و سنت اور ملک کی اسلامی اساس کے بھی کھلے تضاد میں ہے شادی سے متعلق اس بل کی دفعات صریحاً شریعت کے خلاف ہیں اور حکومت نے انتہائی غیر ذمہ داری کا مظاہرہ کرتے ہوئے حساس نوعیت کے اس معاملے پر غیر سنجیدگی اختیار کی ہوئی ہے مولانا عبدالواسع نے افسوس کا اظہا .... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

ملک میں تمباکو سے سالانہ 700 ارب روپے معاشی نقصان کا انکشاف

پاکستان انسٹیٹیوٹ آف ڈیولپمنٹ اکنامکس کا تمباکو کنٹرول کیلئے فوری اصلاحات کا مطالبہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ملک میں تمباکو سے سالانہ 700 ارب روپے معاشی نقصان کا انکشاف ہوا ہے، پاکستان انسٹیٹیوٹ آف ڈیولپمنٹ اکنامکس نے تمباکو کنٹرول کیلئے فوری اصلاحات کرنے کا مطالبہ کردیا ہے۔ پائیڈ کے مطابق .... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

آئی جی بلوچستان پولیس محمد طاہر خان لیویز سے ضم ہونیوالے رسالدار میجر محمد انور کو ڈی ایس پی کی اعزازی شیلڈ دے رہے ہیں

جمعیت کوئٹہ کی مجلس عاملہ کے اجلاس کی صدارت ضلعی امیر مولانا عبدالرحمن رفیق کر رہے ہیں

سینٹ نیشنل فوڈ سیکیورٹی بل پر حکومتی اتحادی آپس میں الجھ پڑے

سپریم کورٹ کے دو ججز کا استعفیٰ آیا، احتسابی عمل انکو خود کرنا چاہیے تھا، انوشہ رحمن

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سینیٹ اجلاس میں حکومتی اتحادی آپس میں الجھ پڑے۔ جمعہ کو سینیٹ اجلاس میں نیشنل فوڈ سیکیورٹی ترمیمی بل میں پیپلز پارٹی کی سینیٹر شیری رحمن نے سینیٹ میں اعتراض اٹھایا اور کہا کہ کمیٹی میں جو بل پیش کیا گیا تھا اس بل سے مختلف .... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

میثاق جمہوریت پر دستخط کرنیوالوں نے آئین کا جنازہ نکال دیا، جمعیت نظریاتی

آئین کو ردی کی ٹوکری میں پھینک دیا گیا ملک میں آئین کی بجائے طاقتور مسلط ہے، مولانا عبدالقادر لونی، مفتی شفیع الدین، مولانا محمود الحسن قاسمی

ملک میں آزاد و انصاف پر مبنی سوچ کو دفنانے کی کوشش ہو رہی ہے، آئین کی بالادستی میں ہی ملکی ترقی مضمر ہے، مولانا عبدالروف، عبدالستار شاہ چشتی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین جوائنٹ سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی مرکزی نائب امیر مولانا عبدالروف مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ نے کہا کہ میثاق جمہوریت پر دستخط کرنے والوں نے خود ہی میثاق جمہوریت کا جنازہ نکال دیا ہے آج بخوشی آئین میں ترامیم کرنے والے جماعتیں اقتدار سے محرومی کے بعد پھر ان ہی آئین کی بحالی کے نعرے لگاتے ہوئے قوم کو بیوقو .... بقیہ 70 صفحہ نمبر 7 پر

23 نومبر کا جلسہ مسائل و مشکلات میں کمی کا باعث بنے گا، عوامی نیشنل پارٹی

پشتون افغان وطن کو اس وقت جن چیلنجز کا سامنا ہے ان کے حل کیلئے ایسے اجتماعات نہایت اہمیت رکھتے ہیں، عبیداللہ عابد

شہداء کی بے مثال قربانیوں کی بدولت باچا خان کی صد سالہ فکر عدم تشدد کو آج بھی دوام حاصل ہے، یونٹوں کے زیر اہتمام ورکرز کنونشن سے خطاب

چمن (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے رہنماؤں نے شہداء وطن شہید خان جیلانی خان اچکزئی شہید اسدخان اچکزئی کی برسی کے موقع پر 23 نومبر کو چمن کلاک ہائی سکول گراؤنڈ میں منعقدہ جلسہ عام کو دور رس اثرات کا حامل قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ رواں حالات میں گھمبیر صورت حال میں عوامی نیشنل پارٹی کے زیر اہتمام جلسہ عام اور اس میں مرکزی صدر ایمل ولی خان کی شرکت مصائب و مشکلات میں کمی کا باعث بنے گا کارکن اور ذمہ داران بھرپور تیاریاں جاری رکھیں ان خیالات کا اظہار عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی ایڈیشنل سیکرٹری جنرل عبیداللہ .... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

اے این پی کا پارلیمنٹ کا ان کیمرا اجلاس بلانے کا مطالبہ

سینیٹ کے اگلے اجلاس میں دہشت گردی پر بحث کروائی جائے، ایمل ولی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) عوامی نیشنل پارٹی کے سربراہ ایمل ولی نے مطالبہ کیا ہے کہ پارلیمنٹ کا ان کیمرا اجلاس بلا کر دہشت گردی پر بات کی جائے۔ ایک بیان میں ایمل ولی خان نے کہا کہ سینیٹ کے اگلے اجلاس میں دہشت گردی پر بحث کروائی .... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

ججوں کا کام ٹکر بنوانا، کسی کو رسوا کرنا یا ڈانٹنا نہیں، پرویز رشید

دو ججز کہہ رہے ہیں کہ میں قتل، زمین پر قبضے کا مقدمہ نہیں سنوں گا، رہنما (ن) لیگ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) مسلم لیگ (ن) کے رہنما سینیٹر پرویز رشید نے کہا ہے کہ ججوں کا کام ٹکر بنوانا، کسی کو رسوا کرنا یا ڈانٹنا نہیں بلکہ انصاف دینا ہے۔ نجی ٹی .... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

مرکزی انجمن تاجران میں عمران ترین و دیگر کی شمولیت کے موقع پر تقریب سے اجمل بلوچ، ایوب مریانی عبدالرحیم کاکڑ، حضرت اچکزئی، میر یاسین مینگل و دیگر خطاب کر رہے ہیں